# SENATE OF PAKISTAN

## SENATE DEBATES

*Wednesday February 02, 2005*

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at fifty minutes past six in the evening with Mr. Chairman (Mr. Mohammedmian Soomro) in the Chair.

---------------------

*Recitation from the Holy Quran*

اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وانا ما انزلت سورة تظر بعضهم ما بعض الی بعض هل یزیکم من
احدثم انصرفو صرف الله قلوبهم بانهم قوم لا یفقهون- لقد جاء کم
رسول من انفسکم عزیز علیه ما عنتم حریص علیکم بالمنومنین
رؤف رحیم- فان تولوا فقل حسبی الله لا اله الا هو علیه توکلت
وهو رب العرش العظیم-

ترجمہ: اور جب کوئی سورت نازل ہوتی ہے تو ایک دوسرے کی طرف
دیکھنے لگتے ہیں اور پوچھتے ہیں کہ بھلا تمہیں کوئی دیکھتا ہے- پھر پھر جاتے
ہیں اللہ نے ان کے دلوں کو پھیر رکھا ہے کیونکہ یہ ایسے لوگ ہیں کہ سمجھ

سے کام نہیں لیتے۔ لوگو تمہارے پاس تمہی میں سے ایک پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم) آئے ہیں تمہاری تکلیف ان کو گراں معلوم ہوتی ہے اور تمہاری بھلائی کے بہت خواہشمند ہیں اور مومنوں پر نہایت شفقت کرنے والے اور مہربان ہیں۔ پھر اگر یہ لوگ پھر جائیں اور نہ مانیں تو کہہ دو کہ اللہ مجھے کفایت کرتا ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں اسی پر میرا بھروسہ ہے اور وہی عرش عظیم کا مالک ہے۔ (سورۃ التوبة)

## PANEL OF PRESIDING OFFICERS

جناب چیئرمین: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

I will announce the panel of Presiding Officers for the 19th session in pursuance of sub Rule 1 of Rule 14 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988. I nominate the following members, in order of precedence to form a Panel of Presiding Officers for the 19th session of the Senate of Pakistan.

1. Mr. Naeem Hussain Chatta.
2. Mr. Kamil Ali Agha.
3. Mr. Kamran Murtaza.

## APPOINTMENT OF THE LEADER OF THE OPPOSITION

Mr. Chairman: I will now read out a notification issued on January 11th regarding the appointment of the Leader of the Opposition. In pursuance of Rule 2 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate 1988, the Chairman Senate has recognized Senator Mian Raza Rabbani as Leader of the Opposition in the Senate with effect from 10th January, 2005.

(ڈیسک بجائے گئے)

Mr. Raza Rabbani! Congratulation. Can I talk for a minute on the Question Hour. The Ministers are here, there are some matters, are we going ahead with that?

**Senator Wasim Sajjad (Leader of the House):** Sir, I just wanted to request your honour to allow me to move a motion for suspension of the Question Hour because I think there are other matters which the honourable members wish to take up and therefore, if you permit sir I would like to move a motion that the Question Hour be dispensed with.

**Mr. Chairman:** The motion is put to the House.

(The motion was carried and the Question Hour was suspended).

**Mr. Chairman:** Mr. Wasim Sajjad on the appointment of Mian Raza Rabbani.

**Senator Wasim Sajjad:** Sir, there has been a very happy development in the last few days. Since the last session was held Mr. Raza Rabbani has been recognized as the Leader of the Opposition. On behalf of the Treasury Benches and my own behalf, I would like to extend my most sincere congratulations to Mr. Raza Rabbani for a position that he very richly deserves.

Sir, I have seen Mr. Raza Rabbani sitting in that chair when I was Chairman. I have had a long association with him. He has been the Minister of State for Law. He has been a leading member of the

Opposition. He has also been a leading member of the Government Party when the Peoples Party was in government. Throughout he has exhibited high qualities as a parliamentarian. He is a seasoned politician and I am sure that he will bring to this position all the experience and the traditions which we have learnt and known over the last so many years. He is a person of high integrity and high principles.

As I said I have seen as Mr. Chairman Senate, I have seen him as a colleague, I have quarrelled with him. We have debated. We have argued against each other. On many occasions he has walked out for misdemeanours that I did not commit but despite all that, I have the highest respect for his integrity, for his character, for his ability and for his acumen.

Sir in maintaining the traditions of this House, in running this House, in running this House according to rules, in maintaining the high parliamentary traditions, I would like to assure him, I myself and members on this side of the House will give him our fullest cooperation and I am sure that with his assuming this high position, this high parliamentary position of the Leader of the Opposition he will also uphold the traditions that he has alway stood far and he will enhance the prestige and the dignity of this House. Thank you very much sir.

**Mr. Chairman:** Thank you. Mr. Khalid Ranjha.

**Senator Dr. Khalid Ranjha:** I just want to support Mr. Wasim Sajjad on congratulating Mr. Rabbani on his appointment as Leader of

the Opposition sir. I am just referring to todays write up in the newspaper which referred to the Senate, its performance and then referred to three names responsible for this. One was the Chairman, Mr. Soomro, Mr. Wasim Sajjad and Mr. Raza Rabbani.

تین شخصیات ہیں جو اتنی اعتدال پسند ہیں، اتنی معتدل ہیں کہ انہوں نے اس ہاؤس کے وقار کو بلند کیا ہے

I was really pleased to read this write up and..

Mr. Chairman: I think this whole House has contributed. Everybody deserves that appreciation.

Senator Dr. Khalid Ranjha: I would join Mr. Wasim Sajjad in congratulating Mr. Raza Rabbani. I have seen him when he was a Minister of Law and I used to interact with him as President of High Court Bar Association. His conduct has been marvellous in all positions to him and specially, I have seen him performing the job of opposition. When he was not Leader of the Opposition, his conduct was remarkable. I think this is one of the best choices, you have made and I wish him best of luck and I am sure, he would conduct the whole House in the manner as you all expect. Thank you very much sir.

Mr. Chairman: Mr. Mushahid Hussain:

سینیٹر مشاہد حسین سید: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

I would like to join my colleagues in extending a very warm and very hearty congratulation to my good friend and comrade Senator Raza Rabbani on his elevation as Leader of the Opposition. This is a

well-deserved recognition of Senator Raza Rabbani's contribution as an experienced parliamentarian, as a certified democrat and as one who leads the largest parliamentary group in the Senate and I had pleasure and the honour of interacting with him politically and professionally. When I was Minister for Information, he was Chairman of the Committee on Information of the Senate and we had, despite the polarisation of that period, a model relationship because we stuck to our respective perspectives and we also respected each other's political views.

Mr. Chairman, I feel that in any democracy such as the one which is functioning currently in Pakistan, the role of the Opposition and the Leader of the Opposition is indeed pivotal and I think respect for the Leader of the Opposition in the past has been a major factor why democracy could not take roots in Pakistan. There are mandates of the Opposition, as well as mandates of the Government. Both need to be respected and in Pakistan we need to change the mind set which equates Opposition's dissent and difference of opinion with treason. The opposition has every right to criticize the Government. That is their mandate. The Government and the Treasury Benches have every right to pursue the mandate of the Government and both sides, if they respect their respective mandates, rules of the game will be established in Pakistan and the chariot of democracy will move forward with these two wheels, the Treasury benches and the Opposition. And I have absolutely no doubt that with Mr. Raza Rabbani as Leader of the Opposition, we will see a very smooth functioning of Senate which will raise the image and

prestige of Parliament which is what democracy is all about. Again I congratulate him and I would like to extend my whole hearted cooperation to him from our side in the collective work and common goal of strengthening Pakistan's democracy. Thank you.

Mr. Chairman: Mr. Kamil Ali Agha.

**سینیٹر کامل علی آغا**: جناب چیئرمین! شکریہ۔ میں رضا ربانی صاحب کی اس appointment پر اپنی دلی خوشی کا اظہار کرتا ہوں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ایک روشن خیال اور معتدل انسان کو بطور Opposition Leader appoint کیا گیا ہے اور میں نے ان کا جو رویہ دیکھا ہے، اس کے پیش نظر میں سمجھتا ہوں کہ ہماری کوشش ہے کہ یہ پارلیمنٹ چلے اور جمہوریت کا تسلسل قائم رہے، اس میں ہمارے اس بھائی کا اہم role ہے اور وہ یہ ادا کرے گا۔

**جناب چیئرمین**: پروفیسر خورشید صاحب۔

**سینیٹر پروفیسر خورشید احمد**: جناب چیئرمین! آپ کا بہت شکریہ کہ آپ نے مجھے بھی اس موقع پر اپنے خیالات کے اظہار کا موقع دیا۔ جیسے ہی ان کی نامزدگی کا اعلان ہوا ہے، میں ان پہلے افراد میں سے تھا جنہوں نے اپنے سینیٹر بھائی رضا ربانی صاحب کو مبارک باد پیش کی اور اپنے تعاون کا یقین دلایا اور آج میں اس معزز ایوان میں بھی اپنے ان خیالات کا اظہار کرنا چاہتا ہوں کہ شخصی طور پر رضا ربانی صاحب سے ہمارے بہت ہی قریبی تعلقات رہے ہیں اور میں نے ان کو اس وقت سے دیکھا ہے کہ جب یہ کراچی یونیورسٹی میں ایک طالب علم لیڈر تھے۔ پھر اس ایوان میں ہمارے ساتھ رہے اور پچھلے دو سال میں بھی چاہے کسی کو اپوزیشن لیڈر نہ بنایا گیا ہو لیکن اپوزیشن کی قیادت ایک دوسرے سے تعاون اور under standing کے ساتھ کام کر رہی تھی۔ یہ صحیح ہے کہ ایم ایم اے اور اے آر ڈی کا اس معاملے میں نقطہ نظر مختلف تھا لیکن ان کے تقرر کے بعد نہ صرف ہم نے اس کو خوش آمدید کہا بلکہ بڑھ کر کے ان کو ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی اور انہوں نے بھی اسی جذبے کے ساتھ ہمارے ساتھ معاملہ کیا، میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ اپوزیشن اپنی ذمہ داری رضا ربانی صاحب کی قیادت میں موثر انداز میں ادا کرے گی۔ ہم

اپوزیشن برائے اپوزیشن کے قائل نہیں ہیں لیکن ہم ہر اس چیز کو جو develop ہو گی اس کا احتساب کریں گے اور اگر کوئی چیز صحیح ہے تو ہم اس کی تائید کرنے میں بخل سے کام نہیں لیں گے۔ مجھے یہ بات کہنے کی اجازت دیجئے کہ میری نگاہ میں اس ایوان کے لیے کوئی فخر کی بات نہیں ہے کہ ارباب اقتدار کو لیڈر آف دی اپوزیشن کو recongnize کرنے میں دو سال لگ گئے اور ---

جناب چیئرمین: یہ تو چیئرمین کہتا ہے کہ میرا ہی قصور ہے اور کسی کا نہیں۔

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد: اس ایوان کی مدت تو تین سال ہے لیکن بڑا وقت ہے جو وہ نکل گیا ہے-----

جناب چیئرمین: لیکن اس کی وجہ ہے۔ اب دیکھیں کہ ماحول بھی کیسا ہے کہ ہر کوئی خوش ہے۔

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد: لیکن دیر آید درست آید، لیکن اس حقیقت کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا اس کے ساتھ ہی میں یہ بات بھی کہنا چاہتا ہوں کہ اپوزیشن نے انشاء اللہ ان تمام issues کے اوپر جو اس وقت قومی اہمیت کے حامل ہیں خواہ اس میں صدر کے دو عہدوں کا مسئلہ ہو، بلوچستان کا مسئلہ ہو، ناردرن ایریا کا مسئلہ ہو، مہنگائی کا مسئلہ ہو، بیرونی مداخلت کا مسئلہ ہو انشاء اللہ ہم ایک سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح اپنی ذمہ داری ادا کریں گے اور مجھے یقین ہے کہ اس ایوان کو اپوزیشن کی خدمات کی بناء پر جو رول ادا کرنا ہے پاکستان کے استحکام کے لیے اور پاکستان میں حقیقی جمہوریت کے قیام کے لیے اور دستور کی بالا دستی اور پارلیمنٹ کی sovereignty کو ثابت کرنے کے لیے وہ سب مل کر ادا کریں گے۔ ان الفاظ کے ساتھ میں ایک بار پھر رضا ربانی صاحب کو مبارکباد دیتا ہوں اور یقین دلاتا ہوں کہ انشاء اللہ ہم مل کر کے یہ کام کریں گے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: پروفیسر ساجد میر صاحب۔

سینیٹر ساجد میر: اس وقت فارسی کے دو جملے مجھے یاد آ رہے ہیں جو عملاً اردو کا حصہ بن چکے ہیں۔ ایک کا ذکر تو محترم پروفیسر خورشید صاحب نے کیا کہ دیر آید درست آید، اور دوسرا

یہ کہ ، حق بحق دار رسید ،مجھے یہ اعزاز حاصل ہے کہ میں نے گزشتہ سینیٹ میں بھی محترم جناب رضا ربانی صاحب کے ساتھ کام کیا ہے اور اس میں کوئی شبہ نہیں کہ وہ ایک seasoned parliamentarian بھی ہیں اور اپنی بات کو کہنے اور کرنے کا سلیقہ بھی رکھتے ہیں۔ انگریزی ہو یا اردو ہو ، سیاست کی بات ہو ،آئین کی ہو یا قانون کی ہو وہ اس پر ایک عبور رکھتے ہیں اور بڑے سلیقے سے اور بڑے اچھے طریقے سے اپنی بات کا اظہار کرتے ہیں ۔ مجھے امید ہے کہ بطور اپوزیشن لیڈر ان کی یہ صلاحیتیں سینیٹ کے ، پارلیمنٹ کے ، قوم کے کام آئیں گی اور انشاء اللہ ہم اس منزل پر اور آگے بڑھیں گے ۔ اس موقع پر یہ " حق بحق دار رسید " کا جو مسئلہ شروع ہوا ہے رضا ربانی صاحب سے شروع ہو کر میں سمجھتا ہوں کہ راجہ امین صاحب تک پہنچا ہے۔ ہم ان کی تقرری کا بھی خیر مقدم کرتے ہیں اور اگر یہ سلسلہ آگے چلے اور ملک بھر میں اس اصول کو سامنے رکھا جائے تو بہت سی خرابیاں دور ہو سکتی ہیں بہت سی شکر رنجیاں، بہت سی دوریاں، بہت سے بُعد آپس کے قرب کے اندر تبدیل ہو سکتے ہیں۔ بہت شکریہ، بڑی مہربانی ۔

جناب چیئرمین: مسٹر ایس ایم ظفر صاحب ۔

سینیٹر ایس۔ ایم ظفر : یوں تو جب بھی کوئی کسی عہدے پر فائز ہو تو یہ ایک وجہ ہوتی ہے مبارک دینے کی ، لیکن حضرت علی کرم اللہ وجہ کا ایک قول اس موقع پر بیان کرنا مناسب رہے گا کہ یہ کوئی خوش نصیبی اور مبارک کی بات نہیں کہ کوئی کسی عہدے پر فائز ہوتا ہے بلکہ اصل خوش نصیبی یہ ہے کہ جو شخص کسی عہدے پر فائز ہوتا ہے وہ اس کا حقدار بھی ہو کیونکہ جب ایسا ہوتا ہے تو پھر یہ اجتماعی فائدے کی بات ہوتی ہے۔یہ کسی ایک فرد کے فائدے کی بات نہیں ہوتی۔ میں سمجھتا ہوں کہ آج جو قائد حزب اختلاف کا عہدہ رضا ربانی صاحب کو دیا گیا ہے یہ اس بات کی مکمل تصدیق کرتا ہے اور میں ان کو اس لحاظ سے مبارک دیتا ہوں کہ ان کے اس عہدے پر آنے کی یہ مبارک صرف ان کی نہیں ہے بلکہ ہمیں اجتماعی طور پر مبارک حاصل ہوتی ہے کہ وہ اس عہدے کے صحیح حقدار تھے ۔میں آپ سے یہ عرض کروں گا کہ اگر اسی طریقے سے ہم میرٹ کو اہمیت دیتے چلے گئے تو یقینی طور پر قوم کی تقدیر بدل سکے گی ۔

جناب والا! مبارک کا جب یہ لمحہ ہوتا ہے تو اس موقع پر یہ بھی ضروری ہوتا ہے کہ ہم

ان توقعات کا بھی مختصراً ذکر کریں جو ہم ان سے رکھتے ہیں جو اس عہدے پر فائز ہوتے ہیں ۔ رضا ربانی صاحب کی شخصیت آپ کے سامنے ہے، ہمارے بہت سارے مقتدر مقررین نے پہلے ہی بیان کردی ہے میں اس کو دہرانا نہیں چاہوں گا ۔ لیکن میں یہ ضرور سمجھتا ہوں کہ دو ایسے رجحانات ہمارے ملک میں آج بھی پائے جاتے ہیں جن پر یقینی طور پر میں ان کے آج اس عہدے پر فائز ہونے کی صورت میں نشاندہی کرتے ہوئے ان سے توقعات رکھوں گا کہ وہ اس جانب بہت زیادہ توجہ دیں گے اور اپنے تجربے کی بناء پر جو ان کو حاصل ہے ہماری اور قوم کی مدد کریں گے۔

پہلی چیز جس کی اس وقت قوم کو ضرورت ہے وہ رواداری اور برداشت کی ہے ۔ رواداری اور برداشت کی جو کمی ہے اس پر ہم سب کو کام کرنا ہے اور یقینی طور پر حزب اختلاف کے قائد کو اس میں بہت بڑا کردار ادا کرنا ہوگا۔ اس ایوان میں بڑے حساس معاملے آئیں گے ۔ قوم ایسے وقت سے گزر رہی ہے جب کہ نازک اور حساس معاملے ہیں ۔ ہمارے درمیان اختلافات بھی ہوں گے ، باہمی اختلاف بلکہ شدید قسم کے بھی ہوں گے ، اس موقع پر برداشت اور باقاعدہ بحث کے دائرے میں رہتے ہوئے ادارے کو چلانا جہاں حزب اقتدار کا فرض ہوگا، ہمارے وسیم سجاد صاحب وہ فرض ادا کررہے ہیں ، وہاں ان کا بھی فرض ہوگا اور ہم ان سے توقع رکھتے ہیں کہ پہلے سے بھی زیادہ بہتر طریقے سے یہ معاملہ چل سکے گا۔

دوسرا مسئلہ جس کی پاکستان میں بڑی سخت ضرورت ہے وہ ہے قانون کی بالادستی۔ قانون کی بالادستی ہی ایک اصل چیز ہے جس پر ملک چلتا ہے اور یہ ادارہ جس میں اس وقت ملک کے جہاندیدہ لوگ موجود ہیں ، وفاق کی مکمل نمائندگی موجود ہے ، ایسے mature mind موجود ہیں جو رائے عامہ قائم کرسکتے ہیں، اگر ہم نے اس ایوان میں قانون کی بالادستی قائم کی اور قانون کی اہمیت کو اجاگر کیا تو یقینی طور پر یہ ایوان role model بن سکے گا اور پاکستان اس جانب چل سکے گا جس کی ہم توقع رکھتے ہیں۔ ان الفاظ کے ساتھ میں دل کی گہرائیوں سے اور ان تجربات کی بناء پر جو کچھ دنوں کے دوران مجھے یہاں نظر آئے ہیں جن میں رضا ربانی صاحب نے کردار ادا کیا ہے، ان کو مبارکباد دیتا ہوں۔ ایک لحاظ سے وہ اس Notification سے پہلے بھی قائد حزب اختلاف کا کام کر رہے تھے ، آج اس منصب پر آ جانے پر میں مزید مبارک دیتا ہوں ۔ بہت

شکریہ۔

جناب چیئرمین: سردار مہتاب احمد۔

سینیٹر سردار مہتاب احمد خان: جناب چیئرمین! میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آج رضا ربانی صاحب کی appointment as a Leader of the Opposition نہ صرف ذاتی طور پران کے لئے اور اپوزیشن کے لئے بلکہ اس ایوان کے لئے باعث عزت اور وقار ہے۔ سچی بات ہے کہ آج ہم سب اس بات پر خوش بھی ہیں اور ہمیں اپنی ذمہ داری کا احساس بھی بڑھ گیا ہے کہ رضا ربانی صاحب کی موجودگی میں اپوزیشن کا جو کردار ہے وہ یقیناً پہلے سے بھی بہتر ثابت ہوگا۔ میں جہاں رضا ربانی صاحب کی بات کروں گا وہاں پر یہ بات بھی ضرور کہوں گا کہ گزشتہ دو سالوں میں اپوزیشن نے اپنی بھرپور محنت کے ساتھ اپنی قومی ذمہ داریوں کو سامنے رکھتے ہوئے، قومی معاملات پر اپنی ایک ایسی رائے جو عوام کے اندر مقبول رائے تھی، اس کو project کیا۔ اس کے ساتھ رضا ربانی صاحب نے گزشتہ دوسالوں میں اس اپوزیشن میں ایک بڑا motivational role ادا کیا ہے۔ انہوں نے بہت شاندار کردار کا مظاہرہ کیا۔ انہوں نے نہایت دانشمندی سے، فہم و فراست سے اور اپنے مضبوط سیاسی موقف سے اپوزیشن کی جہاں راہنمائی کی وہاں اس ایوان کی بھی انہوں نے مختلف اوقات میں راہنمائی کی۔ ہمیں امید ہے کہ ان کی موجودگی سے جہاں اس ایوان کی عزت اور وقار میں اضافہ ہوگا وہاں میں سمجھتا ہوں کہ حکومتی پارٹی کی بھی ذمہ داری بڑھ گئی ہے کہ وہ ہمیں اپنے ساتھ لے کر چلنے میں اپنے دلوں کو وسیع کریں اور ان قومی معاملات پر کہ جن پر آج ساری قوم دکھی اور پریشان ہے، اس پر بات کرنے میں نہ صرف وہ ہمیں اپنے ساتھ لے کر چلیں بلکہ ان مسائل کے حل کرنے میں اپنا قومی کردار ادا کریں۔ مجھے اس بات کی خوشی ہے کہ میرے فاضل دوست مشاہد حسین صاحب نے جس بات کا ذکر کیا اس کو میں دہرانا چاہوں گا کہ ماضی میں واقعی ہم سے غلطیاں ہوئی ہیں کہ Opposition کے نہ صرف کردار بلکہ Opposition کا جو مقام اور مرتبہ ہے، اس میں کمی ہوتی گئی، اس کو recognize نہیں کیا گیا، اس کا عزت اور مقام نہیں رکھا گیا۔ جس کے نتیجے میں پچھلے چار پانچ سالوں میں ساری سیاسی تبدیلیاں آئیں، ہم سب اس کے قصوروار ہیں لیکن میں اس بات کی امید کرتا ہوں کہ ہم آج سے

اس بات کا آغاز کریں کہ جو ماضی میں ہوا' اس میں ہم اپنے آپ کو partisan سمجھ کر نہیں بلکہ اس ملک کے قومی معاملات میں اور اس ملک کے جو ایک مشکل ترین دور سے گزر رہے ہیں' اس سے نکلنے کے لئے ہمیں ایک اجتماعیت کا فیصلہ کرنا ہے۔ Partisan ہو کر نہیں بلکہ اکٹھے یکجان ہو کر ان میں اپنا کردار ادا کریں اور merit کی بنیاد پر' اصول کی بنیاد پر' آئین اور قانون کی بالا دستی کو سامنے رکھتے ہوئے' ذاتی مفادات کے لئے نہیں' کسی فرد واحد کے لئے نہیں اور اس ملک میں بدترین روایات کو قائم کرنے کے لئے نہیں بلکہ ان اعلیٰ روایات کو قائم کریں جن سے ہماری آنے والی نسلیں ہمیں یاد رکھیں۔ آج ہمارا ملک جو ہم سے توقع رکھتا ہے' ہم اس پر پورا اتریں اور اس ایوان کی عزت اور وقار میں اضافہ ہو۔ میں شکریہ ادا کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین: چوہدری محمد انور بھنڈر۔

سینیٹر چوہدری محمد انور بھنڈر، شکریہ جناب چیئرمین۔ یہ بات ہمارے لئے' سارے ایوان کے لئے باعث مسرت ہے کہ آج ہم قائد حزب اختلاف کے ساتھ اس ایوان میں موجود ہیں اور میں اس موقع پر جناب رضا ربانی کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ مجھے ان کے ساتھ 1994 سے کام کرنے کا موقع ملا جب وہ ان بنچوں پر بیٹھتے تھے اور ہم دوسری طرف ہوتے تھے' حزب مخالف ہوتے تھے' اس وقت بھی ایک دوسرے کے ساتھ نوک جھونک چلتی تھی لیکن جس محنت کے ساتھ جس رواداری کے ساتھ اور جس خلوص اور محبت کے ساتھ وہ اس House کو چلاتے تھے اس وقت بھی میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ انہی کا خاصہ تھا۔ یہ انہی کی وسیع القلبی تھی کہ ہم Opposition bench پر بیٹھے ہوئے--- جناب والا! میں آج برملا یہ کہوں گا کہ جب وہ Law Minister تھے تو ہمارے Private members bills بھی pass ہوتے تھے اور یہ کوئی معمولی بات نہیں ہے۔ جناب والا! اس سے ثابت ہوتا ہے کہ ان کو پارلیمانی روایات کا' ان کو Parliament کو چلانے کا سلیقہ آتا ہے۔ وہ پارلیمانی روایات میں believe کرتے ہیں اور ان کا ہمیشہ طرز عمل اور ان کا ہمیشہ نقطہ نظر یہی رہا ہے کہ یہاں روایات قائم ہوں اور جمہوری روایات قائم ہوں اور انہی کا فروغ ہو۔ جناب والا! میں صرف یہ عرض کروں کہ جہاں کچھ حقوق ہوتے ہیں' وہاں کچھ فرائض بھی ہوتے ہیں' میں سمجھتا ہوں کہ آج Leader of the Opposition

ہونے کے بعد ان کے فرائض میں اضافہ ہو گیا ہے۔ وہ یقیناً بطور سینیٹر بھی بطریق احسن چلاتے تھے لیکن آج ان کی ذمہ داریوں میں اضافہ ہوا ہے۔ آج یہ سارا ایوان اور سارا House نہ صرف سارا House بلکہ press اور تمام عوام کی نظریں ان پر اب بطور Leader of the Opposition کے پڑیں گی اور وہ دیکھیں گے۔ اس لئے مجھے قوی امید ہے کہ وہ اس سے کماحقہ عہدہ برا ہوں گے اور یہاں جمہوری روایات کا فروغ ہو گا۔ میں اس امید کے ساتھ' اس توقع کے ساتھ ان کو ایک مرتبہ پھر مبارکباد پیش کرتا ہوں اور مجھے یقین کامل ہے کہ یہاں جمہوری روایات کو ان کی موجودگی میں فروغ ہو گا اور انشاء اللہ ہم مل جل کے ان کے ساتھ کام کریں گے اور اس House کو بطریق احسن چلانے کی کوشش کریں گے۔ شکریہ جناب۔

جناب چیئرمین: خلیل الرحمٰن صاحب۔

سینیٹر خلیل الرحمٰن: میں نے کہا سب بول رہے ہیں تو میں بھی بول لوں۔

Mr. Chairman: We have just three or four then we will ask Mr. Raza Rabbani to respond.

تین اور اس کے بعد۔

سینیٹر خلیل الرحمٰن (ڈپٹی چیئرمین : شکریہ جناب چیئرمین صاحب۔ رضا صاحب! میں آپ کی تعریف کر رہا ہوں' سنیں۔ رضا صاحب کی اور میری دوستی ہے۔ وہ کافی عرصے تک میرے colleague بھی رہے ہیں' دوست بھی رہے ہیں اور پچھلے کچھ دنوں سے یہ بھنک اڑی ہوئی تھی کہ یہ بن رہے ہیں تو یہ میرے کمرے میں آیا کرتے تھے اور اکثر گنگناتے تھے "کون جیتا ہے تیری زلف کے سر ہونے تک" تو وہ زلف سر ہو گئی۔ جیسے پروفیسر صاحب نے کہا ہے کہ دیر آئے' درست آئے' وہ درست ہو گیا۔

The plum has fallen, a little too ripe but it has fallen. Sir, this time he has been a pillar of strength in this House. He is an enlightened democrat. You have got the message on that I hope and well, that what is, he has been fair, he has been cooperative, he has been accommodating and he has

fair, he has been cooperative, he has been accommodating and he has listened to reason and logic. I wish him every success in his job. I congratulate him again that he has got his well deserved job which was pending for him for a long time. Thank you very much.

جناب چیئرمین: مولانا گل نصیب۔

سینیٹر مولانا گل نصیب خان: محترم جناب رضا ربانی صاحب کو بحیثیت اپوزیشن لیڈر نامزد کرنے پر میں مبارکباد دیتا ہوں اور یہ امید رکھتا ہوں کہ جیسا کہ یہ ایک قادر کلام منجھے ہوئے پارلیمنٹیرین ہیں۔ ان کی علمی شخصیت اور اس ایوان میں ایک با وقار اپوزیشن کے کردار ادا کرنے کا جو ان کو تجربہ ہے وہ کردار یہ بھرپور انداز سے ادا کرتے رہیں گے۔ اس پر بھی مجھے خوشی ہے کہ اپوزیشن کے جذبات اور اپوزیشن کی خوشی یہ تو فطری ہے لیکن میاں رضا ربانی صاحب کے اپوزیشن لیڈر نامزد ہونے پر حکومتی بنچوں میں سب سے زیادہ خوشی پائی جاتی ہے۔ اس پر بھی مجھے خوشی ہے۔ اس وقت میں یہ بھی عرض کروں کہ متحدہ مجلس عمل والے میاں رضا ربانی صاحب کو مبارکباد دیتے ہیں، ان کے کردار کو اور ان کے آنے والے مستقبل کے بارے میں نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہیں، ایسا ہی اگر قومی اسمبلی میں بھی ہو جائے تو بہتر رہے گا۔ جزا کم اللہ۔

Mr. Chairman: Mr. Durrani.

اس کے بعد دو اور speakers ہیں۔ Then Raza sahib would like to wind up.

(اس موقع پر خواتین ممبران نے مطالبہ کیا کہ ہمیں بھی بولنے کا موقع دیا جائے)

سینیٹر محمد علی درانی: سب سے پہلے تو میں اپنے بھائی اور دوست جناب رضا ربانی صاحب کو Leader of the Opposition منتخب ہونے پر مبارکباد دوں گا۔ میں سمجھتا ہوں کہ سب لوگوں کی طرح میں بھی کہوں گا کہ وہ اس چیز کے مستحق تھے۔ ان سے بہتر شاید اس ذمہ داری کو نبھانا کسی اور کے لئے مشکل ہوتا۔ جب اس عہدے کے لئے ان کے تقرر کا اعلان ہوا تو میں ان کی خدمت میں حاضر ہوا اور میں نے انہیں مبارکباد بھی دی۔ میں نے انہیں یہ بھی کہا کہ

ایک اور مبارکباد بھی دوں گا کہ آپ کی تقرری کے بعد پارلیمنٹ ہر لحاظ سے مکمل ہو گئی کیونکہ Leaders of the Opposition بھی پارلیمنٹ کا ایک حصہ ہوتے ہیں۔ قومی اسمبلی اور باقی تمام ادارے اپنی جگہ پر موجود ہیں۔ یہ ایک gap تھا جو fill ہو گیا۔ اب ہمیں اس پارلیمنٹ کی تکمیل کو تسلیم کرتے ہوئے اس ملک کے اندر جمہوریت کے استحکام کے لئے آگے بڑھنا چاہیے۔ ایک اور بات جو میں محسوس کرتا ہوں وہ یہ ہے کہ وسیم سجاد صاحب اگر Leader of the House ہیں تو ان کے مقابلے کے لئے کم از کم شاید رضا ربانی صاحب کی ضرورت تھی تاکہ ایک balance جو ہے وہ ماشاء اللہ ہر لحاظ سے طاقت کے اعتبار سے بھی، knowledge کے اعتبار سے بھی اور performance کے اعتبار سے بھی بہت حد تک آپس میں برابر ہے۔ میں یہ بھی سمجھتا ہوں کہ رضا ربانی صاحب جو کہ Leader of the Opposition ہیں بلکہ Leader of the Opposition سے آگے بڑھتے ہوئے ایک leader کا role بھی ادا کرنا ہوگا۔ Leaders یقیناً روایات کو توڑنے والے ہوتے ہیں۔ Leaders جو ہوتے ہیں وہ جب روایات کو توڑتے ہیں تو اسی وقت ان کی leadership establish ہوتی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اپوزیشن کو اب مخالفت برائے مخالفت سے آگے بڑھتے ہوئے ایسے اقدام بھی اٹھانے پڑیں گے کہ جیسے روایت شکن اقدامات ہاؤس کے اِس طرف سے اٹھائے جاتے رہے ہیں کہ ہم صرف مخالفت کے لئے نہیں بلکہ ان issues پر جہاں پر کہ اس چیز کی ضرورت ہو کہ ہم سب اکٹھے مل کر چل سکیں، وہاں یہ ان روایات کو توڑنے کے بھی سبب بنیں۔ میں انہیں ضرور ایک اور مشورہ دوں گا کہ اچھا دوست اور اچھا بھائی وہ ہوتا ہے جو تعریف کے ساتھ ساتھ تھوڑی بہتری کے لئے بھی کچھ تجاویز دے، میں نے گزشتہ دو سال میں ان کا جو کردار اس ہاؤس میں دیکھا ہے اس کے تعریف کے پہلو تو بے پناہ ہیں لیکن ایک issue جس کی طرف میں ہلکی سی نشاندہی کرنا چاہوں گا وہ یہ ہے کہ میں نے انہیں کبھی کبھی زیادہ غصے میں آتے ہوئے دیکھا ہے، میں suggest کروں گا کہ اس حیثیت اور اس leadership کے role کے ساتھ شاید رضا ربانی صاحب کو اپنے غصے کو مزید زیادہ تدبر کے راستے پر، حکمت کے راستے پر، جمہوریت کے راستے پر اور برداشت کے راستے پر ڈال کر کچھ اچھی روایات قائم کرنا ہوں گی۔ ان تمام الفاظ کے ساتھ میں ایک دفعہ پھر اپوزیشن کو بھی مبارک باد دیتا ہوں کہ انہیں ایک ایسا لیڈر ملا ہے کہ جس کے بارے میں جناب کمانڈر صاحب نے بہت صحیح

کہا کہ وہ enlightened بھی ہیں اور moderate بھی ہیں۔ شکریہ۔

**جناب چیئرمین:** میرا خیال ہے بس چار اور ہیں اس کے بعد پھر مختصر رکھیں پھر رضا رَبانی صاحب خود بولیں گے۔ جی انیسہ زیب طاہر خیلی صاحبہ۔

**سینیٹر مولانا سمیع الحق:** جناب point of order -

**جناب چیئرمین:** نہیں جناب point of order پر بعد میں آ رہے ہیں، جب تقریریں ختم ہو جائیں پھر آپ point of order کر لیجیئے گا۔

**سینیٹر مولانا سمیع الحق:** میں صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ میں ان سارے افراد سے اتفاق کرتا ہوں، دلی مبارکباد دیتا ہوں لیکن میں خطرے کی بُو محسوس کر رہا ہوں، مجھے خدشہ ہے کہ ان سارے لوگوں نے بڑا منظم منصوبہ بنایا ہے کہ ہمارے قابل لیڈر کو اُس طرف لے جائیں۔ مجھے خطرہ ہے کہ وہ ان تعریفوں سے اس حد تک مجبور نہ ہو جائیں کہ کہیں وہ وسیم سجاد صاحب کی جگہ بیٹھ جائیں۔ خدارا! ہمارے لیڈر کو ہمارے ساتھ رہنے دیں اور اِن تقاریر کا سلسلہ اُس side سے روکیں۔

**جناب چیئرمین:** بالکل دو اور آ رہے ہیں اور اس کے بعد رضا صاحب خود جواب دیں گے۔ انیسہ زیب طاہر خیلی صاحبہ۔

(مداخلت)

**سینیٹر ثناء اللہ بلوچ:** Parliamentary لیڈران کو بھی موقع دیا جائے یہ تو-----

**جناب چیئرمین:** نہیں، نہیں ایسی کوئی بات نہیں ہے، بلوچ صاحب تشریف رکھیئے۔ Parliamentary Leaders کو سن رہے ہیں۔ انیسہ زیب صاحبہ کو سن لیں پھر آپ جواب دے دیں۔

(مداخلت)

**سینیٹر محمد علی درانی:** جناب چیئرمین! حکومت اگر اپوزیشن کی تعریف کرے تو یہ ایک اچھی جمہوری روایت ہے، اس پر question کرنا ٹھیک نہیں ہے۔

**جناب چیئرمین:** جی انیسہ زیب طاہر خیلی صاحبہ آپ بولیں۔

سینیٹر انیسہ زیب طاہر خیلی (وزیر مملکت برائے اطلاعات) : Thank you very much Mr. Chairman میرا خیال ہے کہ ہم تو اس خوشی کے موقع پر اپنے جذبات کا اظہار کر رہے ہیں اور اس کو positively لینا چاہیے۔ یقیناً Parliamentary Leaders کو موقع دینا چاہیے اس میں کوئی شک نہیں لیکن رضا صاحب خود بھی اٹھے ہیں شاید انہیں کچھ جلدی ہے۔ ہماری طرف سے مختصر ترین الفاظ میں کیونکہ ان کی شخصیت کے متعلق کافی comments آ چکے ہیں۔ میں نے سینیٹ کے اس تمام عرصے میں میاں رضا ربانی کو ایک ایسی شخصیت کے طور پر جانا ہے who has been very vocal اور principle کے ساتھ ' political acumen کے ساتھ ہمیشہ as a parliamentarian role ادا کرتے رہے ہیں ' no doubt that he is a veteran politician اور leaders بھی اپوزیشن میں اس پائے کے ہیں جو کہ یقیناً Leader of the Opposition ہو سکتے ہیں' جیسے ہم ہمیشہ پروفیسر خورشید صاحب کو بھی دیکھتے ہیں۔ یہی دو شخصیات سامنے نظر آتی تھیں کہ اللہ بخشے مولانا شاہ احمد نورانی صاحب کے بعد اگر Leader of the Opposition appoint ہوا تو اس میں میاں رضا ربانی صاحب اور پروفیسر خورشید صاحب clear cut نظر آتے تھے۔ اللہ بخشے مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی کے بعد' اس مقام پر میاں رضا ربانی صاحب کو آپ نے recognize کیا which is I think, an achievement on his part جس کے لیے ہم سب اور خاص طور پر میں اپنی پارٹی کی طرف سے انہیں دلی مبارکباد پیش کرتی ہوں۔

جناب چیئرمین۔ بابر خان غوری۔

سینیٹر بابر خان غوری (وفاقی وزیر برائے بندر گاہیں و جہاز رانی) : جناب والا! بعض حلقوں میں شاید یہ تاثر ہو کہ متحدہ قومی موومنٹ ناراض ہے' جناب والا! ہمارے سیاسی اختلافات بالکل اپنی جگہ ہوں گے لیکن مجھے خوشی ہوئی ہے اور صبر کا پھل میٹھا ہوتا ہے اسی صبر میں ایک میٹھا آدمی ہمیں ملا۔ ہمارے گل نصیب صاحب نے کہا کہ حکومت کی طرف بڑی خوشیاں ہوئیں' ایسی کوئی بات نہیں ۔ اس کو کسی deal کا نتیجہ نہ سمجھا جائے ۔ بہرحال میاں رضا ربانی صاحب ہمارے اچھے دوست ہیں اور مجھے امید ہے کہ کوئی خطرہ نہیں ہے جہاں خطرہ تھا وہ

پہلے ہو چکا۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ ہم سب ان کو welcome کرتے ہیں اور ہمارے اختلافات کے باوجود ہر لحاظ سے ہمیشہ وہ ہمیں مسکراتے ہوئے ملے ۔ ہمارے ایک ساتھی نے کہا غصہ نہ کریں لیکن یہ غصے میں مجھے اور زیادہ اچھے لگتے ہیں۔ بہرحال متحدہ قومی موومنٹ کی طرف سے بہت بہت مبارک ہو۔

Mr. Chairman: Raza Sahib! there seems to be a lot of desire from different groups to welcome you

اب آپ بتائیں میں کیا کروں۔

سینیٹر میاں رضا ربانی (قائد حزب اختلاف)، جناب والا! میں عرض کروں کہ مجھے دوستوں اور بہنوں کے جذبات کا نہایت ہی احترام ہے اور میں تہ دل سے ان کے ان جذبات کی قدر کرتا ہوں اور یقیناً جن الفاظ سے آج مجھے بھائیوں اور بہنوں نے یاد کیا ہے وہ میرے لیے زندگی کا ایک سرمایہ ہے لیکن میں تھوڑی سی جلدی اس لیے کر رہا ہوں کہ میں سمجھتا ہوں کہ میری تقرری ایک ایسے مشکل وقت پر ہوئی ہے جب وفاق کو بہت سارے اہم مسائل لاحق ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان کی تاریخ میں شاید وفاق پر کبھی اتنا دباؤ نہ ہوگا جتنا آج ہے اور اس لیے آج کا اہم ترین مسئلہ بلوچستان کا ہے اور ہماری یہ خواہش ہے کہ آج اور اگلے دو یا تین دن سینیٹ بلوچستان کے مسئلے پر debate کرے کیونکہ وہ ایک سیاسی مسئلہ ہے اور سیاسی مسئلے کا حل صرف سیاست کے ذریعے ، dialogue کے ذریعے ، گفت و شنید کے ذریعے ہو سکتا ہے اور اس کا حل کسی army operation یا کسی دباؤ کے ذریعے نہیں ہو سکتا۔

اگر ہم پاکستان کی تاریخ یا تیسری دنیا کی تاریخ یا صوبہ بلوچستان کی اپنی تاریخ اٹھا کر دیکھ لیں تو ہمیں یہ بات ملے گی کہ جہاں پر طاقت کا استعمال ہوا وہاں مطلوبہ نتائج برآمد نہیں ہوئے بلکہ اس کا ایک بڑا خطرناک backlash سامنے آتا ہے لہذا ہمیں political sagacity کو مدنظر رکھتے ہوئے بلوچستان میں dialogue کو آگے بڑھانا ہے ۔

آپ نے یہاں جو موقع فراہم کیا ہے اس پر میں ایک بار پھر اپوزیشن اور treasury benches کی طرف سے جن ساتھیوں نے اپنے خیالات کا اظہار کیا ان کا نہایت شکرگزار ہوں ۔

جناب چیئرمین! میں آپ کا بھی شکرگزار ہوں کہ گو دو سال کی تاخیر کے بعد ہی سہی، لیکن آپ نے recognize کیا اور آپ نے قواعد و ضوابط اور جو آئین کے تقاضے تھے ان کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ فیصلہ کیا کہ اکثریت کس کے ساتھ ہے۔

میں یہاں پر محترمہ بےنظیر بھٹو صاحبہ کا بھی شکرگزار ہوں کہ انہوں نے مجھے اس منصب کے لیے nominate کیا اور ساتھ ساتھ میں Democratic Alliance کی تمام پارٹیوں کا اور ان کے قائدین کا، جن کے ساتھ فون پر بھی میں نے گفتگو کی اور ان کا شکرگزار ہوا۔ ان کا بھی شکرگزار ہوں کہ انہوں نے مجھے support کیا اور آج ان کی support کی وجہ سے، ان کی مشترکہ جدوجہد کی وجہ سے، ان کی کاوشوں کی وجہ سے، میں اس جگہ پر کھڑا ہونے کے قابل ہوا ہوں۔ میں یہاں پر اپنے بزرگ پروفیسر خورشید صاحب کا بالخصوص اور MMA کا بھی نہایت شکرگزار ہوں کہ انہوں نے نہایت کھلے دل کے ساتھ مجھے قبول کیا۔ پروفیسر صاحب کی اپنی ایک standing سینیٹ کے اندر ہے اور میں یہ فخر محسوس کرتا ہوں کہ جو الفاظ پروفیسر صاحب نے آج میرے لیے کہے، میں سمجھتا ہوں کہ یہ میرے لیے ایک اعزاز ہے کہ ان جیسی قابل شخصیت میرے بارے میں یہ خیالات رکھتی۔

جناب چیئرمین! میں اس موقع پر Opposition کے تمام ارکان اور بالخصوص MMA کو اس بات کی یقین دہانی کرانا چاہتا ہوں کہ میری یہ حتی الامکان کوشش ہوگی کہ ان تمام issues پر جن پر ہم اکٹھے ہیں، ان تمام issues پر متحدہ Opposition اپنا آئینی کردار اور پارلیمانی کردار Senate of Pakistan میں ادا کرے۔ متحدہ Opposition کی 17 ویں آئینی ترمیم پر بڑی واضح position ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ 17 ویں آئینی ترمیم آئین پر اور پارلیمان پر مختلف قدغنیں لگاتی ہے اور ہماری جدوجہد اس کے خلاف تھی، آج بھی ہے اور اس وقت تک جاری رہے گی جب تک ہم 17 ویں آئینی ترمیم کو ختم نہیں کر پائیں گے۔

ہم نے پہلے دن سے ایک position اختیار کی کہ دو عہدے ایک شخص کے پاس نہیں ہو سکتے۔ یہ ماورائے آئین اقدام ہے۔ ہماری آج بھی یہی position ہے اور ہم کل بھی اسی position کو لے کر آگے چلتے رہیں گے جب تک ہماری جدوجہد کامیابی سے ہمکنار نہیں ہوتی۔

جناب چیئرمین! مجھے اس بات کا احساس ہے کہ آج جو میری تقرری ہوئی ہے، میں ایک

نہایت مشکل وقت میں as Leader of the Opposition, Senate میں آیا ہوں اور اس مشکل وقت میں جہاں ملک کو مختلف حالات درپیش ہیں وہاں یہ بھی ایک صورتحال ہے کہ موجودہ پارلیمان disfunctional ہوئی ہوئی ہے۔ موجودہ پارلیمان کو confidence میں نہیں لیا جاتا۔ چاہے وہ وانا کا issue ہو، چاہے وہ بلوچستان کا issue ہو، چاہے وہ nuclear proliferation کا issue ہو، چاہے وہ کشمیر کا issue ہو، اس پارلیمان کو by pass کیا جاتا ہے۔ مجھے اس بات کا بھی احساس ہے کہ یہ ایک ایسی پارلیمان ہے جو تاریخ میں غالباً، پہلی ایسی ایک پارلیمان ہے جس نے اپنی powers پر قدغنیں لگائی ہیں لیکن میری یہ کوشش ہوگی کہ ہم تمام دوست چاہے وہ Opposition میں ہوں، چاہے وہ Treasury Benches پر بیٹھے ہوئے ہوں، ہم تمام دوست مل کر اس House کے اور اس آئین کے وقار کے لیے جدوجہد کریں کیونکہ اگر ملک میں آئین اور قانون کی حکمرانی نہیں ہوگی، اگر ملک میں پارلیمان کی بالادستی نہیں ہوگی تو میں سمجھتا ہوں کہ جو گہرے بادل اس وقت وفاق پاکستان پر منڈلا رہے ہیں وہ مزید گہرے ہوں گے اور پھر اس کا کیا نتیجہ نکلے گا وہ شاید تاریخ ہی لکھے۔

میں آخر میں جناب چیئرمین! یہاں پر یہ کہنا چاہوں گا کہ آج میں یہ سمجھتا ہوں کہ جو Crisis of confidence ہے۔ crisis of confidence وہ دراصل crisis of the State ہے چاہے وہ مسئلہ آئینی ہو، چاہے وہ مسئلہ وفاق کا ہو، چاہے وہ مسئلہ provincial autonomy کا ہو، چاہے وہ مسئلہ economics کا ہو۔ یہاں پر confidence کا crisis ہے، جس کی وجہ سے state institutions صحیح طور پر، صحیح معنی میں function نہیں کرتے۔

آخر میں، میں بالخصوص آپ کے توسط سے Leader of the House کا نہایت شکرگزار ہوں کہ انہوں نے جو الفاظ میرے لیے کہے اور میں ان کو اس بات کا بھی یقین نہ صرف اپنی طرف سے بلکہ متحدہ Opposition کی طرف سے دلانا چاہتا ہوں کہ جہاں تک آئین کا تعلق ہے، جہاں تک House کے Rules and Procedures کا تعلق ہے اور جہاں تک House کے decorum کا تعلق ہے، ہمارا تعاون ہوگا اور ہم چاہیں گے کہ ہم اس بات کو اکٹھے لے کر چلیں تاکہ House کے issues اندر identify ہوں اور ان پر سیرحاصل نہ صرف بحث ہو بلکہ ان کے حل یہ House نکال سکے کیونکہ میں سمجھتا ہوں کہ Senate of Pakistan پر ایک concrete

آئینی ذمہ داری ہے اور ایک تاریخی ذمہ داری ہے جسے اس کو پورا کرنا ہے اور جس سے اسے عہدہ برآ ہونا ہے۔ میں آخر میں ایک بار پھر آپ کا اور تمام House کا نہایت شکرگزار ہوں۔

## FATEHA

Mr. Chairman: Thank you. Condolence

کے messages تھے۔ آغا صاحب کچھ آپ کے تھے اور کچھ سعدیہ عباسی صاحبہ کے تھے۔

**سینیٹر کامل علی آغا:** جناب چیئرمین! میں چوہدری پرویز الٰہی صاحب کے والد صاحب چوہدری منظور الٰہی صاحب کی وفات پر میں چاہوں گا کہ اس House میں فاتحہ خوانی کی جائی۔

**جناب چیئرمین:** کیونکہ اور بھی ہیں۔ سارے نام پہلے لے لیں پھر ہم فاتحہ خوانی کرتے ہیں۔ سعدیہ عباسی صاحبہ آپ کا بھی کوئی تھا۔

**سینیٹر الیاس احمد بلور:** میں ایک درخواست کروں گا کہ چوہدری صاحب کے لیے ضرور دعا پڑھی جائے اور اعجاز شفیع صاحب ایک ہمارے پرانے parliamentarian بھی تھے اور business community کے کافی معتبر آدمی تھے ان کے لیے بھی فاتحہ پڑھی جائے۔

**جناب چیئرمین:** اسمٰعیل بلیدی صاحب کے والد کے لیے بھی۔رحیم صاحب کے لیے۔

**سینیٹر وسیم سجاد:** مصطفٰی جتوئی صاحب کے بھائی کے لیے بھی۔

**جناب چیئرمین:** جتوئی صاحب کے لیے۔ سینیٹر ڈاکٹر عبدالحئی صاحب کی والدہ کے لیے۔

**سینیٹر وسیم سجاد:** حفیظ شیخ صاحب کی والدہ کا انتقال ہوا ہے، ان کے لیے بھی۔

**جناب چیئرمین:** جی حفیظ شیخ صاحب کی والدہ کے لیے۔ ڈاکٹر جمال صاحب کی والدہ کے لیے۔ حمید اللہ صاحب آپ کا کوئی نام تھا۔

**سینیٹر ڈاکٹر کوثر فردوس:** فوزیہ فخرالزمان صاحبہ کے والد صاحب بھی ابھی تھوڑی دیر پہلے message آیا ہے کہ وہ بھی فوت ہوگئے ہیں۔

جناب چیئرمین: فوزیہ فخرالزمان صاحبہ کے والد کے لیے بھی دعا کی جائے۔ جی مولانا گل نصیب صاحب دعا کیجیے۔

(اس موقع پر ان تمام لوگوں کے فاتحہ خوانی کی گئی)

Mr. Chairman: Then we have some points of order. First point of order is by Prof. Khurshid Ahmed. Swati sahib after Prof. Khurshid sahib I will come back to you then.

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ میں آپ کے توسط سے سینیٹ، قومی اسمبلی اور پورے ملک کی توجہ جس مسئلے کی طرف دلانا چاہتا ہوں وہ 31 دسمبر 2004ء کو دستور کے تقاضوں کو پورا کرتے ہوئے اور جو national covenant, ایک social contract اپوزیشن خصوصاً MMA اور حکومت کے درمیان ہوا تھا اور جس کا عہد جنرل پرویز صاحب نے ٹی وی پر آکر پوری قوم اور پوری دنیا سے کیا تھا اس کو جس طرح violate کیا گیا ہے اور فوج کی مداخلت جس کے بارے میں طے ہوگیا تھا کہ اس کا باب 31 دسمبر کو بند کر دیا جائے گا، اسے قطعاً غیر قانونی، غیر سیاسی، غیر اخلاقی انداز سے جاری رکھنے کی کوشش کی گئی ہے، جس میں حقیقت یہ ہے اور میں یہ صاف الفاظ میں کہنا چاہتا ہوں کہ نہ صرف جنرل پرویز مشرف کی credibility، ان کی بات کا وزن، اس کا اعتبار ختم ہوگیا ہے بلکہ جو contract تھا وہ بدعہدی کی بنیاد پر ٹوٹ گیا ہے۔ جس طرح کسی contract میں اگر اس کی quid pro quo کو پورا نہ کیا جائے تو invalid ہو جاتا ہے اس کی legitimacy ختم ہو جاتی ہے۔ میں صاف کہنا چاہتا ہوں کہ اس کی legitimacy جو انہیں constitutional deviation اور ایک transitional صورت حال کی بنیاد پر دینے کی کوشش کی گئی تھی اسے انہوں نے پارہ پارہ کر دیا ہے۔ آج وہ de facto تو ٹھیک ہے وہ قابض صدر ہیں لیکن *de jure* ان کی پوزیشن اب باقی نہیں رہی۔ دونوں عہدے illegitimate ہیں اور 17th amendment بھی اس بدعہدی کی بنیاد پر اپنی legitimacy کھو چکی ہے۔ اس نے ملک کو ایک شدید crisis میں مبتلا کر دیا ہے۔ ہم اب بھی یہ چاہتے ہیں کہ constitution may prevail ہم اس کے لئے پارلیمنٹ میں اور پارلیمنٹ کے باہر

تمام جمہوری اور قانونی ذرائع سے جدوجہد کریں گے اور جب تک ہم ملک کے دستور کی مکمل بحالی، ملک کی civil life کو فوج کی hegemony سے آزاد کرانے میں کامیاب نہیں ہوتے ہم اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔ میں یہ صاف کہنا چاہتا ہوں کہ فوج ایک نہایت اہم ادارہ ہے۔ دفاع پاکستان کے لئے ہم چاہتے ہیں کہ وہ exclusively اس کام کے لئے مخصوص ہو لیکن وہ لوگ جو فوج کو سیاست میں لا رہے ہیں، وہ جو فوج کے ذریعے سیاسی مسائل کو خراب کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، وہ دراصل اس ملک کے ساتھ کوئی خیر نہیں کر رہے۔ وہ فوج کے ساتھ خیر نہیں کر رہے ہیں بلکہ میں ساتھ یہ بھی کہنا چاہتا ہوں کہ جس طرف ہم بڑھ رہے ہیں وہ فوج اور اس ملک کی قوم کے درمیان تصادم کی کیفیت پیدا کرنے کی کیفیت ہے۔ اس میں سرفہرست دو عہدے رکھنا اور جو کچھ آج بلوچستان میں کیا جا رہا ہے، جو کچھ کیا جا رہا ہے وانا میں، جس کے اشارے اور مقامات سے بھی مل رہے ہیں یہ بڑے خطرناک معاملے ہیں یہ بڑا خطرناک معاملہ ہے۔ جناب چیئرمین! میں اس point of order کے ذریعے سے اس بات کو ریکارڈ پر لانا چاہتا ہوں کہ اپوزیشن اس صورت حال کو ہرگز قبول نہیں کرے گی اور ہم اپنی سیاسی جدوجہد جاری رکھیں گے پارلیمنٹ کے اندر بھی اور پارلیمنٹ کے باہر بھی۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: جناب اعظم سواتی۔

**Senator Muhammad Azam Khan Sawati:** Thank you, Mr. Chairman. The pressing issue tonight facing this honourable House is no doubt about Balochistan. My heart is bleeding. The situation that my countrymen are facing without undermining the significance of this particular issue. Let me share with this great House that in my life all of us have seen the great destruction at the hand of tidal waves what we call Tsunami in 12 Africans and Asian countries. Amid all the destructions Mr. Chairman! I have seen, witnessed and I acknowledge great sacrifices have been made by Pakistanis throughout the world. Especially in the United

States I handed over 20 thousand dollars to Mr. G.R. Baloch, the Consul General of Eastern for Indonesian victims, whereas the Pakistani community, the local community raised along with our counterpart Indian community, 35 thousand dollars for Indian victims. I think this is the first time in my life that I have seen the action on the part of the Government of Pakistan and the people of Pakistan, and the NGO's of Pakistan such a remarkable action. This is the reason that I stood up and sir, I want to recognize the action which has been acknowledged throughout the world that Pakistan for the first time has emerged as a donor country and recognized internationally. Mr. Chairman! let me also emphasize the happening in Bolochistan is very severe. We should reach out to all the segments of the society, along with our leaders and the representative, especialy representing this great House coming from Balochistan. Many times sir, I have said that we all have to swim or sink together because our salvation, the salvation of Pakistan, specially saving this federation is in the unity.

Let us move forward, solve their grievances, address their issues in a way that they should be the parts of this great federation. Let me also add without taking much of my brothers and sisters' time that I am heading a delegation from United States and we are in Karachi, celebrating the EXPO Pakistan-2005.

Mr. Chairman, let me remind this great House that today not only that delegation but many delegations have come to this great country are in chaotic situation and I am hoping that by the dawn of tomorrow that

chaotic situation is going to be resolved. The military has taken over where the people have come in and want to invest their money, their hard earned money back in our country but they have not been even allowed to go and enter in their own booths where they have paid handsome amount of money.

I hope that bringing this issue in this honourable House, with the dawn of tomorrow, the situation will get better because I want to see my great country, the perception of this great country to be in positive. Thank you very much.

Mr. Chairman: Senator Akram Wali Mohammad. You want to speak on Point of Order you have mentioned on the prices.

سینیٹر محمد اکرم ولی : جناب چیئرمین! میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ آپ نے مجھے موقع دیا۔ میں آپ کی اور اس ہاؤس کی توجہ چاہتا ہوں کہ ایک دفعہ پھر آج کے اخبار میں announce کیا گیا ہے کہ گاڑیوں کی قیمتیں ایک دفعہ پھر بڑھائی گئی ہیں اور ٹھیک ٹھاک بڑھائی گئی ہیں۔ میں اس پر کچھ کہنا چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین! Standing Committee نے اس مسئلہ پر گاڑیوں کی بڑھتی ہوئی قیمتوں اور premium کی رقموں پر بے شمار meetings call کیں' اس پر ہم نے بہت protest کیا' بے شمار موقعوں پر ہم نے assemblers کے ساتھ meetings کیں اور ان کی باتوں کو سنا۔ افسوس اس بات کا ہے کہ ان تمام meetings کے باوجود' ان تمام understandings کے باوجود جو انہوں نے ہمیں دیں اور جو assurances Ministry نے اور جو assurances assemblers نے اس کمیٹی کو دی تھیں کہ گاڑیوں کی قیمتیں مستحکم رہیں گی اور وہ اس پر نظرثانی کریں گے اور وہ گاڑیوں کی delivery کو expedite کرنے میں ہمارے ساتھ تعاون کریں گے۔ آج ایک دفعہ پھر انہوں نے گاڑیوں کی قیمتیں بڑھا کر یہ ثابت کر دیا ہے کہ وہ جو

چاہیں اس ملک میں کرلیں۔

جناب چیئرمین! میں اس چیز کا بالکل قائل نہیں ہوں کہ ایک نجی ادارے کے معاملات میں ہم interfere کریں یا ہماری حکومت اس میں interfere کرے لیکن میں یہ ضرور سمجھتا ہوں کہ جہاں irregular activities ہوں، جہاں غیر قانونی طور پر لوگوں کے ساتھ لوٹ کھسوٹ کا بازار گرم ہو وہاں ہماری حکومت کی کیا مجبوری ہے یا وہ کونسی قوتیں ہیں جو اس میں بالکل بے بس نظر آ رہی ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ ان Standing Committees میں جہاں پر یہ چیزیں discuss ہوتی ہیں وہاں کسی قسم کا کوئی تعاون حاصل نہیں ہے اور بالکل----

**جناب چیئرمین**: Point of Order کے بارے میں طے ہوا تھا کہ دونوں طرف سے ہوں گے۔ سو جو agree ہوا تھا اسی پر میں چل رہا ہوں۔

**سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی**: بات یہ ہے کہ آپ ایک issue کو پہلے ختم کریں پھر بے شک دوسرا issue اٹھالیں۔

**جناب چیئرمین**: کونسا issue ختم کریں دیکھیں Points of Order کوئی issue نہیں، آپ نے بھی کہا تھا کہ یہاں سے ہوگا ادھر سے بھی کہا تھا تو میں نے یہی کہا تھا اس وقت۔ یا تو پھر نہ کریں۔

**سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی**: نہیں، ایک ختم ہو جاتا تو اس کے بعد پھر دوسرا----

**جناب چیئرمین**: کونسا issue ہے؟ Point of Order میں ایسے ہی ہوگا۔

**سینیٹر محمد اکرم ولی**: جناب! مجھے پہلے ختم کر لینے دیں۔

**جناب چیئرمین**: ختم کر لینے دیں انہیں۔

**سینیٹر محمد اکرم ولی**: جناب چیئرمین! اس Standing Committee کی تمام meetings میرے حساب سے بالکل useless رہی ہیں۔ اس کے پیچھے میں سمجھتا ہوں ایسی قوتیں ہیں جو ہمارے کام کو مکمل طور پر انجام دینے کے بیچ میں حائل ہیں۔ آپ سے چیئرمین صاحب! گزارش یہ ہے کہ ان بڑھتی ہوئی قیمتوں کو روکنے کے لئے اقدامات کئے جائیں اور جو گاڑیوں کی delivery کا چھ چھ مہینے waiting period ہے، جو عام آدمی کو پریشانی کر رہا ہے،

پریشانی ہے اور ہر آدمی اس کے بارے میں شکایت کر رہا ہے۔ میری آپ سے گزارش ہے کہ اس پر آپ کوئی ruling دیں کہ اس وقت تک جب تک کہ متعلقہ Standing Committee اور گورنمنٹ کو تسلی نہ ہو جائے کہ گاڑیوں کی قیمتیں بڑھانے کے لئے کوئی ایسی وجوہات ہیں، اس وقت تک یہ گاڑیوں کی قیمتیں نہ بڑھائیں اور جو قیمتیں بڑھی ہیں، انہیں مکمل طور پر اس وقت تک freeze کر دیں جب تک کہ Standing Committee اس کے بارے میں اپنی سفارشات نہ پیش کرے۔ میری آپ سے یہ گزارش ہے۔

جناب چیئرمین: مولانا گل نصیب صاحب۔

سینیٹر فاروق حامد نائیک: جناب والا!

Mr. Chairman: I think, let's adhere as we have agreed on certain numbers of the members. Raza Sahib, I think we have to ....

سینیٹر میاں رضا ربانی: فاروق صاحب کو موقع دے دیں۔

(مداخلت)

سینیٹر محمد اکرم ولی: جناب والا! اس پر ruling دے دیں۔

Mr. Chairman: I think, the Committee should go ahead and take this issue with the Ministry of Industry because here the ruling will not serve the pupose. You do that.

(مداخلت)

جناب چیئرمین: آپ ان کو بلائیں۔ اگر Ministry کا response نہیں آ رہا ہے because it has to be coordinated through the Ministry.

سینیٹر محمد اکرم ولی: جناب والا! implementation پر یہ بالکل cooperate نہیں کر رہے ہیں۔

جناب چیئرمین: مولانا گل نصیب صاحب۔

سینیٹر مولانا گل نصیب: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! شکریہ۔ میں

سینیٹر مولانا گل نصیب: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! شکریہ۔ میں اس وقت ایوان کی توجہ ایک قومی اور اہم مسئلہ کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں۔ آج کے روزنامہ "نوائے وقت" میں ایک خبر شائع ہوئی ہے اور اس کی سرخی یہ ہے

"پاکستان کی تعلیمی پالیسی امریکہ نے تبدیل کروائی۔ بش۔ اپنے گزشتہ دور میں صدر مشرف کو میں نے نصاب تبدیل کرانے کے لئے کہا جس پر وزیر تعلیم زبیدہ جلال صاحبہ کا تعارف کروایا گیا"۔

جناب چیئرمین صاحب! ایک لمبا بیان ہے۔ میں عرض کرتا ہوں کہ کسی قوم کی آزادی کے لئے لازمی ہے کہ وہ قوم تعلیمی نصاب خود تشکیل دے اور کسی قوم کی کامیابی اور ناکامی کے لئے نصاب تعلیم اور نظام تعلیم سب سے بنیادی factor ہوتا ہے لہذا آج کے بیان سے یہ معلوم ہو رہا ہے کہ پاکستان کے نظام تعلیم اور نصاب تعلیم یہاں کی قوم خود تشکیل نہیں کرتی بلکہ امریکہ تشکیل کرتا ہے اور صدر بش تشکیل کرتا ہے۔ اگر یہ بیان صحیح ہے تو صدر صاحب اور وزارت خارجہ باقاعدہ بش سے اور امریکہ سے احتجاج کریں کہ ہمارے اندرونی معاملات میں آپ کو دخل اندازی کا کوئی حق نہیں ہے اور اگر صدر صاحب اور وزارت خارجہ یہ احتجاج نہیں کرتے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ گویا جو کچھ بش کہہ رہا ہے، یہ ٹھیک ہے اور پھر اگر یہ ٹھیک ہے تو پھر یہ پوری قوم کی توہین ہے اور ان ایوانوں کی توہین ہے جو یہاں پر قوموں کے لئے پالیسی تشکیل کرتے ہیں۔ ملک کو چلاتے ہیں اور ملک کے نظام کو چلاتے ہیں۔ نظام تعلیم کے بارے میں اور نصاب تعلیم کے بارے میں اس قسم کا remarks دینا اس پوری قوم کی توہین اور اس ہاؤس کی توہین ہے اور یہ ہماری قوم کے لئے برداشت کے قابل نہیں ہے اس پر ہم باقاعدہ احتجاج کرتے ہیں اور ایوان کو اس بات پر آگاہ کرتے ہیں کہ ہمارے قومی پالیسوں کی تشکیل میں اور قومی نظام تعلیم میں امریکہ کو کوئی حق حاصل نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: جناب خورشید محمود قصوری۔

جناب خورشید محمود قصوری (وفاقی وزیر خارجہ): جناب! انہوں نے ایک خبر کی طرف لوگوں کی توجہ مبذول کرائی ہے کہ مبینہ طور پر کوئی بیان شائع ہوا ہے لیکن جب کسی غیر

ہی پیدا نہیں ہوتا کہ کوئی کسی کو dictation دے۔ پتا نہیں کس پیرائے میں بات ہوئی ہے۔ dictation ہمیں دے کوئی نہیں سکتا۔ ایسی بات ہے کوئی نہیں ؛ بالکل کوئی نہیں دے سکتا۔ اب انہوں نے dictation کی بات کی ۔ آج ہمارے دوست جو نعرے لگا رہے ہیں ۔ میں ان کو یاد کرانا چاہوں گا کہ اس سے بہت اہم مسائل امریکہ کے لیے تھے ، عراق کا مسئلہ تھا UN کے ہم ممبر تھے انہوں نے کہا کہ اس کو support کریں ہم نے support نہیں کیا جس کی وجہ سے وہاں resolution fail ہوا اور ان کو withdraw کرنا پڑا۔ اس کے علاوہ جناب والا! یہ کوئی خالی خولی باتیں نہیں ۔ اس کے بعد counter terrorism resolution آیا ۔ non -proliferation کا سکیورٹی کونسل میں resolution آیا ۔ آخری ملک پاکستان تھا ۔ پھر سوڈان پر resolution آیا چین اور پاکستان آخر میں تھے۔ ہم نے اپنا stand کہیں نہیں بدلا۔ خبریں بہت ساری چھپ جاتی ہیں۔ مختلف جماعتوں کے بارے میں چھپتی ہیں اور کسی کے بارے میں یہی مفروضہ بنا لینا کہ جو بات ہے وہ حقائق پر مبنی ہے۔ صحیح پیرائے میں ہے۔ مولانا بہت منجھے ہوئے سیاستدان بھی ہیں، پارلیمنٹرین بھی ہیں اس کا حقیقت سے کوئی واسطہ نہیں جیسا کہ میں نے ثابت کیا، صرف پیروں سے نہیں بلکہ آپ کے سامنے واقعات بیان کیے ہیں۔ جب پاکستان اور دوسرے ممالک، چاہے وہ امریکہ ہو ، بڑی کوئی طاقت ہو ، جہاں ہمارے قومی مفادات کی بات آتی ہے ہم کسی سے کوئی dictation نہیں لیتے۔

جناب چیئرمین: رخسانہ زبیری صاحبہ۔

سینیٹر انجینئر رخسانہ زبیری: شکریہ چیئرمین صاحب ! آج ہاؤس مکمل ہونے کے بعد آپ نے مجھے موقع دیا thank you very much آپ کو یاد ہوگا کہ جون ۲۰۰۴ء میں اسی subject پر پروفیسر خورشید صاحب کی motion یہاں پر discuss ہوئی تھی جس کو standing committee کے سپرد کیا گیا تھا اور اس کے لیے meetings ہوئیں ۔ منسٹری کے officials نے یہ بتایا کہ کس طرح یہ price justified ہے اور میں بڑے دکھ کے ساتھ آپ کے ساتھ share کرنا چاہتی ہوں کہ وہ wrong statement ہے وہ وہاں پر --

Mr.Chairman: Please listen to the honourable Senator.

سینیٹر انجینئر رخسانہ زبیری: sir انہوں نے جو presentation دی جس طرح انہوں نے prices کو justified کیا وہ wrong تھا انہوں نے بتایا کہ flats میں جو prices quote ہوتی ہیں وہاں سے وہ لے کر prices کو پاکستان میں import parity price allow کرتے ہیںیہ ایک غلط بات تھی اور میں اس کے لیے یہ حق رکھتی ہوں کہ ایک privilege motion ministry کے خلاف اس ہاؤس میں move کروں۔ جناب! ایک لمحے کے لیے اگر آپ سوچیں کہ منسٹری آف پٹرولیم اگر نہ ہو تو کیا ہو؛ oil کی prices کہاں جائیں گی۔ہم سب جانتے ہیں کہ پاکستان میں بہت سی refineries کام کر رہی ہیں اور یہ refineries زیادہ تر crude import کرتی ہیں اور اس crude کو import کرنے کے لیے جو tankers use ہوتے ہیں اس کے لیے منسٹری آف پٹرولیم نے جو contract sign کیا ہے وہ ڈھائی ڈالر per-ton زیادہ pay کر رہی ہے PNSC کو۔ $5.26 ان کا per- ton freight بنتا ہے۔ 2.5 extra pay کیا جا رہا ہے۔اب اگر آپ یہ $2.5 دیکھیں تو ایک سال میں یہ 245 ملین ڈالر بنتا ہے اور یہ پیسہ نیشنل شپنگ کارپوریشن کو extra جا رہا ہے جو جہاز خرید رہی ہے اور کونسے جہاز خرید رہی ہے جو ۳۰ سال پرانے جہاز ہیں اور جو ایک term use ہوتا ہے somebody can correct me,if I am wrong سنگل حل شپ جو کہ یورپین ممالک نے ban کر دیئے ہیں۔ وہاں نہیں آ سکتے۔ گلف میں ابھی وہ جا سکتے ہیں لیکن جون ۲۰۰۵ء کے بعد ان کو اجازت نہیں ہے۔پھر ان جہازوں کا کیا فائدہ۔ تین جہاز خریدے گئے ایک جہاز پچھلے مہینے خریدا گیا۔ اس کے بعد جب گلف میں پابندی لگے گی تو ان جہازوں کا کیا ہوگا اور یہ جہاز پھر اونے پونے ship breaking میں چلے جائیں گے اور next budget میں آپ کے پاس آنا چاہیے کہ جی ہمیں مزید جہاز خریدنے ہیں۔ so if Ministry of Petroleum is not there تو آپ کو crude freight کم pay کرنا پڑے گا جو لوگوں کو pay کرنا پڑ رہا ہے۔ پھر ہم یہاں پر local crude کو process کرتے ہیں۔ زیادہ تر ہماری requirements ہمیں یہاں پر ملتی ہے۔ ہمیں باہر سے کم import کرنا پڑتا ہے اور ہماری یہاں پر جو prices fix ہو رہی ہیں یہ import parity prices fix ہو رہی ہیں اور جس میں ہم wrong measures لے کر wrong yardsticks لے کر and that I would submit and and

measures لے کر wrong yardsticks لے کر and that I would submit and and request this House is اگر آپ Standing committee کو چاہتے ہیں کہ وہ functional ہو اور صحیح طریقہ سے کام کرسکے یہ pricing کے متعلق جو ہمارا break up ہے جو بھی رپورٹ ہے that should come to this House before the end of this session. Sir, that would serve the purpose, otherwise we will be going round and around. Thank you sir.

جناب چیئرمین: ڈاکٹر نگہت آغا۔ جی رضا صاحب۔ ایک سیکنڈ رضا صاحب۔

سینیٹر میاں رضا ربانی: جناب چیئرمین! دو issues ہیں ایک پروفیسر خورشید صاحب نے جو identify کیا اور جو یقیناً متحدہ اپوزیشن کا issue ہے وہ دو عہدوں کی 31 دسمبر کے بعد continuation اور دوسرا issue جو ابھی رخسانہ زبیری صاحبہ نے identify کیا کہ ابھی جو تیل کی قیمتیں جو بڑھائی گئی ہیں۔ پٹرول کی دو روپے، ڈیزل اور کیروسین کی ایک ایک روپے کو سامنے رکھتے ہوئے ان دو issues پر کیونکہ پٹرول کی قیمتوں میں یہ اضافہ عام آدمی کو effect کر رہا ہے اور یہ ایک نیا بجٹ آیا ہے۔ ان دو issues پر اور ٹرانسپورٹ کی ہڑتال بھی ہے اور جناب چیئرمین! یہاں پر اگر آپ دیکھیں 16/12 سے لے کر آج تک پٹرول کی قیمت 5.50 روپے بڑھی ہے یعنی in a period of three weeks اور ڈیزل کی 2.79 روپے بڑھی ہے اور کیروسین کی تین روپے بڑھی ہے۔ اس کا بوجھ عام آدمی پر پڑ رہا ہے اور Multi National اور Oil Companies اس کا profit لے رہی ہیں ان دو issues کو سامنے رکھتے ہوئے متحدہ اپوزیشن ایک token walk out کر رہی ہے۔

(اس موقع پر اپوزیشن نے علامتی واک آوٹ کیا)

جناب چیئرمین: ڈاکٹر نگہت آغا۔ وسیم صاحب آپ جائیں۔

سینیٹر ڈاکٹر نگہت آغا: جناب چیئرمین! بہت بہت شکریہ۔ میں آپ کی توجہ PIA کی working کے اوپر دلانا چاہتی ہوں۔ انہوں نے recently Rules pass کئے ہیں جو کہ public کے لئے .....

(مداخلت)

Mr. Chairman: Please let say the Honourable Senator.

سینیٹر ڈاکٹر نگہت آغا: میں آپ کی توجہ PIA کے دو Rules جو انہوں نے دس جنوری کو پاس کئے ہیں ان کی طرف دلانا چاہ رہی ہوں وہ public کے لئے misery impose کر رہے ہیں اور ان کے Office Staff کے لئے بھی harassment پیدا کر رہے ہیں۔ سب سے پہلے تو یہ rule ہے کہ جو کسی ملک میں نہیں ہوتا کہ purchased tickets جو ہمیں Senate سے دیئے گئے ہیں جو سینیٹ نے purchase کئے ہوئے ہیں جب آپ booking کرانے جاتے ہیں تو وہ فالتو پیسے مانگتے ہیں۔ یہ تو دنیا کے کسی حصے میں نہیں ہوا کہ purchased ticket پر فالتو پیسے مانگیں۔

(اس موقع پر اپوزیشن ایوان میں واپس آ گئی)

جناب چیئرمین: نہیں purchase پر نہیں جو use ہو اگر one portion return ہے purchase کے اوپر I think وہ travel کے time پر دیکھتے ہیں جو میرا تجربہ رہا ہے۔

سینیٹر ڈاکٹر نگہت آغا: نہیں جی میں نے خود پیسے دیئے ہیں وہ مجھے ٹکٹ واپس نہیں کر رہے تھے مجبور اور بے بس ہو کر میں نے پیسے دیئے ہیں۔ وہ جو purchased tickets تھے booking کے لئے انہوں نے پیسے لئے ہیں۔ کیونکہ یہ بالکل غلط بات ہے دنیا کے کسی حصے میں یہ نہیں ہوتا۔

دوسری بات جو ہے وہ اس سے بھی زیادہ serious بات ہے وہ یہ ہے کہ انہوں نے Travel Agent کو منع کردیا ہے کہ وہ seating change نہیں کرسکتے۔ اور اس کے علاوہ اگر خالی ٹکٹ بھی ہو تو اس میں fill نہیں کرسکتے ہیں۔ یہ اس قدر ہمارے لئے تکلیف دہ ہے۔ جیسے میرے پاس ڈرائیور نہیں ہے عام public کے پاس ڈرائیور نہیں ہوتا۔ آپ صرف Main Office میں جاسکتے ہیں وہاں سے وہ ٹکٹ کینسل ہوں گے اور پھر آپ کو نئے جاری کئے جائیں گے۔ میں آپ کو ایک واقعہ بتاتی ہوں۔ میں خود گئی تین مرتبہ چکر لگائے تو مجھے گاڑی پارک کرنے کی جگہ نہیں ملی۔ پھر میں نے کہیں کار کھڑی کی اور ٹیکسی میں بیٹھ کر main office گئی وہاں جا کر میں ڈیڑھ گھنٹہ کھڑی رہی۔ وہاں پر بچے

ہو رہے تھے ۔ یہ بالکل غلط بات ہے۔ یہ کیوں کیا گیا ہے مجھے سمجھ نہیں آتی ۔ اگر میرے لئے یہ ہے تو عام لوگوں کے لئے کیا ہو گا ۔ کئی لوگوں کے پاس تو کار بھی نہیں ہوتی وہ ٹیکسی کے پیسے خرچیں اور دو دو گھنٹے وہاں پر انتظار کریں یہ بالکل غلط ہے ۔ اس پر کوئی ایکشن لینا چاہیے کہ یہ کیوں کیا گیا ہے ۔یہ عوام کو ذلیل کر رہے ہیں even آپ دفتر کے عملہ سے پوچھیں ان کی بھی بری حالت ہے اس لئے کہ کئی قطاروں میں لوگ کھڑے ہیں اور وہ اپنا کام بھی پوری طرح سے نہیں کرسکتے ۔ مہربانی کرکے اس پر action لیا جائے ۔

جناب چیئرمین: وسیم صاحب ۔

## DISCUSSION UNDER RULE 236 ON THE BALOCHISTAN SITUATION

Senator Mian Raza Rabbani: I will move the motion.

Mr. Chairman: You will move the motion?

Senator Mian Raza Rabbani: I will move the motion. Sir, I beg to move that Rule under 236 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate 1988, the requirements of Rule 22, 23, 26, 27, 76 and 120 be dispensed with in order to move a motion on the Balochistan situation. I beg to move the motion sir with your permission.

Senator Wasim Sajjad: We don't oppose it sir.

Mr. Chairman: It has been moved under Rule 236 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate 1988 that the requirements of Rules 22, 23, 26, 27, 76 and 120 be dispensed with in order to move a motion on Balochistan situation.

*(The motion was carried)*

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, I beg to move that this

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, I beg to move that this House may discuss the Balocistan situation.

سینیٹر وسیم سجاد: Sir, issue نہیں situation.

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, I have no problem to the word situation.

Mr. Chairman: Let us discuss the situation and see what is the issue if any. Situation

کا کر دیں ۔ ٹھیک ہے then the normal business is dispensed with and we will start the debate and Senator امان اللہ کنرانی will open the discussion and I request کہ time frame وغیرہ کا خیال رکھیں۔

سینیٹر امان اللہ کنرانی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! Leader of the Opposition and Leader of the House اور اس معزز ایوان کے اراکین بالخصوص بلوچستان کے اراکین سینیٹ کے ہم مشکور ہیں کہ گزشتہ دو سال کے عرصے میں بلوچستان میں جو مسائل رہے ہیں جو صورت حال رہی ہے، اس میں آج ہمیشہ ہمیں ان کی طرف سے تعاون ملا ہے اور اس بات کے لئے سینیٹ کا record گواہ ہے کہ گزشتہ دو سال میں ہمارے ساتھیوں نے چاہے اس اگلی line میں بیٹھے parliamentary leaders ہوں یا اراکین سینیٹ ہوں یا Treasury Benches پر بیٹھنے والے ساتھی ہوں، سب نے بلوچستان کی صورت حال پر اپنی تشویش کا اظہار کیا اور اس امر کے لئے حکومت کو مجبور کیا کہ وہ ایسے اقدامات کرے جس سے بلوچستان کے اندر ابھرنے والے لاوے کا سامنا کیا جا سکے یا اس کا مداوا کیا جا سکے۔

جناب عالی! اس سلسلے میں میں آپ کو یاد دلاؤں گا کہ مئی 2004 میں کوہلو کے اندر ایک army operation کیا گیا اور اس کے خلاف اس ایوان کے اندر زبردست احتجاج ہوا اور اس کو ملک کی سلامتی کے لئے خطرہ گردانا گیا اور اس کے اندر کافی شہریوں کی جانیں گئیں، اس میں وہ شہید ہوئے۔ جناب عالی! اسی طرح کیچ مکران کے اندر جولائی کے اندر ایک فوجی operation

کیا گیا جس میں فوجی helicopters استعمال کئے گئے جس کے ذریعے وہاں کے پینے کے پانی کے تالابوں میں زہر ڈالا گیا جس کے ذریعے وہاں کی عورتوں اور بچوں کو تہ تیغ کیا گیا اور جس کے ذریعے سینکڑوں کی تعداد میں لوگوں کے مال و مویشی ہلاک ہوئے۔ اس کی جانب ہم نے یہاں اس ایوان میں توجہ دلائی، اس پر بھی کافی احتجاج ہوا اور اس کے بعد اس ایوان میں حکومت کی جانب سے ان اقدامات کی مذمت کرتے ہوئے، اس ایوان کے اندر اس وقت جناب شجاعت حسین چوہدری صاحب وزیر اعظم تھے، تھوڑے عرصے کے لئے، انہوں نے ان حالات کو محسوس کیا، ان بدلتے ہوئے حالات کو محسوس کیا، وہاں کے لوگوں کے جذبات کو محسوس کیا، وہاں فوج کے غیر قانونی، غیر آئینی عمل کو محسوس کیا اور عوام کی طرف سے مسلح مزاحمت کو محسوس کیا اور یہ دیکھا کہ فوج اور عوام اس وقت مئی کے اندر کوہلو میں اور جولائی کے اندر مکران میں آمنے سامنے تھے تو یہاں پر September کے اندر ایک پارلیمانی کمیٹی کی تشکیل کا اعلان ہوا۔ جناب چیئرمین! جس کی منظوری آپ نے دی مگر بعض قوتوں نے اس کمیٹی کی تشکیل نہیں ہونے دی، بعد میں اس کمیٹی کو قومی اسمبلی کے ساتھ ملا کر مشترکہ ایک پارلیمانی کمیٹی بلوچستان کی بابت بنائی گئی۔ جناب عالی! اور اس کمیٹی کا ایک اجلاس 17 اکتوبر 2004 کو رکھا گیا اور اس کے اندر اعلان ہوا کہ 17 اکتوبر کے بعد تین مہینے کے اندر اندر اس کمیٹی کی report آئے گی اور اس کے اندر دو سب کمیٹیاں بنائی گئیں۔ جس میں بتایا گیا کہ ایک سب کمیٹی وہاں کی current situation کے بارے میں ہوگی۔ دوسری سب کمیٹی وہاں کے provincial autonomy جو پورے ملک سے related تھی اس کے بارے میں وہ اپنی تجاویز دے گی۔ اس سلسلے میں جناب مشاہد حسین سید اور جناب وسیم سجاد صاحب کی قیادت میں respectively کمیٹیاں بنائی گئیں۔ ان کمیٹیوں نے کیا کام کیا؟ کسی حد تک ہم مطمئن ہیں اور کسی حد تک ہم کہہ سکتے ہیں۔ جناب چوہدری شجاعت حسین صاحب اور جناب مشاہد حسین سید کی جانب سے جو کوششیں اور کاوشیں ہوئی ہیں ان کی ذات پر ہمیں کوئی شک نہیں ہے۔ مگر جناب عالی! ان کی باتیں صرف کاغذوں کی حد تک رہی ہیں۔ ان کے بیانات ہم صرف T.V پر سنتے رہے ہیں۔ ان کی باتیں صرف اخبارات میں چھپتی رہی ہیں۔ مگر جن قوتوں کے ہاتھ میں طاقت تھی، جن کے ہاتھ میں اختیار تھا انہوں نے ان کے بیانات، ان کی T.V کی خبروں کے برعکس اقدامات کرنا شروع کر دیئے۔ انہوں

نے اس پارلیمانی کمیٹی کی اہمیت کو زائل کرنے کی کوشش کی۔ اس کمیٹی کی کوششوں کو اشتعال انگیزی کی حد تک سبوتاژ کیا گیا۔ اس دوران کوئٹہ میں بم دھماکہ ہوا۔ شہریوں کی جانیں ضائع ہوئیں۔ اس کمیٹی کے کام میں رکاوٹ ڈالنے کے لئے بجائے اس کے کہ culprits کو گرفتار کیا جاتا، بجائے کہ اس کے ملزموں کو گرفتار کیا جاتا وہاں کے معصوم طلبہ کو جو یونیورسٹی میں امتحان دینے کے لئے آئے ہوئے تھے، ان میں law کے students بھی تھے، ان میں یونیورسٹی کے دیگر departments کے studentsبھی تھے۔ معصوموں کو اور جو ان کے مہمان تھے ان کو بھی گرفتار کر لیا گیا اور سینکڑوں کی تعداد میں انہیں گرفتار کر کے کوہلو کیمپ پہنچا دیا گیا۔ جس میں آصف بلوچ BSO کے چیئرمین تھے، اسی طرح کئی اور طالبعلم راہنما تھے جن کو ٹارچر کیا گیا، جن کو پابند سلاسل کیا گیا۔ اسی تشدد کو محسوس کرتے ہوئے نہ صرف چار سویلین کو جن میں عبدالرحیم مینگل کے نام سے جو کونسلر تھے ان کو بھی شہید کیا گیا۔ نہ صرف یہ بلکہ خضدار کے اندر ایک اور شہری کو forces کی جانب سے ہلاک کیا گیا۔

جناب عالی! اسی طرح کے واقعات کے بعد ہمارے ساتھیوں نے محسوس کیا کہ پارلیمانی کمیٹی تو بلوچستان کے مسئلے کے حل کے لئے بنائی گئی تھی مگر اس پارلیمانی کمیٹی کی کوششوں کے ساتھ ساتھ یہ عمل بھی وہاں جاری رہا کہ forces نے، طاغوتی قوتوں نے، ان سامراجی قوتوں نے، ان بالادست قوتوں نے جو نہ یہاں پرجمہوریت کو مانتے ہیں، نہ یہاں پر آئین کو مانتے ہیں، نہ یہاں پر کسی پارلیمانی کمیٹی کو مانتے ہیں وہ صرف اپنی قوت، اپنی طاقت اور اپنے اسلحے کی زور پر اس ملک کو یرغمال بنانا چاہتے تھے۔ ان لوگوں نے اس کمیٹی کی کوششوں کو سبوتاژ کیا اور اس کے نتیجے میں گوادر کے اندر ایک operation جاری کیا۔ گوادر کو ایک محبوس شہر قرار دیا۔ آج گوادر ایک یرغمال شہر ہے۔ وہاں کے شہری forces کے ہاتھوں میں یرغمال ہیں۔ وہاں کے شہری ملک کے شہری تصور نہیں کئے جاتے بلکہ ایسے لگتا ہے وہاں پر یہ غیر ملکی ہیں۔ وہاں پر یہ اجنبی ہیں اور باہر کی قوتیں آکر ان کے گھروں کی تلاشی لیتی ہیں۔ وہاں کے بارڈرز کے اوپر چیک پوسٹیں قائم کی گئی ہیں۔ ان کی عورتوں اور بچوں کی تلاشی لی جاتی ہے۔ ان کو اس حد تک اشتعال دلایا جاتا ہے کہ یا تو وہ اس شہر کو چھوڑ کر چلے جائیں یا پھر ایسے مرغا بن کر رہیں کہ اف تک نہ کرسکیں۔ جناب چیئرمین! اس طرح کا State terrorism گوادر کے اندر روا رکھا گیا۔

نہ صرف ضامران کے اندر تربت کے علاقے کے اندر باقاعدہ طور پر یہ درست ہے کہ ۱۴ فوجیوں کو مارا گیا۔ وہاں پر Frontier Corps کے لوگوں کو مارا گیا مگر اصل culprits کو گرفتار کرنے کی بجائے پھر وہاں کے معصوم شہریوں پر ایک operation شروع کیا گیا اور اس کے نتیجے میں کئی بے گناہ لوگوں کو ضامران کے اندر گرفتار کیا گیا۔ جناب عالی! خضدار کے اندر واقعات ہوئے یہ درست کہ وہاں پر فوجیوں کو مارا گیا مگر اس کے نتیجے میں سردار اختر مینگل پر مقدمہ قائم کیا گیا۔ اس کے نتیجے میں BNP سے مرکزی سیکرٹری جنرل حبیب جالب پر مقدمہ قائم کیا گیا اور یہ بتایا گیا کیونکہ یہ لوگ حکومت کے خلاف تقریریں کرتے تھے اس لئے یہ لوگ اس میں ملوث ہو سکتے ہیں۔ جناب! تقریریں تو ہم بھی کرتے ہیں۔ تقریریں اس طرف سے بھی ہوتی ہیں۔ مہیم خان بلوچ بھی تقریر کرتا ہے۔ ہم بھی تقریریں کرتے ہیں۔ پہلے بھی کرتے تھے اور آئندہ بھی کرتے رہیں گے مگر اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ سردار اختر مینگل نے جاکر ان فوجیوں کو مارا ہے یا حبیب جالب نے جاکر مارا ہے۔ بعد میں پتہ چلا جناب عالی! کہ ان کے اپنے ایک tout نے ' ISI کے ایک ایجنٹ نے ان فوجیوں کو مارا تھا تاکہ بلوچستان میں حالات کو خراب کیا جائے اور بعد میں ISI والوں نے خود اپنے اس tout کو مار دیا' وہ اُس وقت تک مرا نہیں تھا' ہسپتال لیجاتے ہوئے اُسے پولیس کے ہاتھوں سے اٹھا کر لے گئے اور راستے میں لیجا کر اُسے مار دیا تاکہ حقائق سامنے نہ آسکیں۔

جناب عالی! بلوچستان میں اس قسم کی صورتحال روا رکھی جا رہی تھی مگر اس سب کچھ کے باوجود ہم لوگوں نے پارلیمانی کمیٹی کے ساتھ تعاون کیا' ہم نے ان کے اجلاسوں میں شرکت کی' وسیم سجاد صاحب کے سامنے ہم نے اپنی تجاویز پیش کیں' آئینی ترامیم کے حوالے سے' صوبائی خود مختاری کے حوالے سے نہ صرف ہم نے بلکہ پاکستان کی 14 بڑی پارٹیوں نے صوبائی خود مختاری کے حوالے سے اپنی تجاویز پیش کیں جو کہ ان کے ریکارڈ پر موجود ہے۔ جس میں سب نے یہی مطالبہ کیا اور اکثریت میں ان مطالبات پر تقریباً بہت زیادہ مماثلت ہے اور سب نے صوبائی خود مختاری کی ضرورت کو محسوس کیا اور اسے وقت کی آواز قرار دیا۔ حالات کا تقاضا ہے کہ صوبائی خود مختاری صوبوں کو دی جائے۔ جب یہ صورتحال ان قوتوں نے محسوس کی کہ شاید یہاں پر جو وفاق 57 سال سے محکموں میں' اداروں میں ایک مرکزیت قائم رکھے ہوئے ہے' شاید

devolution ہو جائے، شاید وفاق کے اختیارات پر قدغن لگ جائے، شاید وفاق کے اختیارات چھین لئے جائیں کیونکہ ان وفاقی اختیارات نے مشرقی پاکستان کو ہم سے علیحدہ کیا، ان اختیارات کے ارتکاز نے ہم سے 50% عوام کو جدا کیا، اُن لوگوں کو ہم سے جدا کیا جنہوں نے اس پاکستان کو بنایا تھا، اُن بنگالیوں کو جدا کیا، انہیں اس وجہ سے جدا کیا کہ وہ اپنا حق مانگتے تھے، وہ فوج میں اپنا حق مانگتے تھے، وہ برابری کی بنیاد پر حق چاہتے تھے، مگر انہیں حق دینے کے بجائے اُن سے جان چھڑائی گئی۔ آج انہیں یہ محسوس ہوا کہ ایسا نہ ہو کہ صوبائی خودمختاری کا مسئلہ واقعتاً حل ہو جائے اور مرکز کے اختیارات اسلام آباد سے کوئٹہ چلے جائیں، پشاور، لاہور یا کراچی چلے جائیں۔ انہوں نے سوچا کہ اسلام آباد کے اختیارات کو اسلام آباد میں، GHQ میں مرتکز کرنا ہے اور جناب عالی! اس کے نتیجے میں ایک plan کیا کہ 7 جنوری کو ایک طرف تو رپورٹ کی deadline تھی، مشاہد صاحب دن رات کوششیں کر رہے تھے کہ ایک رپورٹ آ جائے مگر آپ نے دیکھا، ہم نے دیکھا کہ 2 اور 3 جنوری کی تاریک رات کو کیا ہوتا ہے۔

سوئی جو کہ ایک زمانے میں ہمارے ملک کی گیس پیدا کرنے کا ایک واحد ذریعہ تھا، اب اگرچہ بعض اور جگہ پر ہمیں گیس ملی ہے مگر آج تک تمام گیس کو لوگ سوئی گیس کے نام سے یاد کرتے ہیں، اس لئے کہ وہ پاکستان کی وہ واحد جگہ تھی کہ جہاں سے 1952ء میں یہ گیس برآمد ہوئی۔ 1952ء سے لے کر 2005ء تک وہاں کے لوگوں نے خون پسینے سے اس product کی حفاظت کی اور حتیٰ کہ جناب والا! 1990ء میں سوئی گیس plant میں آگ لگی تو وہاں کے بگٹیوں نے جا کر اس آگ کو بجھایا اور وہاں پر دو آدمی شہید بھی ہوئے اور اس آگ کو بجھا کر اس plant کو بچایا گیا۔ اس وقت نہ وہاں پر فرنٹیئر کور کا سپاہی موجود تھا، نہ اس وقت وہاں پر کوئی آرمی کا جوان موجود تھا اور نہ وہاں پر سرکار کا کوئی اور آدمی موجود تھا، اگر وہاں پر موجود تھے تو یہ بگٹی لوگ تھے جنہوں نے اس کی حفاظت کی اور جو کہ گزشتہ 55 سال سے اس کی حفاظت کر رہے ہیں۔ وہ اس لئے بھی کر رہے ہیں کہ وہ سمجھتے ہیں کہ یہ گیس ہماری ماں ہے جو ہمیں دودھ پلاتی ہے، جس کی وجہ سے ہم زندہ ہیں، جو ہماری product ہے، ہماری سرزمین کی product ہے، ہم اپنی product کو ضائع نہیں ہونے دیں گے۔ یہ ضرور ہے کہ وہ حق مانگتے ہیں، صوبے کے لئے مانگتے ہیں، اپنی قوم کے لئے مانگتے ہیں، اپنے علاقے کے لئے مانگتے ہیں، وہ کبھی یہ نہیں کہتے

کہ ہماری ذات کو کچھ دیا جائے، مگر جب لوگوں میں یہ شعور بیدار ہوا کہ وہ اپنا حق مانگتے ہیں، لوگ اپنا حق گیس پر مانگتے ہیں، لوگ اپنا حق تیل پر مانگتے ہیں، کوہلو میں ایک rich جگہ ہے، جاندران اس میں تیل ہے۔ گوادر کا ساحل جو 780 کلومیٹر پر مشتمل ہے، لوگ اس کی آمدنی میں اپنا حق مانگتے ہیں، جو خضدار، سارونان اور چاغی میں معدنیات ہیں، لوگ اس میں اپنا حق مانگتے ہیں۔

جناب چیئرمین! یہاں پر ایک سازش تیار کی گئی۔ 2 اور 3 جنوری کی رات کو ایک ایسے علاقے میں جو کہ 1200 ایکڑ پر مشتمل علاقہ ہے، جہاں پر کہ چاروں طرف سے باڑ لگی ہوئی ہے، اس باڑ کی حفاظت کی ذمہ داری 530 DSG کے جوانوں پر تھی جس کو Defence Security Guard کہا جاتا ہے اور جو کہ regular Army کا ایک حصہ ہوتا ہے اور 530 regular Army کے جوانوں میں چار افسر ہوتے ہیں جن کا انچارج ایک کرنل ہوتا ہے، جس کے ساتھ ایک میجر اور دو کیپٹن ہیں۔ اس علاقے کے اندر رہنے والوں کی کل تعداد چودہ سو ہے جو لیبر ہیں اور اس کے اندر تین سو آفیسر ہیں اس defence area کے اندر تعلیم گاہ ہے ، hospital ہے، رہائش گاہیں ہیں، تمام offices ہیں ، ان سب کی ذمہ داری فوج کے ہاتھ میں تھی مگر کیا ہوتا ہے ، ان کی ذمہ داری کیسے پوری ہوتی ہے ، وہ ہم آپ کو بتاتے ہیں ، کمیٹی کی کوششوں کو کیسے sabotage کیا گیا ، ہم آپ کو بتاتے ہیں۔ جس کمیٹی کی رپورٹ کی توقع لوگ کر رہے تھے ، تمام صوبے کر رہے تھے، محروم قوتیں کر رہی تھیں، مظلوم قوتیں اس کمیٹی کی رپورٹ کے انتظار میں تھیں ، کیا جواب دیا گیا، کیا رپورٹ دی گئی، کیا بتایا گیا، وہ افسوسناک ہے، اندوہناک ہے کہ دو اور تین جنوری کی رات کو خاتون ڈاکٹر کے ساتھ ایک فوجی افسر نے rape کیا، ساری رات اس کے ساتھ رہا ، اس کے بالوں کو نوچا، اس کے سر کو ہتھوڑوں کے دستے کے ساتھ زخمی کیا، اس کا خون اس کے bed پر چھوڑا ، نہ صرف یہ بلکہ وحشیوں کی طرح وہاں وہ ناچتا رہا، ساری رات اس کمرے میں موجود رہا اور آواز دیتا رہا عورت کو بتاتا رہا کہ امجد آؤ اس کو سبق سکھاؤ ، آؤ اس کے ساتھ ایسا سلوک کرو اور وہ ایسا سلوک ہے جو میں خواتین کے سامنے بیان نہیں کر سکتا۔ اس آفیسر نے اس کے ساتھ کیا اور تین تاریخ کی صبح کو اس خاتون ڈاکٹر کو رہا کیا جاتا ہے ، اس کو اپنے گھر کے اندر یرغمال بنایا گیا تھا اور صبح کو ایک لیڈی نرس سکینہ کو جا کر اپنا ماجرا سناتی ہے ، وہ نرس سکینہ پی پی ایل کے ڈاکٹر کو بتاتی ہے اور ڈاکٹر جا کر پی پی ایل کے افسر کو بتاتے ہیں کہ

جناب رات کو لیڈی ڈاکٹر کے ساتھ یہ واقعہ ہوا ہے ۔ مگر کیا ہوتا ہے، آخر کیا وجوہات ہیں ، وہ کون لوگ تھے ، اس واقعہ کو کیوں رپورٹ نہیں کیا گیا، پولیس کو کیوں نہیں بتایا گیا، اس واقعہ کو کیوں چھپایا گیا جب وہ زخمی بھی تھی ، جب اس کا bed بھی خون آلود تھا ، جب اس کے بال بھی نوچے ہوئے تھے، جب اس کا سر بھی زخمی تھا، جب وہ رو رہی تھی ، چلا رہی تھی، چیخ رہی تھی پورے اس fence area کے اندر پاگلوں کی طرح چیخ رہی تھی کہ میری عصمت دری ہوئی ہے ، میری عزت تار تار ہوئی ہے اور ان فوجیوں نے کی ہے اور مجھے بچانے والا کوئی نہیں۔ جناب والا! کیا ہوتا ہے ، ڈاکٹر آتے ہیں، اس کو injection لگاتے ہیں ، دو دن تک injection لگا کر اس کو خاموش کیا جاتا ہے تاکہ وہ کہیں آواز نہ نکال سکے۔ جب اس کی آواز کو پوری طرح دبا دیا جاتا ہے ، پولیس کو پتا چلتا ہے کہ یہاں پر ایک ڈاکٹر عورت دو راتوں سے چیخ چلا رہی ہے ، آواز باہر جاتی ہے لوگ سنتے ہیں، مزدور سنتے ہیں، پولیس خود آتی ہے ، پولیس کو اس fence area کے اندر جانے کی اجازت نہیں دی جاتی، پولیس کو روکا جاتا ہے مگر پولیس زبردستی جاتی ہے، یہ میں نہیں کہتا یہ ایس پی کی رپورٹ ہے ، ایس پی کہتا ہے کہ پولیس کو روکا گیا ، ایس پی کہتا ہے کہ اس ڈاکٹر خاتون کی bed sheet کو ہم نے اپنے قبضے میں لیا ، ہم نے ان تمام لوازمات کو جو rape case establish کرتے ہیں ان کو ہم نے اپنے قبضے میں لیا مگر پی پی ایل والے کہتے ہیں کہ نہیں جناب وہاں پر چوری کا واقعہ ہوا ہے، ڈکیتی کا واقعہ ہوا ہے مگر ایس پی کہتا ہے اگرچہ یہ rape case نہیں ہے اگر یہ چوری ہے ، ڈکیتی ہے تب بھی پولیس کو بتایا کیوں نہیں گیا، مگر کیا ہوتا ہے چونکہ میرا تعلق اس علاقے سے ہے۔ میں اس علاقے کا رہنے والا ہوں، مجھے ان حقائق کا پتا ہے۔ میں قائمہ کمیٹی کا بھی ممبر ہوں ، بہت سی رپورٹیں ہمارے سامنے آئی ہیں۔ اس کے اندر کیا ہوا، چار تاریخ کے بعد اس عورت کو بجائے سوئی سے کراچی لے جایا جائے ، اس کے اہل خانہ کے پاس لے جایا جائے ، ان کی تسلی وتشفی کرائی جائے، اس کا علاج کرایا جائے، اس کی عزت کو محفوظ کیا جائے، اس کو بجائے جہاز سے لے جانے کے ، آپ جانتے ہیں کہ سوئی سے کندکوٹ کتنا دور ہے ، دو گھنٹے کے سفر پر ہے ، اس کو کندکوٹ لے جایا جاتا ہے۔ وہاں پر چار تاریخ کو جہاز بھی موجود ہوتا ہے مگر جہاز میں اس کو نہیں لے جایا جاتا، اس لیے نہیں لے جایا جاتا تاکہ کہیں ایسا نہ ہو کہ پولیس آجائے اور اس کا بیان ریکارڈ

کرے، اس بیان کے اندر کہیں ایسا نہ ہو کہ وہ کسی آرمی والے کا نام لے لے، بذریعہ سڑک اس کو کندکوٹ shift کیا جاتا ہے پھر کندکوٹ میں remote area میں لے جا کر اس کو بند کیا جاتا ہے، کسی سے ملنے نہیں دیا جاتا، پانچ تاریخ کو اس کو اٹھا کر کراچی لے جایا جاتا ہے، نہ صرف یہ کہ کراچی لے جایا گیا، کراچی میں بھی اس کے خاندان کو اطلاع نہیں دی گئی، کراچی میں بھی اس کو یرغمال رکھا گیا، محبوس رکھا گیا، پانچ تاریخ تک وہ خاتون چیخ چلا رہی تھی، بتا رہی تھی اور پی پی ایل کا ایک افتخار نام کا افسر ہے اس نے جا کر اس کو دھمکی دی، ڈانٹا کہ تم نے رپورٹ نہیں کرائی ہے۔ چھ تاریخ تک اس کا یہ حال رہا اور سات تاریخ کو یہ جو سندھ کی خاتون تھی، جو ہماری بہن تھی، ہمارے پاکستان کی عزت اور وقار کا مان تھی اور ایک remote area کے اندر خدمات سر انجام دے رہی تھی اور اس کا خاوند لیبیا میں تھا۔ خاتون اکیلی تھی اور سوئی کے لوگوں کے علاج معالجے کے لیے وہاں موجود تھی۔ وہاں کے بلوچوں میں اس بات کو بہت ہی عیب سمجھا جاتا ہے اور بہت بڑا گناہ سمجھا جاتا ہے، بہت بڑا جرم سمجھا جاتا ہے کہ کوئی کسی کے گھر میں بلا اجازت گھسے، نہ صرف اسے بلکہ اس کی خاتون کو باندھا جائے۔ اس کے ہاتھ پاؤں باندھے جائیں۔ اس کے منہ پر نقاب ڈال دیا جائے اور اس کے بعد اس کے ساتھ زیادتی کی جائے۔ ہو سکتا ہے [xxx]*

**جناب چیئرمین، ایسی بات نہ کریں - یہ relevant بات نہیں -**

This is struck off the record.

**سینیٹر امان اللہ کنرانی:** مگر بلوچستان کے بلوچ روایات کے پابند ہیں، سندھ کے سندھی اپنی جان دے سکتے ہیں مگر اپنی عزت پر، اپنی غیرت پر آنچ نہیں آنے دیتے ہیں۔ آج بلوچستان کی سرزمین پر ایک سندھی خاتون کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے۔ یہ بلوچ قوم کے 65 لاکھ لوگوں کے ساتھ زیادتی ہے۔ بلوچوں نے سات تاریخ تک کچھ نہیں کیا لیکن جب PPL والوں نے اس واقعہ کو دفنانے کی کوشش کی، جھوٹ بولنے کی کوشش کی کہ rape کا کوئی واقعہ نہیں ہوا

---

* الفاظ بحکم جناب چیئرمین حذف کیے گئے۔

جب یہ بات SP کہتا ہے تو پھر لوگوں میں ردعمل ہوا اور سات تاریخ سے لے کر 11 تاریخ تک میں مانتا ہوں کہ لوگوں کا ردعمل شدید تھا مگر دونوں طرف سے تھا۔ اگر یہاں سے firing ہوئی ہے تو لوگوں نے بھی firing کی ہے۔ اس کے نتیجے میں دو DSG کے لوگ مارے گئے۔ اس کے نتیجے میں چار civilians بھی مارے گئے ہیں جن کے نام میں بتاتا ہوں مگر ان کی کوئی رپورٹ نہیں کرتا۔ ان کے بارے میں کوئی نہیں بتاتا۔ ایک کا نام زوجہ صفدر نوتھانی اور دوسری خاتون کا نام عبدالغفور ہمدانی، تیسرا ایک دکاندار ہے رحمت اللہ، چوتھا ایک نامعلوم شخص ہے اور پانچواں ایک نامعلوم بچہ ہے، چھوٹا سا بچہ تھا، پتو خان کا بیٹا تھا اور اس میں جناب عالی! کوئی اٹھارہ لوگ زخمی ہوئے، ان کے نام بھی میرے پاس ہیں، یہ بھی میں آپ کے حوالے کرتا ہوں۔ کئی دکاندار ہیں جن کی دکانیں ضائع ہوئیں، کئی پٹرول پمپ ہیں جن کو شیل لگے اور اس طرح کے ان لوگوں کے نقصانات ہوئے ہیں، یہ ضرور ہوا ہے کہ دونوں طرف سے ردعمل شدید تھا یہ سات تاریخ کو بلوچستان والوں کو یہ رپورٹ ملی ہے کہ آپ کی کمیٹی کی رپورٹ یہ ہے کہ بجائے اس کے کہ ہم آپ کو صوبائی خود مختاری دیں، ہم آپ کی عصمت دری کریں گے۔ ہم آپ کی عزتوں کو لوٹیں گے۔ ہم آپ کے ساتھ یہ رویہ رکھیں گے۔ جب آپ لوگوں کے ساتھ یہ سلوک کریں گے تو جواب بھی اسی طرح آئے گا جو ضرور ملا۔ بجائے اس کے کہ culprits کو گرفتار کیا جاتا، اس کے ذمہ داران کو گرفتار کیا جاتا، الٹا سوئی کے شہریوں کو مجرم گردانتے ہوئے 20 تاریخ کو جب لوگ عیدالاضحیٰ کی تیاریاں کر رہے تھے، جب لوگ عید الاضحیٰ کی قربانی کی تیاری کر رہے تھے، وہاں پر فوج آتی ہے، ایک بریگیڈ آتا ہے، ٹینکوں اور توپوں کے ساتھ آتا ہے اور آکر لوگوں کے گھروں کے سامنے کھڑا ہوتا ہے، لوگوں کو گھروں سے نہیں نکلنے دیتا اور لوگوں کو عورتوں اور بچوں کو گھروں سے نہیں نکلنے دیتا ہے اور میں یہ نہیں کہتا ہوں، پریس کہتا ہے، میڈیا کہتا ہے، سب نے جا کر دیکھا کہ وہاں پر ایک بہت بڑا operation تیار تھا، لوگوں کو تہس نہس کرنے کی بات تھی۔ آفتاب شیر پاؤ on record ہیں، انہوں نے کہا ہم سوئی کے لوگوں کو یہاں سے ہٹا دیں گے۔ پانچ سو گھروں کو یہاں سے ہٹا دیں گے۔ یہاں سے دس کالونیوں کو ہٹا دیں گے۔

جناب والا! پچپن سال سے لوگ اس کی حفاظت کر رہے ہیں۔ یہ کالونی کے لوگ اس

کی حفاظت کر رہے ہیں۔ کوئی force سوئی گیس کی حفاظت نہیں کر رہی تھی۔ یہ لوگ خود اس کی حفاظت کر رہے تھے اور آج ان محافظوں کو وہاں سے نکالنے کی بات کر رہے ہیں، ان کے حقوق پر ڈاکہ ڈالنا چاہتے ہیں، اپنوں پر ڈاکہ ڈالنا چاہتے ہیں، ہماری عزتوں پر ڈاکہ ڈالنا چاہتے ہیں۔ آج وہ لوگ ہماری حفاظت کرنے کے دعوے کر رہے ہیں۔ میں آج floor پر بتانا چاہتا ہوں کہ ایک بگٹی بھی سوئی خالی نہیں کرے گا۔ لوگوں نے اعلان جنگ کر دیا ہے، لوگوں نے اپنے بچوں کو نکال دیا ہے، لوگوں نے اپنی عورتوں کو نکال دیا ہے۔ آج تیس ہزار کا شہر سوئی arms سے بھرا ہوا ہے۔ لوگ مسلح ہیں۔ لوگ مزاحمت کے لیے تیار ہیں۔ ڈیرہ بگٹی کے اندر 20 ہزار کے قریب لوگ موجود ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم اپنی سرزمین سے دست بردار نہیں ہوں گے۔ اس طرح کی کوشش انہوں نے گوادر میں کی کہ ملاحین کے علاقے کے لوگوں کو یہاں سے ہٹائیں گے تاکہ باہر سے آنے والے سرمایہ کاروں سے آپ بات کرسکیں۔ اسی طرح کا منصوبہ سوئی کے اندر بھی ہے کہ سوئی کے مقامی لوگوں کو نقل مکانی پر مجبور کریں گے، یا تو زبردستی ہٹائیں گے یا ان کو ٹینکوں، توپوں سے ڈرا کر ہٹائیں گے یا ان کو گرفتار کر کے جیلوں میں بٹھائیں گے تاکہ ہم اس علاقے کو خالی کریں۔ وہ اپنے مقاصد کے لیے سوئی گیس کو استعمال کر سکیں مگر اس floor پر میں کہنا چاہتا ہوں کہ کوئی بھی آدمی اپنے علاقے کو چھوڑنے کے لیے تیار نہیں ہو گا۔ ان حالات کی ذمہ داری صرف اور صرف PPL یا اس آرمی آفیسر پر ہے جنہوں نے وہ حالات پیدا کیے۔ پہلے ان حالات کو درست کیا جائے تب جا کر کوئی پارلیمانی کمیٹی اپنا کام کر سکتی ہے۔ تب جا کر وہاں پر حالات پر امن ہو سکتے ہیں ورنہ ہم یہ سمجھیں گے کہ یہ بلوچستان کے خلاف اعلان جنگ ہے، جب تک وہاں پر ٹینک اور توپ موجود ہیں۔ ٹینک اور توپ جناب عالی! دشمنوں کے خلاف ہوتے ہیں، کبھی ٹینک یہ نہیں دیکھتا کہ گولہ کہاں گر رہا ہے، گولے مسجد میں بھی گر سکتے ہیں، گولے مندر میں گر سکتے ہیں، گولے امام بارگاہ میں گر سکتے ہیں، گولے معصوم عورتوں اور بچوں پر بھی گر سکتے ہیں، بوڑھوں پر بھی گر سکتے ہیں اگر آپ نے کسی شر پسند کو پکڑنا ہے، گرفتار کرنا ہے تو جناب عالی! اس کا طریقہ سب کو معلوم ہے، پولیس کو معلوم ہے۔ آفتاب شیر پاؤ صاحب کو معلوم ہے، کبھی بھی culprits کو ٹینکوں اور توپوں کے ذریعے سے گرفتار نہیں کیا جاتا۔ ٹینک اور توپ دشمن کی سرزمین پر سجتے ہیں مگر دشمن کی سرزمین پر ہم پیٹھ دکھاتے

کا محاذ ہمارے سامنے ہے۔ مشرقی پاکستان کے واقعات ہمارے سامنے ہیں۔ آخر کیوں دلیری نہ دکھائی گئی، کیوں نہ آرمی آفیسروں نے وہ جرأت دکھائی جو آج سوئی میں ٹینک اور توپ لے کر آئے ہیں۔ آج ہم آپ کے توسط سے کہتے ہیں کہ کوئی ڈرنے والا نہیں۔ اب بلوچوں نے فیصلہ کر لیا ہے، وہ اپنے خون کا آخری قطرہ تک بہائیں گے۔ اپنی سرزمین کا دفاع کریں گے۔ ہمارا چار جماعتی بلوچستان ہے۔ بلوچستان نیشنل پارٹی مینگل، جمہوری وطن پارٹی اور ہماری نیشنل پارٹی کے لوگوں نے فیصلہ کیا ہے کہ جب تک ہمارے وطن سے فوج کو، ٹینکوں کو، توپوں کو نہیں نکالا جاتا، اس وقت تک ہم کسی پارلیمانی کمیٹی کو نہیں مانتے۔ اس وقت تک ہم کسی پارلیمانی کمیٹی کے اجلاس میں نہیں جائیں گے، جس کے اندر بلوچستان کی بات ہو گی کیوں کہ یہ صرف دھوکہ ہے۔ ایک طرف ہمیں مذاکرات کی طرف لایا جاتا ہے اور دوسری طرف ہمارے اوپر فوج کشی کی جاتی ہے، ہماری عصمتیں لوٹی جاتی ہیں۔ اگر اس ایوان کو احساس ہے تو سب سے پہلے اس کیپٹن کو گرفتار کیا جائے جس کو آج حکومت کے سائے میں بٹھایا گیا ہے۔ جس کا تحفظ آفتاب شیرپاؤ صاحب کر رہے ہیں حالانکہ وہاں پر کرنل بھی موجود ہے، وہاں پر میجر بھی موجود ہے۔ وہاں پر دو کیپٹن اور بھی موجود ہیں، کسی کا نام نہیں لیا جاتا ہے۔ آخر اس کیپٹن کا نام لیا جاتا ہے تو کیوں لیا جاتا ہے اور اگر وہ ذمہ دار نہیں تو اس DSG کا ذمہ دار کون ہے جو اس سارے علاقے کی حفاظت کا ذمہ دار ہے، جس کو اس بات کی تنخواہ دی جاتی ہے کہ وہ اس علاقے کی حفاظت کرے اور اگر وہ اس میں شامل نہیں تو پھر ان واقعات کو چھپانے کی کیا ضرورت تھی۔ اس لیڈی ڈاکٹر کے ساتھ اس طرح کا سلوک کیوں کیا گیا؟ اس کو چھپایا گیا اور رپورٹ نہیں کی گئی۔ رپورٹ صبح حکومت کے کہنے پر درج ہوئی ہے، کراچی میں جا کر رپورٹ درج ہوئی ہے۔ کراچی میں جا کر اس کا بیان لیا گیا۔ کیا وجہ تھی کہ سوئی میں اس کی رپورٹ درج نہیں ہوئی۔ کیا وجہ ہے کہ یہاں PPL والوں نے کسی کے کہنے پر وہ رپورٹ نہیں ہونے دی۔ جب پولیس نے خود action کیا، ایک افسوسناک واقعہ پیش آیا کہ انہوں نے دو ملزموں کو پکڑا اور تھانے میں بٹھایا، یہی فرنٹیئر کور والے لوگ آئے۔ یہی DSG کے Officers آئے اور ان دونوں culprits کو جناب عالی! تھانے سے زبردستی اٹھا کر لے گئے۔ یہ کیا state of affairs ہیں کہ جب ایک مجرم گرفتار ہوتا ہے تو اس مجرم کو اس طرح FC والے لے جاتے ہیں۔ یہ واقعہ اخبار کے اندر رپورٹ ہوا ہے، مجرموں کو

اس مجرم کو اس طرح FC والے لے جاتے ہیں۔ یہ واقعہ اخبار کے اندر رپورٹ ہوا ہے، مجرموں کو زبردستی اٹھا کر لے جایا گیا اور جناب عالی! جب وہاں پر ہائی کورٹ inquiry کرتی ہے، ہائی کورٹ کے جج صاحب کراچی میں بیٹھے ہوئے تھے اور ان مجرموں کو کوئٹہ میں بلایا جاتا ہے، جج صاحب کو جہاز نہیں ملتا ہے، جج صاحب یہ کوشش کر رہے ہیں کہ جہاز کے ذریعے کوئٹہ پہنچیں مگر اس سے پہلے چارٹرڈ طیارے کے ذریعے ان ملزموں کو کوئٹہ پہنچایا جاتا ہے۔ میں نے اندازہ لگایا ہے کہ جو مجرم ہیں، ملزم ہیں ان کو سوئی گیس کمپنی کے لوگ چارٹرڈ طیارے کے ذریعے کوئٹہ پہنچاتے ہیں۔ جج صاحب کے پاس اتنے وسائل نہیں ہیں کہ وہ کوئٹہ پہنچ سکیں اور اس کی inquiry کریں۔ جناب! ہمارے state of affairs کا یہ حال ہے۔ اتنے وہ دیدہ دلیر ہیں، اتنا گورنمنٹ نے ان کو support کیا ہوا ہے۔ ایک طرف ان کو چارٹرڈ جہاز فراہم کیے ہوئے ہیں اور دوسری طرف عوام پر ٹینک اور توپ چلا رہے ہیں۔ آج میں اعلان کرتا ہوں چار جماعتی بلوچستان کی طرف سے کہ ہم بلوچستان کے اوپر کسی پارلیمانی کمیٹی کو نہیں مانتے تاوقتیکہ ہماری عصمتوں سے کھیلنے والے، ہماری عزت و ناموس سے کھیلنے والے اس فوجی آفیسر کو گرفتار نہیں کیا جاتا اور جب تک وہاں سے ٹینک اور توپ اور وہاں سے فوج کو نہیں ہٹایا جاتا اور اس صورتحال کو بحال نہیں کیا جاتا جو سات دسمبر 2004 کی صورتحال تھی۔ جب ایک کمیٹی تشکیل دی گئی تھی، اس وقت جو صورتحال تھی وہ صورتحال واپس نہیں آ جاتی۔ اس وقت تک ہم کسی کمیٹی میں participate نہیں کریں گے۔ آپ کا بہت شکریہ جناب۔

جناب چیئرمین: جی کامل علی آغا صاحب۔

سینیٹر کامل علی آغا: جناب چیئرمین! یہ اس بات کو exploit کر رہے ہیں کہ ایک لیڈی ڈاکٹر کے ساتھ کوئی زیادتی ہوئی ہے۔ ہم سب --

(مداخلت)

جناب چیئرمین: سن لیں، سن لیں۔ ان کو بات تو پوری کرنے دیں۔

سینیٹر کامل علی آغا: میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اگر یہ میری بات سن لیں تو ان کی مہربانی۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ہم سب نے کتنے تحمل سے ان کی بات سنی ہے۔ مجھے floor

ملا ہے میں بات کررہا ہوں، آپ کی مہربانی۔ ہم سب ان ملزمان کے خلاف ہیں اور ہمارا بھی مطالبہ یہی ہے اور کمیٹی نے بھی، چوہدری شجاعت حسین صاحب نے بھی اور صدر محترم نے بھی یہ آرڈر کیا اور تمام ملزمان گرفتار ہو چکے ہیں تو exploitation کی بات نہیں ہونی چاہیے۔ کیپٹن بھی گرفتار ہے۔ لیکن جناب! اگر حقائق میں جائیں گے تو آج بھی لاہور گواہ ہے، سلیم بگٹی نے جو لاہور کے اندر، جی ایم چیمہ کی بیٹی کے ساتھ زیادتی کے بعد اس کو فلیٹیز ہوٹل کے اندر قتل کیا تھا اور کانٹوں سے اس کی شرمگاہ کو زخمی کیا تھا، آج بھی پورا لاہور ان واقعات کو سامنے رکھ کر یہ بات سوچتا ہے کہ کیا جب بیٹے نے وہ زیادتی کی اور اس بچی ثمینہ کو فلیٹیز ہوٹل کے اندر قتل کیا اور اس کو چھت سے گرایا، تو اس وقت اکبر بگٹی صاحب کو اس بچی کے لئے وہ درد نہ آیا جو آج ان کو آرہا ہے۔ یہ سوال ہے جناب چیئرمین! یہ آج بھی ایک سوال ہے۔ یہ ساری exploitation ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ بلوچستان کے اندر جو ترقیاتی کام ہو رہے ہیں ان کے خلاف یہ سازش ہو رہی ہے۔ اس سازش کے تحت یہ چاہتے ہیں کہ وہاں پر عوام ترقی نہ کرے۔ عوام کو روزگار نہ ملے۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: جی شیر پاؤ صاحب۔

سینیٹر میاں رضا ربانی: ایک منٹ جناب چیئرمین۔

جناب چیئرمین: ایک ایک منٹ کر کے بات لمبی ہو جاتی ہے۔

سینیٹر میاں رضا ربانی: جناب چیئرمین! میں یہ عرض کرنا چاہوں گا کہ یہ ایک----

(مداخلت)

سینیٹر مہیم خان بلوچ: سب سے بڑی بات میں یہ کہتا ہوں کہ اس کے ساتھ بقول آپ کے اس کے یہ ہوا ہے تو آپ اس وقت کہاں تھے؟ اس وقت آپ نے آواز کیوں نہیں اٹھائی؟ آپ اس وقت کیوں خاموش رہے؟ آپ کی عصمت کو لوٹا گیا، آپ کی عصمت پر ہاتھ ڈالا گیا اور آج جب بلوچستان میں ہماری ایک بہن کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے اور اس کی بات ہو رہی ہے تو آپ اکبر خان کا نام لے رہے ہیں۔ مجھے بہت افسوس ہوتا ہے۔ سب سے بڑی بات یہ ہے

کہ بلوچستان پر جو بحث ہو رہی ہے، اس بحث میں پوائنٹ آف آرڈر کی اجازت نہیں ہے۔ اگر پوائنٹ آف آرڈر کی اجازت ہے تو بہت سے پوائنٹ آف آرڈر ہوں گے۔

(مداخلت)

**جناب چیئرمین:** میرا خیال ہے کہ اپنی تقریروں میں cover کر لیں۔

**سینیٹر میاں رضا ربانی:** جناب چیئرمین! میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ ایک نہایت سنگین مسئلہ ہے اور اس میں بہت سے sensitive issues involved ہیں ہمیں چاہیے کہ ہم اس بحث کو آگے بڑھائیں اور میں آپ سے یہ گزارش کروں گا کہ آپ مہربانی کر کے اس دوران پوائنٹ آف آرڈر نہ لیں اور تقاریر کے لئے جن ممبروں کے نام آئے ہیں ان کی تقاریر کروائیں اور میں آغا صاحب سے بھی گزارش کروں گا کہ جب وہ تقریر کریں، وہ نہایت سلجھے ہوئے اور سمجھدار پارلیمنٹیرین ہیں، ایک ایسا شخص جو اس وقت دنیا میں نہیں ہے، defend نہیں کر سکتا۔

(مداخلت)

**سینیٹر ڈاکٹر خالد رانجھا:** آغا صاحب! انہیں بول لینے دیں۔

**سینیٹر میاں رضا ربانی:** میں آغا صاحب سے بھی اس بات کی request کرتا ہوں اور میں سمجھتا ہوں کہ مجھے اس بات کا حق ہے کہ میں ان سے اس بات کی request کروں کہ تھوڑا تحمل سے کام لیں اور آپ سے میری التجا ہوگی کہ اس میں Points of Order نہ اٹھائیں اور صرف بحث کو آگے بڑھائیں تا کہ کچھ مثبت بات سامنے آجائے۔

**جناب چیئرمین:** Points of Order کسی طرف سے نہیں آنے چاہئیں۔ Mr. Sherpao please.

**جناب آفتاب احمد خان شیر پاؤ (وفاقی وزیر داخلہ):** جناب چیئرمین! میں بحث میں نہیں پڑنا چاہتا۔ Ultimately جب بحث ختم ہوگی تو میں ضرور جواب دوں گا لیکن honourable member نے ایک بات جو مجھ سے منسوب کی کہ میں نے بیان دیا کہ پانچ سو لوگوں کو نکالیں گے۔ میں نے ایسا کوئی بیان نہیں دیا۔ شاید جذبات میں آ کے انہوں نے کہہ دیا۔

I just want to put the record straight کہ میں نے ایسا کوئی بیان نہیں دیا۔ چونکہ دو دن کے بعد یا تین دن کے بعد اس کی winding up ہو گی شاید وہ وقت مناسب نہیں ہوگا اس لیے میں نے کہا کہ میں نے کوئی ایسی بات نہیں کی۔ میں اندر آیا ہوں تو ممبر صاحب نے کہا کہ انہوں نے ان کو یرغمال بنایا ہوا ہے، کیپٹن صاحب کو انہوں نے چھپایا ہوا ہے تو ایسی باتیں نہ کریں جو کہ اس لحاظ سے نہ ہوں۔ ہم بڑے صبر اور تحمل سے آپ کی بات سننا چاہتے ہیں تاکہ یہاں پر ایک مثبت discussion ہو اور کوئی نتیجہ نکلے کیونکہ یہ ہاؤس Upper House ہے اور ہم چاہتے ہیں کہ ایک ایسی فضا ہو جس میں ہم کچھ آگے بڑھ سکیں اور بلوچستان کے issue پر کچھ آگے بڑھ سکیں اور کوئی نتیجہ نکل سکے۔ Thank you sir.

جناب چیئرمین: شیر پاؤ صاحب نے جو کہا ہے وہ بڑی معنی خیز بات ہے کہ تصدیق شدہ بات بیان کی جائے جس کے بارے میں doubt ہے وہ بات نہ کریں وہ خواہ مخواہ ادھر سے ادھر جائے گی۔ ڈاکٹر خالد رانجھا۔

سینیٹر ڈاکٹر خالد رانجھا: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ بلوچستان کا مسئلہ ایک بڑا اہم مسئلہ ہے اور تمام ہاؤس آج متفق ہے کہ اس موضوع پر بات کر لی جائے۔ اخبارات میں مختلف قسم کی خبریں آتی رہی ہیں۔ کہیں ذکر آیا ہے کہ فوج کشی ہو رہی ہے، انکار ہوا ہے کہ فوج کشی نہیں ہو رہی۔ جو سیاسی پارٹیاں ہیں ان کا نظریہ یہ ہے کہ ہمیں تمام مسائل کو افہام و تفہیم سے حل کرنا چاہیے، گفتگو سے حل کرنا چاہیے اور dialogue سے حل کرنا چاہیے۔

آج میں ہاؤس سے استدعا کروں گا کہ بڑا سنگین مسئلہ ہے۔ Individual cases ہوتے رہتے ہیں۔ ہم سب کو بڑا دکھ ہے اس واقعے کا جو لیڈی ڈاکٹر سے زیادتی ہوئی ہے۔ Law and Order situation ہمارا ایک مسئلہ ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ آج ایسی نہج نہ اپنائی جائے جس سے debate الجھ جائے اور ایسی چھوٹی باتوں میں گم ہو جائے۔ امان اللہ کنرانی میرے بڑے اچھے دوست ہیں، بڑے بھائیوں کی طرح ہیں۔ بڑے اچھے وکیل ہیں۔ بار کے لیڈر ہیں۔ کیا انہیں نہیں پتا کہ جب تفتیش ہو رہی ہوتی ہے اور ایسے فورم پر جب بیان دیئے جاتے ہیں، وہ بیان رپورٹ ہوتے ہیں، ریکارڈ ہوتے ہیں اور جب مقدمہ چلتا ہے تو ایسے بیانات اثر انداز ہوتے ہیں۔ میں سمجھتا

ہوں ہم سب کی خواہش یہ ہے کہ جو بھی اس کیس میں ملزم ہے ان کو تفتیش میں پکڑا جائے، ان کا trial ہو، Extra judicial killing نہیں ہونی چاہیے، ان کی trial ہونی چاہیے، ملزمان کی نشان دہی ہونی چاہیے لیکن جب بھی ہم ایسے بیانات دیں گے بالخصوص ایسے فورم پر تو ملزمان کو اس کا بالآخر فائدہ ہو گا۔

میں بڑے ادب سے کہوں گا کہ یہ واقعہ ہوا ہے جو افسوس ناک ہے۔ ملزمان کو سزا ہونی چاہیے لیکن اس چھوٹے سے واقعہ کو اتنے بڑے ملکی issue کے ساتھ منسلک کرکے ملکی issue کو خراب نہیں کرنا چاہیے۔ آج issue کیا ہے کہ بلوچستان کے context میں کہتے ہیں، ہم سب کہتے ہیں کہ جمہوریت کا یہ قاعدہ ہے کہ ہم اختیارات کو devolve کریں جیسے صوبائی اختیار کو devolve کیا گیا ہے ضلعوں میں اسی طریقے سے سوچ یہ ہے کہ جو اختیارات Federal Government کے ہیں، جو Center کے اختیارات ہیں ان کو بھی dilute کرکے صوبوں میں بھیجا جائے۔ یہ ایک بڑی اچھی بات ہے اور اس کے جتنے بھی negative, positive پہلو ہیں، ہمارے اپنے ماحول کے مطابق اس کا تجزیہ کیا جائے۔ ایک کمیٹی بنی ہوئی ہے جس کے وسیم سجاد صاحب چیئرمین ہیں جو آئینی امور کا جائزہ لے رہی ہے کہ اگر ہم concurrent list کو dilute کر دیں تو عین ممکن ہے اور یہ مسئلہ صرف بلوچستان کا نہیں ہے۔ یہ مسئلہ صرف Frontier کا نہیں ہے، یہ مسئلہ پنجاب کا بھی اتنا ہی ہے۔ خدارا! جب ہم بات کرتے ہیں decentralization کی تو اس کو خراب نہ کیجیئے گا صرف بلوچستان پر مرکوز کرکے۔ It is a national issue. We are all in favour of devolving. جیسا ہم نے devolve کیا ہے Provincial Authority کو صوبوں پر، اسی طریقے سے بڑی دیر سے بات ہو رہی ہے autonomy کی۔ یہ کوئی آج کی بات نہیں ہے۔ جب بھی آئین بنا ہے، تب بھی بات ہوئی autonomy کی اور مختلف ممالک میں یہ Concurrent list, Federal list, Provincial list ہیں۔ ہر ملک کا اپنا اپنا انداز ہے، ہمیں بھی چاہیے اس وقت اور بطور وکیل میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ جو concurrent list ہے یہ شاید ساری کی ساری غیر ضروری ہے یا اس میں بے شمار ایسی شقیں ہیں جن کو ہم بہت ہی احسن طریقے سے devolve کر سکتے ہیں۔ اگر آپ آئین میں پڑھیں تو جو boiler ہے اس کا بھی لکھا گیا ہے کہ یہ Federal subject ہے۔ اب جو boiler ہے یہ

کس لیے federal ہے؟ عین ممکن ہے کہ ہم نے supervisor بھرتی کرنے ہوں۔ تو اس طریقے سے اگر ہم اس کو minutely examine کریں۔ محکمہ صحت ہے ' it is totally a provincial subject. زراعت ہے ' اس کا کیا تعلق ہے federal Government کے ساتھ ' صحت کا کیا تعلق ہے ' علیٰ ہذالقیاس ' let us sit down and examine کہ ہاں جی کیا طریقہ کار ہے جس طریقے سے ہم devolve کریں اور please do not talk in perspect of Balochistan alone. اس لیے کہ پھر ایک ایسی فضا پیدا ہوجاتی ہے جس کو ہم سمجھتے ہیں کہ a kind of a hate argument. یہ ایک آئینی مسئلہ ہے۔ اس میں تمام صوبے اسی طرح محسوس کرتے ہیں جس طریقے سے ہمارے بلوچستان کے دوست محسوس کرتے ہیں۔ Let us now think in that terms largely, اگر آئین کے تناظر میں اس کا حل نکلتا ہے تو وہ نکالا جائے۔ نوکریوں کا مسئلہ ہے ' there is Public Service Commission, وہاں ہو سکتا ہے۔ Distribution of assests کی بات ہے ' وہ وہاں ہو سکتا ہے۔ آئین میں تمام mechanism موجود ہیں۔ the issue is that those mechanism are not being put into operation. Let us sit down and see کہ جو محرومیاں ہیں یہ پنجاب میں بھی اتنی ہی ہیں جتنی بلوچستان میں ہے کیونکہ پنجاب کے افسران زیادہ ہیں' پنجاب میں تعلیم زیادہ ہے' پنجاب کے لوگ مختلف مقامات پر بیٹھے ہوئے ہیں' شاید محسوس نہیں ہوتا۔

میں بڑے ادب سے کہوں گا کہ let us win the debate on Constitution and win the debate on dissimilation of authority تاکہ جہاں جہاں بھی محرومی کی بات ہے اس کو ختم کیا جائے and we should converge into forming one nation. نہ بات کریں بلوچ کی' پختون کی' پنجابی کی' let us talk اس ہاؤس میں یوں بات کی جائے کہ it is a national issue. It is not a Baloch issue alone. اور آج جو امان اللہ نے تقریر کی ہے' بڑی جذباتی کی ہے' بہت جذباتی کی ہے۔ اس سے میرا خیال ہے کہ غلط message بھی آ سکتے ہیں۔ Let us now converge on this problem and decide. آپ نے سوچا جب یہ issue آیا کہ ہاں جی کیا اس موضوع پر بحث ہونی چاہیے؟ کسی آدمی نے انکار نہیں کیا اس ہاؤس میں۔ All of us feel that way اور جب distribution of assets کی بات آتی ہے'

آئین میں mechanism ہے، let us all sit together and say کہ یہ جو آئین کے mechanisms ہیں، جس سے distribution ہو سکتی ہے، وہ mechanism کیوں کام نہیں کر رہے ہیں۔ یہ جو ہم روزانہ، we are shelving the problem under the carpet. اچھا جی کمیٹی بیٹھی گی، council بیٹھے گی، فیصلہ کریں گے کہ ہم نے portion کرنا ہے assets کو آبادی کی بنیاد پر یا رقبے کی بنیاد پر۔ بحث ہوتی ہے پھر ہم اس کو ملتوی کر دیتے ہیں۔ تو آج میں سمجھتا ہوں کہ اس ایوان بالا میں اکٹھے ہو کر سب سے پہلے Let us analyse the problems No.1 , Sir, Then let us go and address them. No.3, ان میں قابل عمل کون کون سے ہیں ان میں کون سے ایسے issues ہیں جن پر اختلاف کوئی نہیں ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس طرح سے کہیں ہاں جی ! کہ تمام کا تمام آج ہی فوری کر دو ایک اچھا طریقہ ہوگا، جو قابل عمل ہیں ان کو فوری کر دیا جائے۔ جن میں افہام وتفہیم کی ضرورت ہے ان میں افہام و تفہیم کی جائے اور جو وہ سمجھیں کہ یہ قابل عمل نہیں ہیں۔

Let us all sit together and say

آج قابل عمل نہیں ہیں

Let us wait for this time, Let us now focus on this proposition in a constructive manner

نہ کہ جذباتی طور پر یہاں بات ثمینہ کی ہوتی ہے۔ طلال بگٹی کی ہوتی ہے۔ ادھر بات ڈاکٹر صاحبہ کی ہو رہی ہے۔ یہ تمام بری باتیں ہیں برے واقعات ہیں۔ we all condemn them لیکن جو larger national issues ہیں۔ میں بڑے ادب سے تمام دوستوں سے کہوں گا کہ

Let us now look at the whole thing in a positive manner

اور اس بحث کا کوئی نتیجہ نکلنا چاہیے اور نتیجہ کیا ہوگا کہ آئندہ ہم emerge کریں as one nation اور نہ کہ الزامی گفتگو میں اس تمام issue کو خراب کر دیں۔

thank you very much sir.

جناب چیئرمین: مسٹر رضا محمد رضا۔

سینیٹر رضا محمد رضا، جناب چیئرمین! میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ بلوچستان کے مسئلے پر مجھے موقع دے رہے ہیں۔ مجھے افسوس ہے کہ آج کے اس اجلاس میں ہمیں جس انداز سے اس مسئلے پر اظہار خیال کرنا چاہیے تھا۔ اپوزیشن اور حکومت کے تمام ممبران کو وہ آغاز وہ ابتداء ہم درست طریقے سے نہ کر سکے۔ اگرچہ جس موضوع پر آپ نے debate کا فیصلہ کیا ہے کہ اس پر ہم سیر حاصل بحث کریں گے دو تین دن تک، وہ ایسے حالات ہیں، بلوچستان کی ایسی صورت حال ہے جناب چیئرمین، کہ وہ معمول کی صورت حال نہیں۔ بلوچستان میں اس وقت جنگ کی صورت حال ہے مکمل طور پر حالت جنگ میں بلوچستان ہے۔ ہماری مسلح قوتیں اپنے تمام اسلحہ، توپ تفنگ کے ساتھ اپنی تمام اسلحی طاقت کے ساتھ اپنے عوام پر حملہ آور ہے اور ہمارے نہتے عوام اس صوبے کے بلوچ اور پشتون اپنے دفاع کی جنگ لڑ رہے ہیں۔ اپنی عزت و ناموس کی جنگ لڑ رہے ہیں، اپنے جان و مال کے تحفظ کی جنگ لڑ رہے ہیں اور یہ ایسی حالت ہے جو ہم نے دیکھی ہے، اس ملک کے عوام نے دیکھی ہے، یہی صورت حال بنگال کی تھی مشرقی پاکستان کی، ان کے ایسے ہی مطالبات تھے اور پر امن جدوجہد جاری تھی لیکن وہاں ایسی صورت حال مسلط کی گئی کہ وہاں کے لوگ مجبور ہوئے وہ طریقے آزمانے کے لیے مجبور ہوئے اپنی بقاء کی جنگ لڑنے کے لیے جو برہمن نے نہیں دیئے تھے لیکن یہ حالات بنگال پر مسلط ہوئے تھے۔

جناب چیئرمین! ہمیں یہ فخر ہے "پونم" کی تمام پارٹیوں کو یہ فخر ہے پشتون بلوچ، سندھی، سرائیکی محکوم اقوام کی تحریک "پونم" کو یہ فخر حاصل ہے جناب چیئرمین! اور اس ہاؤس کا ریکارڈ اس کا گواہ ہے پونم کی پارٹیوں نے بیس دن کم ایک سال پہلے ۲۲ فروری کو اس ہاؤس کے سامنے پارلیمنٹ کے لاجز کے سبزہ زار پر جب آپ نے ان کو نہیں چھوڑا، انہوں نے یہی نشاندہی کی تھی۔ ایک سیمینار مقرر کیا تھا اور اس سیمینار میں یہی کہا گیا تھا کہ اس ملک کے حکمران LFO کے ذریعے، سترہویں آئینی ترمیم کے ذریعے مارشل لاء کا آئین مسلط کر رہے ہیں۔ جو اس ملک کے آئینی، سیاسی نظام کا خاتمہ کر رہے ہیں، جو اس ملک کی قوموں کو، اس ملک کے عوام کو حق حکمرانی سے محروم کر رہے ہیں اور اس کے اثرات نکلیں گے۔

جناب چیئرمین! آپ ذرا یاد کریں 22 فروری کو اس ایوان میں بیٹھے ہوئے، یہاں کی

اردگرد کی عمارتوں میں بیٹھے ہوئے تمام لوگ سن رہے تھے نہ صرف پونم کے بلکہ پیپلز پارٹی کے ، مسلم لیگ (نواز) کے ، پروفیسر ساجد میر کے ، عوامی نیشنل پارٹی کے قائدین نے اس سیمینار میں شرکت کی تھی اور خبردار کیا تھا کہ اس اقدام ، آئین کے خاتمے، پارلیمنٹ کی بالادستی کو ختم کرنے کے اور مارشل لاء اور فوجی آئین مسلط کرنے کے اثرات بڑے تباہ کن ہوں گے اور پھر اس پر جناب 16 اگست کو پونم کی ان پارٹیوں نے اسلام آباد کے مارگلہ ہوٹل میں محکوم قوموں کی آئینی ، محکوم قوموں کی معاشی ، محکوم قوموں کی ثقافتی استحصال کا اعداد وشمار کے حوالے سے حقائق کی روشنی میں ، بین الاقوامی اصولوں کی روشنی میں، وہ تمام حقائق پیش کئے کہ اس ملک کی پشتون، بلوچ، سندھی ، سرائیکی قوموں کے ساتھ کیا سلوک روا رکھا گیا ہے ۔ کس انداز سے ان کا استحصال ہو رہا ہے اور اس کے نتائج کیا نکلیں گے ۔جناب چیئرمین! آج جو بلوچستان کے حالات ہیں یہ ان پالیسیوں کا نتیجہ ہیں ۔ حکمرانوں کی بالادستی کی پالیسیوں کا نتیجہ ہیں ۔ قوموں کے سیاسی اختیارات غصب کرنے کا ، ان کا حق حاکمیت ختم کرنے کا ، صوبوں کی خود مختاری ختم کرنے کا ، وسائل پر ان کا کنٹرول ختم کرنے کا نتیجہ آج یہ ہے جو بلوچستان میں نکلا ہے ۔ وہاں پر آپ occupation کے میگا پراجیکٹس بنا رہے ہیں ۔ آپ وہاں کے وسائل کو ہمیشہ کے لئے اپنے قبضے میں رکھنا چاہتے ہیں ۔ آپ گوادر میگا پراجیکٹ کے ذریعے وہاں کی پوری آبادی کو اقلیت میں تبدیل کرنا چاہتے ہیں ۔ کسی کو گوادر کی ترقی کے ساتھ اختلاف نہیں لیکن گوادر کی ترقی صوبے کے اختیار میں ہوگی ۔ پشتون ، بلوچ عوام کی صوبائی اتھارٹی کے تحت ہوگی ۔ اگر آپ occupation کا میگا پراجیکٹ بنائیں گے اور اس کے لئے آپ چھاؤنیوں کا سہارا لے رہے ہیں، آپ فوجی طاقت کا سہارا لے رہے ہیں ۔ یہ طے ہوا تھا ۔ یہاں پر یہ محسوس کیا گیا تھا کہ یہ صورتحال کس ڈگر پر چل پڑی ہے ۔ اس وقت کے وزیراعظم نے تمام پارٹیوں نے یہ محسوس کیا تھا ۔ ہم نے اس کام کے لئے کمیٹی بنائی اور اس کا اولین فیصلہ یہی تھا کہ کوئی چھاؤنیاں نہیں ہوں گی جب تک اس کمیٹی کی رپورٹ نہیں آتی ۔ گوادر میں کوئی مزید کام نہیں ہوگا ۔ لیکن جناب والا! ہمارے حکمران اس کمیٹی کی تمام سفارشات کے دوران ، اس کمیٹی کی تمام meetings کے دوران ، ان کی تمام تیاریوں کے دوران اپنے عزائم پر لگے رہے ۔ وہ اپنے موقف پر قائم رہے ، وہ بار بار کہتے رہے کہ ہماری چھاؤنیاں بنیں گی ۔ وہ کہتے رہے کہ گوادر ہماری مرضی

کے مطابق بنے گا۔ وہ کہتے رہے کہ یہ وسائل ہماری ملکیت ہیں۔

جناب چیئرمین! آپ نے دیکھ لیا کہ جو محنت ہوئی تھی یا ہو رہی ہے اس کا کسی نے کوئی احساس نہیں کیا، کوئی پاس نہیں رکھا۔ اس غاصب جرنیل مشرف سے لے کر ہمارے تمام نام نہاد وزراء تک سب نے یہ کہا ہے کہ ہمارے پلان پر عمل جاری رہے گا۔ شیرپاؤ صاحب نے بھی کہا۔ اس کی کوئی تردید نہیں ہوئی ہے۔ وہ یہی کہتے ہیں کہ ہم نے طاقت کے زور پر بلوچستان پر حکمرانی کرنی ہے اور وہ کہتے ہیں کہ ہم چھاؤنی بنائیں گے۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم گوادر اسی طرح سے بنائیں گے، ہم صوبے پر police مسلط کریں گے۔ وہاں پر 99% رقبہ levies کی force کے ذریعے تھا لیکن آپ کے Police Ordinance کے تحت وہاں پر آپ A-Area اور B-Area ختم کر کے police راج کے ذریعے ایک اور طاقت مسلط کرنا چاہتے ہیں۔ جناب چیئرمین! ایسے حالات میں بلوچستان کی صورت حال کا مسئلہ پیدا ہوا ہے۔ آپ نے وہاں کے لوگوں کو دیگر ذرائع اختیار کرنے پر مجبور کیا، اس کے ذمہ دار حکمران ہیں۔ جب لوگ سیاسی انداز سے آئینی طریقوں سے پرامن جمہوری طریقوں سے مایوس ہوں گے۔ جب ان کے مسائل، ان کے حق خود اختیاری کے، ان کی قانون کی حکمرانی کے، ان کے بنیادی حقوق کے، اپنے وسائل پر، اپنے حق ملکیت کے یہ برحق مطالبے اگر جناب چیئرمین! آپ کے ان اداروں میں حل نہیں ہوتے، سیاسی حوالے سے حل نہیں ہوتے تو پھر یہ ایسے ہی طریقے اختیار ہوں گے اور جس ملک میں جس قوم کے لئے یہ ناگزیر بنا ہے تو پھر آپ نے نتائج دیکھے۔ میں پونم کے نمائندگی سے، تمام پشتون، بلوچ، سندھی، سرائیکی اقوام کی نمائندگی سے یہ کہوں گا کہ یہ بلوچستان کے حالات یہ صرف بلوچستان کے نہیں، یہی حالات پشتونوں کے ہوں گے، یہی سندھیوں کے اور یہی سرائیکیوں کے ہوں گے، یہ تو ایک آغاز ہے۔ بلوچستان کو، بلوچوں کو یہ فخر ہے کہ انہوں نے ابتداء کی لیکن جس انداز سے ہمارے جرنیل بضد ہیں، آپ کہتے ہیں کہ ہم کالا باغ ڈیم بنائیں گے۔ آپ نے کالا باغ بنانے کی اسی انداز سے حماقت کی تو آپ یہ ساری بلوچستان کی صورت حال بھول جائیں گے تو پھر آپ کا کوئی ملک نہیں رہے گا۔ آپ نے یہ choice کرنی ہے، ہم آپ کو ایک بار پھر خبردار کرتے ہیں کہ یہ جو سوئی کے حالات ہیں، بلوچستان کے حالات ہیں، یہی حالات پورے ملک کے ہوں گے اور اگر کالا باغ جیسے منصوبے، پشتونوں کے پانی پر قبضہ کرنے، بجلی قبضہ کرنے کے،

جناب چیئرمین! اب یہ آپ پر ہے، آپ اس مقدس ایوان کے نمائندے ہیں، آپ نے یہ دیکھنا ہے کہ اس قوم کے کیا جذبات ہیں، Federating Unit کے، قوموں کے اور اس کا حل کیا ہے، ہم نے تو آپ کو حل دیا ہے۔ اب یہ اکیسویں صدی ہے جو سفارشات ہم نے دینی ہیں، وہ تو ہم آپ کی مرضی کے تحت دے رہے ہیں، آپ کی منظوری کے لئے لیکن جناب چیئرمین! کوئی پشتون، کوئی بلوچ، کوئی سندھی، کوئی سرائیکی اور حتیٰ کہ پنجاب کے عوام، غریب اور جمہوری عوام اب آپ کے اس آئینی نظام سے مطمئن نہیں ہوں گے۔ رانجھا صاحب Concurrent List وہ ہمیں بڑا تحفہ دے رہے ہیں، Concurrent List کا تو آپ نے 73 میں agree کیا تھا اور یہ 2005 ہے۔ اب قومیں چار محکموں کے علاوہ دفاع، کرنسی، خارجہ اور مواصلات کے علاوہ کسی بات پر مطمئن نہیں ہوں گی۔ وسیم صاحب کو اس کا احساس کرنا ہو گا، ان کو بڑی اہم ذمہ داری سونپی گئی ہے۔ اس ملک کو چلانا ہے تو پہلے اس ملک کی وحدتوں کا، اس ملک کی قوموں کا حق حکمرانی تسلیم کرنا ہے۔ اس Federation کو آپ نے، آپ کہتے ہیں کہ ہم اس کو strengthen کریں گے، اس ایوان کے اختیارات کے بغیر، سینیٹ کو بااختیار کئے بغیر آپ اس ملک کو، اس Federation کو مستحکم نہیں کر سکتے۔ بلوچ آپ سے کیا مانگتے ہیں؛ سندھی آپ سے کیا مانگتے ہیں اور سرائیکی آپ سے کیا مانگتے ہیں؛ پشتون کیا مانگتے ہیں؛ کوئی خیرات نہیں مانگتے۔ ہم نے سیمینار میں ثابت کیا کہ اس ملک کے تمام وسائل کے مالک بیشتر وسائل کے مالک یہی قومیں ہیں۔ پنجاب اس فیڈریشن کو کیا دے رہا ہے؛ ایک لگان ہے وہ بھی صوبائی حکومت کو مل رہا ہے۔ اس ملک کے تمام تر وسائل ان غریب قوموں کے، بدحال قوموں کے ہیں۔ آج اگر پشتونوں کی پانی اور بجلی نہ ہو تو میں دیکھتا ہوں کہ آپ کی آبادی کیسی ہے؛ بلوچوں کے بندرگاہ، گیس اور زمینی معدنیات نہ ہوتیں تو آپ کی حالت یہ ہوتی؛ آپ کو معلوم ہے وہ جنرل سلطان جو ہر معاملے پر بڑا **** ہے وہ کہتا ہے۔

Mr. Chairman: Don't make any personal remarks please. They should be expunged from the record.

---

\+ [**** Words expunged by the orders of the Chair.]

سینیٹر رضا محمد رضا: بالکل جناب۔ اس کے بعد وہ دوسرا جنرل بنا ہے۔ وہ اس ملک کی بدحالی اور بحران کا اصل ذمہ دار ہے۔ جو فوجی طاقت کے ذریعے اپنے غریب عوام کو وزیرستان میں ڈراتا ہے یا سوئی یا گوادر اور خضدار میں ڈراتا ہے۔ جناب چیئرمین! اس نے یہ مان لیا تھا کہ سندھ کے اتنے وسائل ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ گیس یا دیگر وسائل ان ہی قوموں کی ملکیت ہیں۔ قومیں اب ان وسائل سے اپنا حق ملکیت مانگتی ہیں۔ اس ایوانوں میں قومیں اپنی برابری کا حق مانگتی ہیں۔ پالیسی سازی میں، داخلہ اور خارجہ پالیسیوں میں، اس ملک کو چلانے میں قوموں کو آپ نے برابری کا حق دینا ہے۔ کوئی خیرات آپ سے نہیں مانگ رہا ہے۔ قومیں خیرات آپ کو دیں گی۔ اس فیڈریشن کو دیں گی لیکن اپنی بساط کے مطابق، اپنے حصے کے مطابق۔

جناب چیئرمین! اس وقت کیا صورتحال ہے؟ صورتحال اب یہ ہے کہ بالکل ایک صوبے کی بالادستی ہے اور وہ بالادستی فوج کے ذریعے مسلط ہے۔ فوج نے اس پورے ملک کو اپنے نام الاٹ کیا ہے۔ اس ملک کی تمام دولت اب فوج کی عیاشیوں کے لئے وقف ہے۔ جب کوئی مطالبہ اٹھتا ہے۔ برحق مطالبہ کسی علاقے سے، کسی قوم کی جانب سے، اس پر یہ ردعمل ہوتا ہے کہ ان پر پھر جنگ مسلط کی جاتی ہے۔ ان پر حملے مسلط کئے جاتے ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں۔ جناب چیئرمین! ہمارے علاقوں میں، ہمارے صوبے میں عوام نے اپنے حقوق کے لئے بالکل اپنے ہر وسیلے کو بروئے کار لانے کا تہیہ کر رکھا ہے۔ فیصلہ کر رکھا ہے۔ میں ایک بار پھر دہراتا ہوں کہ یہی عمل ملک کی تمام قومیں کریں گے۔ جس کا آغاز بلوچستان سے ہوتا ہے یہی عمل پشتونخواہ میں ہوگا۔ یہی عمل سندھ میں ہوگا اور یہی عمل سرائیکستان میں ہوگا۔ جس کی ساری ذمہ داری ان حکمرانوں پر عائد ہوگی۔ اگر آپ سیاسی حل پیش کرتے۔ اگر آپ مسائل کا پرامن حل تسلیم کر لیتے۔ آئینی حل پیش کرتے، قوموں کو برابری کا حق دیا جاتا۔ ان کے وسائل کا ان کو حق دیا جاتا۔ فیصلوں میں شریک کیا جاتا تو آج بلوچستان کے یہ حالات نہ ہوتے۔ بلکہ یہ تو آپ ہیں کہ ایک کے بعد دوسرا اقدام کرتے ہیں۔ اس وقت آپ اس ملک کے حکمران ہیں۔ اس ملک کو ۱۹۳۵ء کے دستور کے نیچے لائے ہیں۔ ۱۹۳۵ء سے پہلے انگریز کے بدترین استعمار کے دور میں جو اختیارات ہمیں حاصل تھے۔ وہ حقوق بھی ہم سے چھینے گئے ہیں۔ آپ ۱۹۷۳ء کی آئین کی بات کرتے ہیں۔ وسیم

دستور کے نیچے لائے ہیں۔ ۱۹۳۵ء سے پہلے انگریز کے بدترین استعمار کے دور میں جو اختیارات ہمیں حاصل تھے۔ وہ حقوق بھی ہم سے چھینے گئے ہیں۔ آپ ۱۹۷۳ء کی آئین کی بات کرتے ہیں۔ وسیم صاحب ابھی ہمیں کہیں گے کہ دیکھو ہم نے آپ کو بڑا پیکج دیا ہے۔ ہم نے Concurrent List ختم کیا۔ اس میں بھی اس کی مہربانی ہے کہ صرف تعلیم یا زراعت یا صحت ہم کو دیں گے۔ تو پھر آپ اپنے اعمال کا نتیجہ دیکھ لیں۔ آپ تو اپنے اعمال کے گرو ہو گئے ہیں۔ وہ یہ اعمال ہیں کہ جن کی وجہ سے اب عوام اٹھ چکے ہیں۔ اب ہم پیچھے نہیں جائیں گے۔ اب حکمرانوں کو یہ تسلیم کرنا ہوگا، حکمرانوں کو اب retreat کرنا ہوگا اپنی occupation کی پالیسیوں سے، استعماری پالیسیوں سے اور قبضہ گری کی پالیسیوں سے۔ اب یہ فیصلہ حکمرانوں پر ہے۔ اگر آپ نے بلوچوں اور پشتونوں کے مطالبات کو تسلیم کرنا ہے، اس صورتحال کو پُرامن بنانا ہے تو میں وہی بات کروں گا کہ پارلیمانی کمیٹی میں بڑی محنت ہوئی ہے، اس میں تمام پارٹیوں کی نمائندگی ہے، اس ملک کی حکمران پارٹیاں، جنہوں نے بار بار حکمرانی کی ہے، اس میں ان کی نمائندگی ہے اور ان کی سفارشات تقریباً حتمی صورت اختیار کرتی جا رہی ہیں۔

اب بھی عقل سلیم کا تقاضا یہ ہے کہ پارلیمانی کمیٹی کی تمام سفارشات پر فی الفور عمل کیا جائے اور یہ چھاؤنیاں بنانے کے ارادے ختم کئے جائیں، گوادر پر قبضہ کرنے کے، وسائل پر قبضہ کرنے کے تمام ناپاک عزائم ترک کئے جائیں اور پارلیمانی کمیٹی کے فیصلوں کا احترام کیا جائے۔ اسے مزید قوموں کے حق میں، اس ملک کی وحدتوں کے حق میں، اس ملک کی جمہور کی حکمرانی کے لئے، اس ملک کے رضاکارانہ federation کو بنانے کے لئے وہ تمام ترامیم لائی جائیں۔ پھر کوئی احمق یا کوئی ایسا دیوانہ نہیں ہے کہ کوئی بلوچ، پشتون، سندھی یا سرائیکی مر مٹنے کے لئے تیار ہو جائے اور اپنی تمام بے بسی کی وجہ سے وہ بندوق اٹھانے پر انحصار کرے۔ اگر آپ نے پُرامن سیاسی حل تسلیم کرنا ہے تو یہ تمام projects ختم ہوں، یہ جو occupation کے mega projects ہیں جن کو کہ آپ نام دے رہے ہیں، کیا مہربانی ہے، ایک 'coastal highway' ایک ہزار بار اس کا ذکر۔ ایک میرانی ڈیم، ایک ہزار بار اس کا ذکر، ان تمام projects کا مقصد گوادر پر قبضہ کرنا ہے۔ اب آپ گوادر پر قبضہ نہیں کر سکیں گے اور نہ آپ کالا باغ ڈیم بنا سکیں گے۔ جناب چیئرمین! میں خبردار کرتا ہوں۔ جنرل بار بار کہتا ہے کہ ہم کالا باغ ڈیم بنائیں گے، پشتون

ایسا کوئی ڈیم نہیں چھوڑیں گے جو اباسین کے پانی کی ملکیت پر استعماری قبضہ جمانے کا ہو، کوئی کالا باغ ڈیم نہیں بنے گا، کالا باغ ڈیم بنے گا تو یہ ملک نہیں رہے گا، پھر پاکستان کا کوئی اور نام ہو گا۔

جناب چیئرمین! آپ بضد رہیں گے، Gwadar Development Authority پشتون، بلوچ صوبے کو نہیں دیں گے یا آپ بضد رہیں گے اور چھاؤنیاں بزور طاقت مسلط کریں گے تو پشتون، بلوچ، سندھی اور سرائیکی جدوجہد کا ہر وسیلہ استعمال کریں گے اور اس کی ذمہ داری براہ راست اس ملک کے حکمرانوں پر ہو گی۔ یہ جو 17 ویں ترمیم کے ذریعے؛ Military Council کے ذریعے، LFO کے ذریعے آپ ایسا ملٹری راج قائم کرنا چاہتے ہیں کہ جس میں قوموں کے تمام وسائل، اس ملک کے تمام اختیارات صرف اور صرف ایک صوبے کے اور وہ بھی جرنیلوں کی، بیوروکریسی کی، ملٹری کی ملکیت میں آ جائے، پھر اس کے نتائج وہی ہوں گے کہ جو بنگال کے نکلے۔ اب آپ پچھتا رہے ہیں، بنگالی کو کوئی پچھتاوا نہیں، بنگال نے ان سے زیادہ ترقی کی ہے، ان سے تیز رفتار ترقی کی ہے، اس کا وقار بھی بلند ہوا ہے، اس کا نام بھی روشن ہوا ہے، اس کا مستقبل بھی محفوظ ہے۔ یہی سبق ہے بلوچوں، سندھیوں، پشتونوں اور سرائیکیوں کے لئے بھی، آپ کو پچھتانا ہو گا، پھر آپ ارمان کریں گے کہ اس ملک کو چلانے کے تمام وسیلے آپ نے استعمال نہیں کئے، آپ نے تمام مواقع ضائع کئے۔

یہ جو "پونم" نے دو بار اسلام آباد آ کر آپ کو خبردار کیا، منتیں کیں، ہمارے 80 سالہ قائدین نے باقاعدہ آپ کی منتیں کیں کہ خدارا اس ملک پر مہربان ہو جائیں، اسے آپ کہاں لے جا رہے ہیں۔ عطاء اللہ مینگل نے "پونم" کے صدر کی حیثیت سے کہا تھا کہ پھر آپ روئیں گے، ہم نہیں روئیں گے۔ پھر آپ آنسو بہائیں گے کہ اس ملک کا جو مستقبل ہو گا یعنی اس کا جو انجام ہو گا وہ آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ "پونم" نے، بلوچوں، سندھیوں، سرائیکی اور پشتونوں نے اپنی طرف سے بار بار اس ملک کو چلانے کے مواقع فراہم کئے ہیں، استدعا کی ہے، پرامن ذرائع پر انحصار کیا ہے لیکن اب یہ تمام ذرائع مسدود ہو گئے ہیں، آپ نے یہ تمام راہیں بند کر دی ہیں اور یہ واحد ذریعہ بچا ہے کہ اب عوام اٹھ کھڑے ہوں گے اور اپنے حقوق کے لیے کسی پر رحم نہیں کریں گے خود اپنے سروں کو قربان کریں گے لیکن اپنے حق حکمرانی سے، اپنے برحق مطالبات

سے کوئی قوم بھی دست بردار نہیں ہو گی۔

جناب چیئرمین ہمیں معلوم ہے کہ اس ایوان میں اور اسی طرح قومی اسمبلی میں ہماری ان باتوں کا، ہمارے ان جذبات کا، ہمارے استدلال کا، ہمارے جرنیلوں پر کوئی اثر نہیں ہوگا، ہمارے حکمرانوں پر اس کا کوئی اثر نہیں ہوگا۔ یہ صرف آپ کے ریکارڈ کا حصہ بنے گا جس طرح بنگال میں ہوا۔ آپ کو یاد ہے کہ شیخ مجیب الرحمان سے لے کر مولانا بھاشانی تک سب نے منتیں کیں اور بار بار کرتے رہے لیکن جب مولانا بھاشانی نے آخری سلام کیا تو پھر آپ نے اس کا نتیجہ دیکھا، آپ مجبور نہ کریں کہ کوئی آپ کو آخری سلام کرے اور یہ صورتحال جو اب ابھر رہی ہے، جو پیدا کی گئی ہے اس کا منطقی نتیجہ یہ ہوگا کہ پھر اور کوئی پشتونوں، بلوچوں، سندھیوں، سرائیکیوں سے اٹھے گا اور اس کا سلام آخری ہوگا اور اس پر آپ پچھتائیں گے ہم نہیں پچھتائیں گے۔ تشکر جناب چیئرمین۔

سینیٹر وسیم سجاد: جناب والا! میں رضا صاحب کے جذبات کا احترام کرتا ہوں لیکن جہاں تک پاکستان کا تعلق ہے یہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اور چاروں صوبوں کے عوام کی طاقت سے انشاء اللہ ہمیشہ قائم رہے گا، ہمیشہ قائم رہنے کے لیے بنا تھا اور یہ انشاء اللہ ہمیشہ قائم رہے گا اور کسی کے کہنے سے یہ کبھی نہیں ٹوٹے گا۔

جناب چیئرمین۔ انشاء اللہ، انشاء اللہ - محترمہ نیلوفر۔

محترمہ نیلوفر بختیار (مشیر برائے سماجی بہبود)۔ جناب والا! Debate wind up Minister of Interior کریں گے لیکن چونکہ میں خواتین کی وزارت کی انچارج ہوں اور بلوچستان میں جو حادثہ ہوا ہے یہاں پر اس کے بارے میں بہت ساری باتیں کی گئی ہیں تو میں حکومت کی position clear کرنا چاہتی ہوں کہ ابھی تک ہم نے اس سلسلے میں کیا efforts کی ہیں - اس بارے میں بہت سارے لوگوں کو تفصیلات کا پتا نہیں ہے اور اخبارات میں کبھی کہا جاتا ہے کہ اس کو کارو کاری کر دیا جائے، کبھی کہا جاتا ہے کہ اس میں فوج ملوث ہے، کبھی کہا جاتا ہے کہ حکومت اس بات پر پردہ پوشی کر رہی ہے - جناب والا! حقیقت یہ ہے کہ جس روز rape ہوا اس روز صبح وہ لیڈی ڈاکٹر خود چل کر ہسپتال گئیں۔ اس کے بعد جب پولیس کو اطلاع

دوسرے دن پھر ایس ایچ او وہاں پر گئے ہم مسلسل رابطے میں تھے کہ کسی طرح سے اس خاتون کی statement مل جائے، ہماری اطلاع کے بغیر، ہم سے پوچھے بغیر اس خاتون کو کراچی بھیج دیا گیا، یہ بھی پی پی ایل نے کیا، اس میں حکومت کی کوئی involvement نہیں ہے۔ چوہدری شجاعت حسین صاحب کراچی گئے، ہماری وزیر ڈاکٹر سیدہ ملک صاحبہ کو وہاں بھیجا گیا، انہوں نے بہت منت سماجت کے بعد اس ڈاکٹر کی statement record کروائی، ان کی موجودگی میں statement record ہوئی۔ اب وہ اس بات سے انکار کرتی تھیں کہ وہ دوبارہ سوئی آئیں اور ان لوگوں کی شناخت کریں، چونکہ شناخت پریڈ ممکن نہیں تھی تو ویڈیوز بنا کر، پی پی ایل کے ملازمین کی، جو باقی وہاں فوجی اہل کار تھے ان کی، جو لوگ بھی تفتیش میں شک میں آرہے تھے ان تمام لوگوں کی ویڈیو فلم بنا کر ان کی آوازیں ٹیپ کرکے کراچی بھیجی گئی ہیں تاکہ وہ ڈاکٹر صاحبہ ان کی شناخت کر سکیں۔

میں نہیں جانتی کہ انہوں نے شروع میں بیان یوں نہیں دیا، وہ خود خوفزدہ تھیں یا پی پی ایل کی طرف سے pressurised تھیں یا وہ اپنے شوہر جو بیرون ملک تھے ان کے آنے کا انتظار کر رہی تھیں لیکن دکھ کی بات یہ ہے کہ جو وہاں کے عوام تھے، وہاں کے ناظم، وہاں کے لیڈر انہوں نے اپنے بیانات پولیس کی سپورٹ کرکے ان کو ریکارڈ کروائے۔ آج بھی پولیس منتظر ہے کہ کوئی statement آجائے، کوئی supporting evidence آجائے لیکن عوام میں سے کوئی بھی اٹھ کر پولیس کے پاس آنے کے لیے تیار نہیں ہے۔ جوڈیشل انکوائری بٹھائی گئی ہے اس کی رپورٹ انشاء اللہ آجائے گی۔ کیپٹن عماد کا ڈی این اے ٹیسٹ کے لیے جا چکا ہے تین ہفتے لگتے ہیں اس ٹیسٹ کی رپورٹ آنے میں ہمیں تین ہفتے انتظار کرنا ہوگا اگر وہ ملوث ہوتا تو کبھی اپنے آپ کو ٹیسٹ کے لیے پیش نہ کرتا۔ ان تمام کوششوں کے باوجود اگر حکومت کو مورد الزام ٹھہرایا جا رہا ہے تو میں صرف اتنا کہنا چاہتی ہوں کہ وہ بلوچستان کی بیٹی نہیں ہے، وہ پاکستان کی بیٹی ہے اور وہ عورت ہے۔ عورت چاہے کہیں پر بھی ہوگی اس عورت کے لیے ہم عورتیں آواز اٹھائیں گی۔ وہ ہماری بھی بیٹی ہے۔ ہماری بھی بہن ہے۔ میں صرف یہ گزارش کرتی ہوں کہ کاش! جب بلوچستان میں ہر روز ہمیں خبر ملتی ہے کہ غیرت کے نام پر ایک بچی کو گولی مار کر ہلاک کر دیا گیا اور اس کو بغیر نماز جنازہ کے گڑھے میں پھینک کر دفن کر دیا

گزارش کرتی ہوں کہ کاش! جب بلوچستان میں ہر روز ہمیں خبر ملتی ہے کہ غیرت کے نام پر ایک بچی کو گولی مار کر ہلاک کر دیا گیا اور اس کو بغیر نماز جنازہ کے گڑھے میں پھینک کر دفن کر دیا گیا، کاش! اس وقت بھی آپ اس ہاؤس میں اس بدقسمت عورت کے لیے debate کریں۔ چھوٹی سی بچی کا rape ہوتا ہے، وہ بھی بلوچستان کی بیٹی ہوتی ہے، وہ بھی پاکستانی ہوتی ہے، اس کے لیے بھی کبھی اس ہاؤس میں debate ہو۔ کبھی اس کے لیے فاتحہ خوانی ہو جائے۔ یہ میری آپ سب سے درخواست ہے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین، تنویر خالد۔

سینیٹر تنویر خالد: جناب چیئرمین! شکریہ۔ ہمارے سینیٹر ساتھی نے بڑی تفصیل کے ساتھ اس درد ناک داستان کو سنایا اور پھر بلوچستان کی محرومی کا بھی ذکر اپنے انداز میں بہت ہی تفصیل سے کیا۔ ہم سب محسوس کرتے ہیں کہ جس لڑکی یا ڈاکٹر کے ساتھ یہ سانحہ ہوا، شرمناک، الم ناک، دردناک، وہ بلوچی لڑکی نہیں ہے، وہ بلوچی Lady Doctor نہیں ہے، وہ ایک انسان ہے۔ یہ انسانی المیہ ہے۔ عورت کا المیہ ہے۔ ایسا واقعہ دنیا کے کسی مقام پر نہیں ہونا چاہیے اور جس شخص نے کیا ہے، جہاں پر کیا ہے، اس شخص کو ایسی شرمناک اور عبرتناک سزا ملنی چاہیے جس کے بعد کبھی کسی کی مجال نہ ہو۔ اس کو اس طرح کی بھی سزا دی جا سکتی ہے کہ جس کا بیان کرنا میری زبان سے نہیں نکلتا اور میں آپ لوگوں کے سامنے بیان نہیں کر سکتی لیکن یہ غمناک داستان صرف بلوچستان کی نہیں ہے، یہ انسان کی ہے۔ یہ ہم سب کی ہے۔ اس کو exploit نہ کیا جائے کہ بلوچستان کے ساتھ یہ زیادتی ہو رہی ہے۔ جیسے ہماری دوست نیلوفر نے فرمایا، آپ کے ہاں تو آئے دن عورت پر الزام لگاتے ہیں، کسی لڑکی کے اوپر، اس کو کارو کاری کر دیتے ہیں، اس کو دفن کر دیتے ہیں، اس کو گولی مار دیتے ہیں اور ایک غریب ہی کیا آج کل سرداروں میں بہت --- کچھ عرصہ گزرا ہے کہ کسی سعدیہ نام کا ذکر بڑی دھوم سے اخباروں میں آیا کرتا تھا کہ جس کے ماموں اور ماں نے آ کر گولی ماری تھی اسی طرح کے الزام کے اوپر، یہ ایک الگ چیز ہے لیکن اس issue کو ایک دوسرے issue کے ساتھ ملایا جا رہا ہے۔ دیکھیئے! جو میں سمجھتی ہوں، آج تک جو میں نے پڑھا، سیکھا اس سے what I understand کہ کسی ملک کے

اندر جو اس کے natural resources ہیں وہ اس ملک کی ملکیت ہوتے ہیں۔ کسی ایک انسان کے نہیں، میرے والد کے نہیں، میرے دادا کے نہیں، کسی کے نہیں، وہ اس ملک کی ملکیت ہوتے ہیں اور اس ملک کی ملکیت سے اس ملک کے عوام کو فائدہ پہنچنا چاہیے۔ اب تک جن لوگوں نے تقریریں فرمائی ہیں اور وہ بلوچستان کے رہنے والے بھی ہیں اور بلوچستان کے شاید میرے خیال سے وہ سردار بھی ہیں، میں ان سے بڑی عزت کے ساتھ یہ پوچھنا چاہتی ہوں کہ 56 برس کے عرصے میں جب کہ آپ کے سرداروں ہی کے ہاتھ میں وہ علاقہ ہے اور آپ وہاں کے سردار بنے بیٹھے ہیں اور آپ کو بڑا اعزاز ہے، اس ملک سے آپ سب کچھ حاصل کرتے ہیں اور غریب عوام سے آپ ہر طرح کی مزدوری کہوں یا کیا کہوں باج گزاری کے لیے کام کرتے ہیں اور ان کے اوپر حاکم بنے بیٹھے ہیں۔ آپ یہ بتائیے کہ ان پچھلے چھپن سالوں میں آپ نے ان کی welfare کے لیے کیا کیا؟ ان سرداروں نے کتنے سکول کھولے، کتنے کالج کھولے، کتنے ہسپتال کھولے، کتنی عورتوں کی عزت افزائی کی۔ کتنا ان غریبوں کو کام دیا اور ان کو روزگار دیا اور ان کو عزت آبرو دی اور ان کو تعلیم دی۔ ابھی تک وہی سلسلہ چل رہا ہے کہ ہم سردار بنے بیٹھے رہیں گے اور آپ کو اتنا محروم کریں گے کہ آپ کو تعلیم نہ مل جائے، آپ کو ترقی نہ مل جائے۔ اب بات سوئی گیس کی رہی جیسا کہ میں نے ابھی کہا کہ یہ کسی ملک کے national resources ہیں اور وہ ملک کی ساری آبادی کے کام آتے ہیں لیکن اگر پھر بھی کسی کا دعویٰ ہے، اس علاقے کا یا جس کا بھی تو میرے خیال میں what I understand that quite reasonable royalty جس کے لیے agreement ہوا تھا، وہ ان کو دی جا رہی ہے، وہ لے رہے ہیں۔ اب اگر جس کے ذہن میں یہ بات ہے کہ royalty بڑھائی جائے تو شاید ہماری حکوت ضرور اس بات کو سمجھے گی، ان سے بات چیت کرے گی۔ آخر وہ حکومت کرتے ہیں، سمجھتے ہیں، کسی کو exploit نہیں کرتے اور جوت جوت کر اب تک exploitation ہوتا رہا تھا، جب تو کسی نے آواز نہیں اٹھائی۔ یعنی اب تک کتنی ترقی ہوئی ہے بھئی بلوچستان کی۔ اب اس زمانے میں میں دیکھتی ہوں، اخبار بھرے پڑے ہیں، ٹیلی ویژن پر دیکھتے ہیں، لوگ دیکھتے ہیں، یہ جناب صدر کا خاص--- I don't know، why کہ شاید وہ اپنی prestige بنا رہے ہیں یا welfare کر رہے ہیں، انسانی ہمدردی ہے کہ وہ صوبہ بہت backward رہا لیکن آپ لوگوں کی بدولت اور جو پچھلی حکومتیں تھیں، کبھی ان سے

آپ نے سوال کیا، جتنے بادشاہ یہاں پر حکمران ہوتے تھے، یعنی جو صدر بنتے تھے، وزیر اعظم بنتے تھے، انہوں نے کیا کیا عوام کی بھلائی کے لیے جو یہ حکومت نہیں کر رہی اور اگر کر رہی ہے تو کرنے والے کو credit بھی تو دیجیئے۔ کوئی merit بھی ہوتا ہے، کوئی credit بھی ہوتا ہے۔ آج آپ کے بلوچستان کی، ہمارے بلوچستان کی اگر ترقی ہو رہی ہے، اس میں projects لگ رہے ہیں تو ہمیں تو اس بات کی خوشی ہونی چاہیے کہ وہ province that was ignored for all the time لیکن اب وہ ignored نہیں ہیں، اب تو وہ بالکل focuss ہوگیا ہے، وہ حکومت کا focal point ہے-- وہاں پر ترقی ہو رہی ہے، وہاں پر چیزیں بنائی جا رہی ہے اور جب یہ چیزیں لگیں گی، بنیں گی تو ہزارہا لوگوں کو اس سے روزگار بھی ملے گا، لیکن اس gas پر جن لوگوں کا قبضہ ہے یا جو چاہتے ہیں کہ وہ ہماری ہے یا ہمارا پیسہ ہے یا ہمارا اقتدار ہے، آج وہ اس بات کو exploit کرنے کے لیے اس بے چاری غریب، محروم زمانہ، دردناک عورت، لیڈی ڈاکٹر کی عزت اور آبرو پر کوئی ہمدردی کرنے کی بجائے کوئی دوپٹہ، کوئی چادر ڈھانپنے کی بجائے اس کو اس کے ساتھ ملا رہے ہیں، اپنے مفاد کے لیے اس کی عزت کو اور اچھال رہے ہیں۔ آپ اس پر غم کا اظہار کریں، ان کو سزائیں دلوائیے اور اس سے ہمدردی کریں۔ خیر اس کا تو جو لٹنا تھا وہ لٹ چکا، وہ تو ہمدردی یا کسی چیز سے بھی واپس نہیں آسکتا ہے لیکن اس کو دربدر ہر وقت issue نہ بنائے، ہر چیز کے ساتھ اس کو لگا دیا جاتا ہے۔ اس کا علاج کرائیے، ان کو سزا دیجیے۔ ایسی عبرتناک سزا دیجیے، گو کہ اس سے اس لیڈی ڈاکٹر کا مداوا نہیں ہوگا لیکن دنیا تو دیکھے گی کہ ایسا نہیں ہونا چاہیے لیکن خدارا! اس issue کو دوسرے issues یعنی gas سے آپ نہیں ملائیے۔ Gas اس پاکستان کی ہے، اس ملک کی ہے۔ آپ کیا چاہتے ہیں؟ کیا آپ عوام کے چولہے بند کروانا چاہتے ہیں؟ کیا آپ کو اس بات کا دکھ ہے کہ وہاں کی نکلی ہوئی gas سے پنجاب میں چولہا جل جاتا ہے؟ کیا کراچی میں چولہا جلتا ہے؟ اگر کراچی میں ترقی ہوتی ہے تو آپ سندھ کا رونا کیوں نہیں روتے ہیں۔ سندھ میں بھی تو ساری فیکٹریاں، سارے تاجر لوگ، ساری investment, ساری تجارت، سب ہے۔ تو کیا ہم اس کو الزام دیتے ہیں۔ کیا یہ نہیں ہونا چاہیے؟ کیا لاہور میں بندرگاہ ہونی چاہیے؟ کیا سوات میں ہونی چاہیے؟ جس چیز کی جو جگہ ہوتی ہے، وہاں سے اس کا فائدہ اٹھایا جاتا ہے اور وہاں کا فائدہ پوری قوم کو پہنچانے کی کوشش کی جاتی ہے۔ اس

لیے کہ پوری قوم ایک ہے اور جو کہ ایک سانحہ ہوچکا اس کو آج یہاں پر کہنا اور اپنے جی میں بھی رکھنا' میں اپنے colleague Senators سے بڑی دردمندانہ appeal کرتی ہوں کہ اس میں کون سی بڑائی ہے کہ ایسی باتوں کی دھمکی دینا کہ میں شروع ہوجاؤں کہ ہم سندھ کو علیحدہ کر لیں گے۔ then کھیل کھیل ہو جائیے لیکن دیکھیے عبرت کا سامان کہ بازو میں آپ کے ایک ملک ہے وہ کھیل کھیل نہیں ہوتا۔ وہاں کا ایک ایک صوبہ نہیں کھڑا ہوتا کہ میرے پاس یہ ہے' میرے پاس یہ ہے وغیرہ۔ یہ تو سب اتحاد کا ناتہ ہے' پاکستان اسلام کے نام پر لیا گیا تھا' اتنے سالوں سے یہاں پر مسلمان بیٹھے ہوئے ہیں۔ نعرہ تو یہی تھا کہ مسلمان، مسلمان، مسلمان کے لئے۔ All of us are here میں تو دیکھتی رہی minority۔ جب یہ ملک مسلمانوں کے لئے بنا ہے تو یہاں کے resources کا سب کو فائدہ پہنچنا چاہیے اور یہ تیرا میرا' ایسا ساجھا تو اگر آپ ایسا کہیں تو کتنی بری بات ہے۔ یہ تو میں منہ سے ادا نہیں کر سکتی کہ گیس پر آپ کہیں گے' سندھ والے یہ کہیں گے کہ ہم بندرگاہ نہیں دیں گے۔ ہوائی جہاز نہیں اڑنے دیں گے یہاں سے۔ کیسی آپ باتیں کرتے ہیں؟ اتنے سمجھ دار ہو کر' حکومت میں ہوکر' ایوان بالا کے ممبر ہو کر۔ یہ جھگڑا تو آپس میں اگر بچے کرتے کہ یہ جگہ میری ہے یہ جگہ تیری ہے تو اس کو بھی کوئی بڑا سمجھاتا۔ Really, my respectable senator sahiban آپ کو ایسی باتیں کرنی بالکل زیب نہیں دیتی۔ کیا آپ تقریر کی لذت لینا چاہتے ہیں کہ دیکھو ہم کتنی خوبصورت تقریر کرتے ہیں؟ کیا آپ علیحدگی کا بیج بونا چاہتے ہیں؟ کیا آپ بلوچوں سے ہمدردی لینا چاہتے ہیں کہ دیکھو میں نے تمہارے لئے یہ بولا' وہ بولا کیونکہ اگر ایسا ہوا تو عوام تو غریب کے غریب ہی رہیں گے۔ آپ کے محتاج' آپ کے بے گاری' آپ کے پیر دبانے والے' آپ کے گھوڑے چرانے والے' آپ کے گدھے چرانے والے' وہ آپ کے مجبوراً محکوم رہیں گے البتہ آپ وہاں کے سردار اور بادشاہ بن سکتے ہیں۔ میں نے یہی کہا کہ کیا آپ کی سرداری میں ان باتوں سے کچھ کمی واقع ہو رہی ہے جو آپ لوگوں کا دل اتنا دکھتا ہے۔ ان ذخائر کو عوام کے لئے عام کریں۔ آپ لوگ تو بڑے دینی لوگ بھی ہیں' یہ آپ کے لئے کارثواب ہوگا' آخرت میں بھی آپ کو فائدہ پہنچے گا۔ عوام کا بھی فائدہ ہوگا۔ آپ popular parliamentarian کہلائیں گے۔ شکریہ۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی وزیر برائے پارلیمانی امور: میں صرف ایک ڈیڑھ منٹ میں بات ختم کرنا چاہتا ہوں اگر اجازت ہو تو۔

جناب چیئرمین: جی ڈاکٹر صاحب۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی وزیر برائے پارلیمانی امور: جناب چیئرمین! میری یہ گزارش ہے کہ تقاریر بلوچستان کے مسئلے پر ہو رہی ہیں۔ وہاں پر ایک اندوہناک واقعہ ہوا۔ اس کے مجرمان کو سخت سزا ہونی چاہیے، اس میں کوئی دو رائے نہیں ہیں۔ میرا ان بزرگوں سے سوال ہے، ان معزز سینیٹر صاحبان سے، جو علیحدگی کے حوالے سے سخت بات فرما رہے ہیں۔ کیا ان installations نے سوئی کے پلانٹ نے، پائپ نے اور قومی اثاثے نے اس گناہ میں حصہ لیا تھا۔ اگر لیا تو اس کو سزا انہوں نے four barrel rocket سے 850 راکٹ برسا کر، فائرنگ کرکے، دی کیا ان installations نے اس زنا میں حصہ لیا؟ کیا وہ جرم تھا، قومی اثاثے کو برباد کرنے اور ان معصوم لوگوں کا قتل کرنے میں ؟ کیا اس کا اس زنا سے تعلق تھا؟ اگر واقعی ان کی realistic approach تھی تو پھر یہ ہونا چاہیے تھا کہ جو مجرمان ہیں، لیڈی ڈاکٹر کیس میں ملوث ہیں، اس حوالے سے انہیں بھرپور کوشش کرنی چاہیے تھی کہ وہ ملزمان یا مجرمان کیفرکردار تک پہنچائے جاتے۔ لیڈی ڈاکٹر کے حوالے سے اس کی مدد کرتے۔ مجھے افسوس ہے کہ انہوں نے بے گناہ لوگوں کو فائرنگ کر کے موت دی۔ قومی اثاثے کو اتنا زبردست نقصان پہنچایا کہ جس کی مرمت پر کروڑوں روپیہ خرچ ہوا اور پاکستان کی معیشت کو اربوں روپے کا نقصان ہوا اور اس سے چاروں صوبے متاثر ہوئے، اس لئے میرا یہ سوال ان بزرگوں سے، ان محققین سے، ان سکالرز سے، معزز سینیٹرز سے ہے کہ کیا اس پلانٹ کا، ان غریب معصوم لوگوں کا کوئی زنا میں عمل دخل تھا؟

دوسرا ایک سلسلہ اور کہنا چاہتا ہوں۔ جناب معزز سینیٹر پروفیسر خورشید صاحب نے شروع میں ہی پوائنٹ آف آرڈر جو اصل میں پوائنٹ آف آرڈر نہیں تھا۔ چونکہ انہوں نے لفظ de facto استعمال کیا۔ آرٹیکل 41 میں Clause 8 and 9, 17th amendment پر انہوں نے ہمارے ساتھ مل کر ڈلوائی اور اسی طریقے سے جناب صدر کو vote of confidence دلوا کر

دستور میں through President sahib کے 17th amendment کو انہوں نے دستوری صدر ہمارے ساتھ مل کر بنایا ہے اور قانون کے حوالے سے دونوں عہدے رکھنے کا قانون پارلیمان نے پاس کیا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ یہ اکثریت کی رائے پارلیمنٹری democratic system کو نہیں مانتے۔ اکثریتی rule کو نہیں مانتے اس لئے اب یہ اعتراض کرنا غلط ہے۔ اگر President Sahib کے ساتھ ان کا کوئی written معاہدہ ہے تو وہ لائیں۔ Constitution میں واضح لکھا ہوا ہے کہ Notwithstanding anything contained in this article چاہے proviso ہو یا نہ ہو وہ صدر کے لیے نہیں ہے Article 43 ہے۔ میں گزارش یہی کرنا چاہتا ہوں کہ to challenge the authority of the majority and 17th Amendment an Act of Parliament, it is just to negate the basic philosophy of democracy. ان الفاظ کے ساتھ میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین: جی پروفیسر صاحب۔

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد: جناب چیئرمین! میرے محترم وزیر پارلیمانی امور کو حق ہے کہ وہ جو رائے چاہیں رکھیں لیکن جتنا میں نے دستور کا اور قانون کا مطالعہ کیا ہے، میں پورے احساس ذمہ داری سے یہ بات کہتا ہوں کہ وہ دستور، قانون کو mis-represent کر رہے ہیں۔ Article-41 اپنی تمام amendments کے ساتھ ایک integrated article ہے اور اس کی آخری clause جس میں صدارت کے عہدے کے لیے جسے Article-260 میں define کر دیا گیا ہے 63-2(d) کو شامل کر کے categorically اس کو صدر کے اوپر apply کیا گیا ہے۔ اسے dissect نہیں کیا جا سکتا، اسے divide نہیں کیا جا سکتا۔ وہ ایک compact چیز ہے۔ اور 63-1 (d) کو وہاں لانے کا مقصد صرف ایک ہے 41 کے اندر کہ اب صدر اس دستوری ترمیم کا پابند ہے اور صدر نے اس ترمیم کو ماننے سے انکار کیا ہے۔ رہی یہ بات کہ اس میں Law کا ذکر ہے اس میں exception دی جا سکتی ہے اس کا کوئی تعلق ان posts کے لیے نہیں ہے جنہیں دستور نے define کر دیا ہے۔ اس کا تعلق صرف اس type کی post جیسے نمبردار یا کوئی اور، دستوری چیز جسے define کر دیا گیا ہے 260 کے اندر اس کو وہ apply نہیں کرتا اور یہ

ایک اصول ہے قانون کا کہ contract جن بنیادوں پر ہو اگر اس contract کی جو essential conditions ہیں انہیں کوئی توڑتا ہے تو اس کے بعد contract باقی نہیں رہتا۔ اگر میں نے ایک چیز خریدی ہے، possession لے لیا ہے لیکن قیمت مجھے اس کی ادا کرنی ہے دو مہینے کے بعد اور میں قیمت ادا نہیں کرتا تو آپ کی وہ چیز واپس چلی جائے گی۔ یہ ہے قانون، یہ ہے ضابطہ۔

صدر نے ہم سے کوئی معاہدہ نہیں کیا الگ سے بلکہ انہوں نے پوری قوم سے وعدہ کیا ہے اور دستوری obligation کو reaffirm کیا ہے۔ اس اعلان کے بعد اس سے نکلنا اور اس بنیاد پر نکلنا کہ اسمبلی نے قانون پاس کر دیا ہے میں انہیں بتانا چاہتا ہوں کہ Constitutional Law کے اندر اسمبلی کو یہ اختیار نہیں کہ وہ simple قانون کے ذریعے کسی دستوری تقاضے کو یا وہ چیز جو دستور نے دی ہو اسے negate کر دے۔ وہ قانون void ہے، *ultra vires of the Constitution* ہے، اس کی کوئی حیثیت نہیں اور یہ چیز آج نہیں دنیا کے سارے قانونی نظام کے اندر مسلم ہے اور خاص طور پر Lexumberg trials کے اندر جب جرمنی کے چیف جسٹس نے یہ کہا کہ میں نے پارلیمنٹ کے قانون کے تحت یہ یہ معاملات کیے ہیں تو جیوری نے متفقہ طور پر یہ بات کہی کہ پارلیمنٹ کو ایک unnatural law انسانیت کے خلاف قانون بنانے کا اختیار نہیں اور اس بنیاد پر اس کو life sentence دی گئی۔

جناب جو بات میں نے کہی ہے وہ قانون کی بنیاد پر کہی ہے اور سترھویں ترمیم کے سینے میں خنجر جنرل مشرف صاحب نے گھونپا ہے جس کے نتیجے کے طور پر اس کی Legality اس کی legitimacy ختم ہو گئی ہے۔ یہ ہماری position ہے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: ڈاکٹر اسماعیل بلیدی۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین۔ میں آپ کا بہت مشکور ہوں کہ آپ نے اس اہم مسئلہ پر مجھے بولنے کا موقع دیا۔ جیسا کہ ہمارے وزیر صاحب نے فرمایا۔ میں ان کے تازہ تازہ بیان کے بعد اٹھا ہوں۔ جناب مشرف صاحب صرف ہمارا مجرم نہیں ہے، چودہ کروڑ عوام کا مجرم ہے۔ اس نے ت

وی میں آ کر خود اعلان کیا کہ سترہویں ترمیم کے بعد میں بہت مشکل فیصلہ کرنے والا ہوں۔

جناب چیئرمین: بلوچستان پر بات کریں ناں۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: نہیں، نہیں جناب! آپ نے اس کو اجازت دی ہے، مجھے بھی اجازت ملنی چاہیے۔

جناب چیئرمین: بلوچستان پر بات کریں۔ یہ point of order ہم discuss کر رہے تھے۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: جب آپ نے ان کو دیا تو میرے لئے کیوں نہیں ہے۔ نہیں، نہیں تحمل سے سنیں، جناب تحمل سے سنیں۔ ہم جب وہاں سے سنتے ہیں تو یہاں سے بھی سنیں۔ چودہ کروڑ عوام کے سامنے اس نے یہ وعدہ کیا کہ بحیثیت President of Pakistan میں پابند ہوں، 31 دسمبر 2004 کو میں وردی اتار دوں گا۔ ابھی یہ جو وعدہ ہے، وہ اگر ملک کا President جھوٹ بولے تو پھر ہم دوسرے اداروں کا باور کریں گے۔ جناب چیئرمین! لہذا، میں اس کو یہاں ختم کروں گا، میں بلوچستان کے مسئلے پر آتا ہوں۔ یہ جو مسئلہ ہے کہ بلوچستان کے issue پر---

سینیٹر آغا پری گل: اس کا بلوچستان کے ساتھ کیا تعلق پچاس کروڑ، بیس کروڑ، President Musharraf یہ کیا بول رہا ہے۔ اگر یہ بلوچستان کا ہمدرد ہے، صرف بلوچستان کی بات کریں۔ یہ غلط بات ہے کہ وہاں پر کہ یہ غلط ہو رہا ہے۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: منسٹروں سے کہیں، منسٹر صاحب نے مجھے بولنے کا موقع دیا ہے، منسٹر کو کیوں منع نہیں کیا۔ اس مسئلے کو کیوں پیدا کیا۔

سینیٹر آغا پری گل: بھئی، منسٹروں کی بات نہیں ہے۔ میں ایک پاکستانی ہوں، ایک بلوچستانی ہوں۔

جناب چیئرمین: تشریف رکھیں، اب انہیں بلوچستان پر سنیں۔

سینیٹر آغا پری گل: مسئلے کو تو شروع سے خراب ہی آپ لوگوں نے کیا ہے، اب

کس لئے روتے ہو۔

ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: آپ بھی feel کریں ناں۔

سینیٹر آغا پری گل: ہاں شروع سے خراب ہے ناں۔ مگر یہ غلط ہے، بلوچستان کے ہمدرد بنتے ہیں، بات مشرف کی کرتے ہیں، خدا سے ڈرو۔ وہاں پر اتنے problems ہو رہے ہیں، آپ مشرف کے پیچھے پڑے ہوئے ہیں، وردی، وردی، وردی، زہر لگی۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: جناب چیئرمین! یہ بلوچستان کا بہت اہم مسئلہ ہے اور میں اپنی بہن سے ---

جناب چیئرمین: تشریف رکھیں۔ بلیدی صاحب اپنی تقریر کریں۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: یہ کوئی مذاق نہیں ہے، ان کو بٹھائیں

جناب چیئرمین: آپ اپنی تقریر کریں، آپ بلوچستان پر اپنی تقریر کریں۔ تشریف رکھیے ناں۔ آپ ان کی تقریر سنیں جب آپ کی باری آئے گی تب بول لیجیے گا، ابھی انہیں سنیں۔ کاکڑ صاحب! تشریف رکھیں، ان کی تقریر سن لیں۔ بلیدی صاحب! اپنی تقریر کریجیے۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: جناب چیئرمین! بلوچستان کے مسئلے پر جو بحث ہو رہی ہے۔ اس میں یہ ہے کہ میں نہیں سمجھتا ہوں کہ آج تک practically عملی طور پر یہ مرکز نے ثابت کیا ہے کہ بلوچستان is a part of Pakistan کاغذوں میں تو ہے کہ بلوچستان پاکستان کا حصہ ہے لیکن اگر آپ عملی طور پر دیکھ لیں۔ جناب چیئرمین! 56 سال سے بلوچستان کے ساتھ جو رویہ روا رکھا گیا ہے جس میدان میں بھی آپ study کریں تو آپ کوئی practically عملی طور پر اس کو آپ یہ باور نہیں کرا سکتے ہیں کہ بلوچستان بھی پاکستان کا کوئی حصہ ہے۔ جناب چیئرمین! اگر بلوچستان سے کوئی یہاں اسلام آباد میں آئے، کوئی minister کے پاس جائے، کوئی وفاقی سیکرٹری صاحب کے پاس جائے، کوئی joint secretary کے پاس جائے اگر اس کو یہ پتا چلے کہ بلوچستان سے آیا ہے، اس کو اس طرح وہ دیکھے گا کہ جیسے کوئی America سے آیا ہے۔ جناب چیئرمین! اس کا ثبوت میں ہر طرح سے دینے کے لئے تیار ہوں، ابھی وفاق میں چار اکائیاں ہیں، چار صوبے ہیں، ان کا یہ ایک وفاق لیکن جناب چیئرمین! اس وقت اسلام آباد میں

بلوچستان سے متعلق ایک وفاقی سیکرٹری نہیں ہے۔ ایک وفاقی سیکرٹری، میں challenge کرتا ہوں کہ بلوچستان سے تعلق رکھنے والا کوئی سیکرٹری ادھر اسلام آباد میں نہیں ملتا ہے۔

جناب چیئرمین! دوسری بات یہ ہے کہ یہاں services کے حوالے سے دیکھا جائے، باہر کے سفارت خانوں میں آپ جائیں، وہاں آپ کو بلوچستان کا کوئی چپڑاسی نہیں ملتا ہے۔ جناب! اگر آپ PIA میں دیکھیں، آپ کوئی بلوچستانی نظر نہیں آتا ہے۔ اگر آپ Steel Mills کو دیکھیں، وہاں بلوچستان کے لئے کوئی quota نہیں ہے، اگر آپ OGDC, PSO اور مختلف کارپوریشنوں میں دیکھیں، وہاں آپ کو بلوچستان کا کوئی ملازم نظر نہیں آتا ہے۔ اگر آپ تعلیم کو دیکھیں بلوچستان میں صرف دو یونیورسٹیاں ہیں۔ دوسرے صوبوں میں کتنی ہیں۔ تربت سے پندرہ سو کلو میٹر سفر کر کے کوئی ایم۔اے کی کلاس کے لیے کوئٹہ آتا ہے، لورالائی سے سٹوڈنٹس آ کر یہاں داخلہ لیتا ہے۔ کیا ہم یہ حق نہیں رکھتے ہیں۔ جو ہمارا جائز حق ہے وہ دیا جائے۔

جناب چیئرمین! گیس بلوچستان سے نکلتی ہے۔ پچھلی دفعہ سینیٹ کی کمیٹی آف پٹرولیم کے ممبرز ۹۷ء میں وہاں گئے تو وہاں پر آدھے کلو میٹر پر چند گھر تھے وہ کمیٹی کے ممبروں کے ساتھ آ کر ملے اور انہوں نے کہا کہ آپ کا یہ انصاف ہے کہ یہاں سے گیس پائپ لائن جا رہی ہے اور ۶ ۵ سال سے چند گھروں کو گیس نہیں دی جا رہی ہے۔بلوچستان کا capital کوئٹہ ہے۔ حنا اوڑک وہاں دو کلو میٹر کے فاصلے پر ہیں یا تین کلو میٹر کے فاصلے پر ہیں۔ ابھی تک وہاں گیس سپلائی نہیں ہوئی ہے۔جناب چیئرمین! کیا یہ ایک جائز مطالبہ نہیں ہے کہ جو source جس صوبے سے نکلتا ہے سب سے پہلے اس کی requirement کو پورا کروں کیا کسی نے ہمارا یہ مطالبہ سنا؟ جناب چیئرمین! آپ دوسرے صوبوں سے موزانہ کریں ہم گیس کی رائیلٹی کے لیے چیخ رہے ہیں چلا رہے ہیں کسی نے اس مطالبہ پر توجہ دی۔ جناب چیئرمین! NFC award ہے اس کو آبادی کے تناسب سے بنایا گیا ہے۔جبکہ پورے پاکستان کا ۴۳ فیصد رقبہ بلوچستان میں ہے۔جس علاقے میں سو گھر ہیں یا دو سو گھر ہیں اور سو کلو میٹر پر وہ گھر ہیں تو ان کا یہی جرم ہے کہ وہ سو کلومیٹر کے فاصلے پر رہتے ہیں۔ان کو جناب چیئرمین، کیا یہ حق حاصل نہیں ہے کہ ان کو بجلی فراہم کی جائے۔ان کو گیس فراہم کی جائے۔ان کو تعلیم فراہم کی جائے۔ان دو سو گھروں کا بجلی پر کوئی حق نہیں ہے وہ مر جائیں اس لیے مر جائیں کہ وہ کیوں آبادی کے قریب نہیں

رہتے۔ آپ بات کرتے ہیں جناب! ہم حق مانگتے ہیں۔ ہمیں کہتے ہیں کہ آپ غدار ہیں۔ آپ غداری کرتے ہیں۔ جناب اگر حق مانگنا غداری ہے یہ غداری ہم ہزار دفعہ کرتے رہیں گے۔ مذاق نہیں ہے اگرچہ ہمارا چھوٹا صوبہ نہیں ہے لیکن ہم پاکستان کا حصہ ہیں اور بلوچستان پاکستان کے لیے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے۔ آپ دھماکے کا تجربہ ہمارے صوبے میں کرتے ہو، گوادر کو بندرگاہ بنا کر پورے پاکستان اور انٹرنیشنل issues کے لیے مفاد حاصل کرنا چاہتے ہو۔ جب ہم حقوق کی بات کرتے ہیں تو آپ کہتے ہیں کہ آپ غداری کرتے ہیں اور آپ نے کبھی ہمارے مطالبات پر توجہ نہیں دی تو ہم کیا کریں۔ ہم روتے ہیں آپ ہمیں رونے بھی نہیں دیتے۔ آپ مارتے ہیں ہم روتے ہیں ہمیں رونے بھی نہیں دیتے ہیں۔ ہم کو رونے کا بھی حق نہیں ہے جناب! یہ کیا ہے کون سے ہاتھ اس ملک کو چلا رہے ہیں۔ آپ کہتے ہیں کہ table پر آ کر بات کریں۔ مشرف صاحب خود بلوچستان آئے تھے صوبائی کابینہ کی وہاں کوئٹہ میں meeting تھی۔ مشرف صاحب نے صوبائی کابینہ کے سامنے یہ اعتراف کر لیا کہ میں معذرت کرتا ہوں کہ ۵۶ سال سے بلوچستان کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے، یہ اس کے الفاظ on record ہیں۔ شجاعت صاحب یہ بیان دیتے ہیں کہ بلوچستان کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے۔ مشاہد صاحب یہ statement دیتے ہیں کہ بلوچستان کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے اور پھر بھی ہمارا مذاق اڑایا جا رہا ہے۔ زیادتی ہوئی ہے، زیادتی ہوئی ہے۔ ۵۶ سال سے ہم سنتے آ رہے ہیں آپ نے کبھی اس پر عمل کیا؟ کیوں کیا ہمارا یہ حق نہیں ہے، ہم کوئی غیر ملکی ہیں، ہم پاکستانی نہیں ہیں؟ ہم سمجھتے ہیں کہ اگر سب سے اچھے محب وطن پاکستانی ہیں تو وہ بلوچستان کے ہیں۔

جن علاقوں میں بجلی نہ ہو، جن علاقوں میں پانی نہ ہو، ہماری مائیں بہنیں پانچ کلومیٹر کے فاصلے سے کندھوں پر پانی لاتی ہیں۔ اس ترقیاتی دور میں ایسا ہوتا ہے۔ میں سینیٹر ہوں۔ میرے گاؤں میں ابھی ابھی بجلی دی گئی ہے۔ پچھلی دفعہ بھی میں سینیٹ کا رکن تھا۔ وہاں ہمارے علاقے میں کوئی communication نہیں ہے لیکن پھر بھی وہ لوگ کہتے ہیں پاکستان زندہ باد۔ میں کہتا ہوں وہ قابل تحسین ہیں کہ اتنے ظلم کے باوجود بھی وہ کہتے ہیں پاکستان زندہ باد اور یہاں دوسرے صوبے والے جو عیاشیاں کرتے ہیں، انہوں نے پاکستان کے لئے کیا قربانی دی ہے۔ بلوچستان میں یہ جو مسئلہ ہے FC والے اور جتنی ایجنسیاں ہیں، جتنی فوج ہے وہ ہم پر

مسلط کی گئی ہے - ہمارے علاقے میں ڈیزل ، پٹرول ، آٹے اور خورد ونوش کی اشیاء کی گاڑیوں کو وہ پکڑ لیتے ہیں ، ہماری عورتوں کی بے عزتی کرتے ہیں - ہیروئین، ڈرگ اور اسلحہ کھلے عام جا رہا ہے۔ لوڈ کے لوڈ ہمارے علاقے سے FC والے خود دیکھ رہے ہیں جنرل ، کرنل کا اس میں حصہ ہے۔ وہ دریا پسنی اور ماڑھا سے لوڈ ہو کر امریکہ جاتا ہے لیکن ان کو نہیں پکڑتے - صرف وہ آٹے کو پکڑتے ہیں پیسہ کمانے کے لئے اور جب ہم روتے ہیں تو رونے نہیں دیتے - ہم نے اس مسئلے پر آپ کے ساتھ کئی دفعہ meetings کی ہیں لیکن ان پر بھی کوئی عملدر آمد نہیں ہوا - ان کے سامنے ممبروں کی کوئی حیثیت نہیں ہے - میں حیران ہوں کہ سٹینڈنگ کمیٹی برائے پٹرولیم کی میٹنگ تھی ، میں اس کا ممبر ہوں ، ہم نے دلاور عباس صاحب سے کہا کہ اتنا بڑا واقعہ ہوا پوری کمیٹی کو وہاں سوئی کے مقام پر جانا چاہیے انہوں نے کہا کہ یہ نہیں ہوسکتا - میں نے کہا اگر وہاں نہیں جاتے تو پھر PPL کے MD اور عملے کو یہاں بلالیں - کل میٹنگ میں جب ان کو بلایا گیا اور MD سے میں نے پوچھا کہ آپ اس واقعہ کے بعد اس جگہ پر کتنی دفعہ گئے ہیں تو وہ کہتا ہے میں ابھی تک وہاں نہیں گیا ہوں -

جناب والا! ہم نے اس سے پوچھا کہ ان فوجیوں کے نام بتاؤ جو وہاں انچارج تھے۔ وہ اتنے دبے ہوئے تھے under pressure تھے وہ ایک دوسرے سے پوچھتے تھے کہ کیپٹن کا نام کیا ہے ، میجر کا نام کیا ہے - ہم نے واک آؤٹ کیا اور کہا کہ آپ اتنے بزدل ہیں کہ کیپٹن کا نام بھی نہیں بتا سکتے - پوری دنیا اس کا نام جانتی ہے کیپٹن عماد نام ہے اس کا -ہم نے کہا کہ ہم اس کمیٹی میں کیوں بیٹھیں ہم نے واک آؤٹ کیا - پھر دوبارہ ہمیں نصیر مینگل صاحب اور دلاور عباس صاحب منوانے کے لئے آئے اس یقین دہانی پر کہ جو ہماری سفارشات ہوں گی وہ ایوان میں پیش کی جائیں گی لیکن جو وعدہ ہم سے کیا گیا تھا وہ بھی پورا نہیں کیا گیا جیسے مشرف صاحب نے وعدہ پورا نہیں کیا-

جناب والا! یہ ایک لیڈی ڈاکٹر کا مسئلہ ہوا تھا - اگر PPL والے فوری طور پر پولیس کو اطلاع دیتے FIR درج کرالیتے تو لوگوں کا اشتعال cover ہو جاتا لیکن PPL والوں کو فوج نے under pressure کیا کہ خبردار اگر آپ نے اس کی مدد کی اور اس کو پولیس کے پاس لے گئے یا اس کمرے کا معائنہ کرایا تو ہم فوجی ہیں جانتے ہو۔ اس ملک میں ہزار پولیس والے ہوں لیکن

ایک بوٹ والا شہر میں نکلے تو پورا شہر ڈر جائے گا لیکن ہزار پولیس والوں سے نہیں ڈرے گا۔ میں حیران ہوں کہ ایک بین الاقوامی مسئلہ ہوا آج تک حکومت اس کیپٹن کی support کر رہی ہے اور اس کو گرفتار نہیں کر رہی ۔ ایک میجر کو under arrest نہیں کرسکتے ہیں ۔ کون سی قیامت ٹوٹ پڑے گی اگر صدر مشرف اس جرأت کا مظاہرہ کر لیتے، پوری دنیا کو بتا دیتے، TV پر اس مجرم کو پیش کر دیتے کہ یہ مجرم ہے، میں نے پیش کر دیا ہے۔ شاید ہم آزاد ہیں۔ کیا ہم اتنے army سے ڈرے ہوئے ہیں، ہم Army کے غلام ہیں۔ جناب! مجھے ایک شعر یاد آتا ہے:۔

ملے خشک روٹی جو آزاد رہ کر
تیرے خوف و ذلت کے حلووں سے بہتر

اگر اس ملک میں اتنا ہی خوف و ہراس ہے جناب! پھر ہماری membership کا، یہ Parliament کا کیا فائدہ ہے؟ جناب چیئرمین! میں نے پہلے بھی کہا تھا کہ ہم یہاں صرف TA DA کے لئے آئے ہیں، کوئی آزادی نہیں ہے، اس Parliament میں کوئی انصاف، کوئی merit نہیں ہے، اس کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔ ادھر جتنی بھی باتیں ہوتی ہیں time ضائع کرنے کے لئے ہوتی ہیں اور اخراجات ہوتے ہیں، خوامخواہ یہ ملک کا زیاں ہے، ملک کا نقصان ہے۔ اس ملک میں کسی بات پر کوئی عملدرآمد نہیں ہوتا ہے۔ آپ جتنی بھی rulings دیتے ہیں جناب چیئرمین! وہ ردی کی ٹوکری میں جاتی ہیں۔ مجھے آپ ثابت کریں کہ آپ کی ruling پر آج تک عمل ہوا۔ مجھے افسوس ہے کہ اس ملک میں کیوں Parliament کی بالادستی نہیں ہے؟ ہم کب تک یہاں democracy کو مضبوط کریں گے، یہ کب تک ہم کریں گے؟ مجھے افسوس ہے کہ کہتے ہیں کہ جی Parliament نے مشرف صاحب کو دو عہدے رکھنے کا اختیار دیا۔ مجھے ان ممبروں پر افسوس ہے، لوگوں نے vote دے کر یہاں بھیجا ہے اور اس کے کہنے پر کہ یہ bill pass کرو گے یا نہیں کرو گے، warning کے بعد ان بےچاروں نے مجبور ہو کر bill pass کر لیا۔ اگر آج بھی ان کو ضمیر کی بات کہنے کی اجازت ہو تو پھر آپ دیکھیں گے کہ یہ کیا بولیں گے، ڈر کے مارے بےچارے کیا کریں۔

جناب چیئرمین! میں سمجھتا ہوں کہ بلوچستان میں lady doctor کا جو واقعہ ہوا اور مجموعی طور پر یہ جو کمیٹی بنائی گئی، پروفیسر صاحب بھی تھے، وسیم سجاد صاحب بھی تھے اور

شجاعت صاحب بھی تھے، میں نے اس کمیٹی کے اجلاس کے دوران کہا، میں نے کہا جناب! یہاں جو کام نہیں کرنا ہوتا اس پر کمیٹی بنائی جاتی ہے۔ آپ بتائیں کہ یہ کمیٹی بااختیار ہے یا نہیں ہے لیکن مجھے آج بھی وہ بات یاد ہے، اس نے کہا کہ نہیں بلیدی صاحب! یہ کمیٹی بااختیار ہے۔ میں نے کہا کہ پھر تاریخ میں پہلی دفعہ یہ کمیٹی ہو گی جو بااختیار ہو گی، اس سے پہلے ہمیں اس طرح کی کوئی مثال نہیں ملتی۔ جو کام حکمرانوں کے کرنے کا نہیں ہوتا ہے، وہ کمیٹی کے سپرد کیا جاتا ہے۔ اگر اس دفعہ یہ کمیٹی با اختیار ہے تو اس کے معنی یہ ہیں کہ پھر پہلی دفعہ تاریخ میں کوئی ایسی کمیٹی ہو گی جو با اختیار ہو گی۔

گوادر کے issue کو لے لو، گوادر کے جتنے بھی انتظامات ہیں، مداخلتیں، معاملات ہیں سب مرکز کے حوالے ہیں۔ جناب! بات کی جاتی ہے کہ گوادر میں جن لوگوں کو training دی گئی، انہوں نے ریلی نکالی، احتجاج کیا ہے کہ ہمیں ملازمت دو۔ کہتے ہیں ملازمت نہیں ہے، بابر غوری صاحب نے کہا کہ کوئی ملازمت نہیں ہے، آپ wait کریں، انتظار کریں۔ وہ بڑی بڑی پوسٹوں پر کراچی سے لوگوں کو لے جا رہے ہیں، وہاں سے مقامی لوگوں کو نہیں لگایا جا رہا ہے۔ جناب چیئرمین! میں سمجھتا ہوں کہ یہ بلوچستان کا بہت اہم مسئلہ ہے، ہمارا حق دو، ہمارے حقوق دو، آ کر table پر بات کرو، merit پر بات کرو، آئین کے مطابق بات کرو، اگر ہم حق پر نہیں ہیں تو ہمیں پھانسی دو۔ اگر ہمارا حق دو گے تو امن ہو گا، ہمارا حق شرافت سے نہیں دو گے تو ہم زبردستی اپنا حق لیں گے۔ یہ کیا مذاق ہے؟ ہم چھ سال تک یہاں xxx* اور یہ کہتے رہے---

Mr. Chairman: These words should be expunged from record, please use the appropriate words.

**سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی:** جی۔ جناب چیئرمین! آپ لوگ یہ یقین دہانی کراتے رہے کہ ہم کر رہے ہیں، کرتے رہیں گے، آپ کو حقوق دیتے رہیں گے، دیں گے، دیں گے۔ یہ کب دیں گے؟ کوئی عمل تو کرو۔ جناب چیئرمین! میں سمجھتا ہوں کہ اگر آپ

---

*xxx Expunged by the orders of Mr. Chairman

ہمارے جو حقوق ہیں آج بھی دیں، سردار کوئی agitation نہیں کر سکتے، سرداروں کی کوئی سنتا بھی نہیں ہے لیکن جب لوگوں کو آپ ظلم کی چکی میں پیستے ہیں تو جو بھی ان کا issue اٹھاتے ہیں وہ ان کے ساتھ ہو جاتے ہیں۔ آپ نے خود ان سرداروں کو ایک حیثیت دی ہے۔ آپ لوگوں سے table پر بات کرو، لوگوں کو حق دو، لوگوں کو نوکریاں دو۔ ہماری ڈگریاں ایک طرف، جب merit پر test کراتے ہیں تو کہتے ہیں کہ آپ merit پر نہیں آتے ہیں۔ کیا بلوچستان کے لئے merit بالکل منع ہے، شجر ممنوعہ ہے، کوئی بلوچستانی merit پر نہیں آتا ہے۔ یہاں جو ہمارے لوگ جاتے ہیں، کہتے ہیں، آپ نالائق ہیں نکل جاؤ۔ آپ کو challenge کرتا ہوں کہ ہمارے بلوچستان میں ایسے students ہیں، ایسے ذہین لڑکے ہیں، آپ خود ان کا امتحان لیں۔ اگر انہوں نے پنجاب اور سرحد کو پار نہیں کیا تو میں resign دیتا ہوں۔ یہ مذاق بنایا ہوا ہے۔ دانستہ طور پر ہمیں نظر انداز کیا جا رہا ہے۔ ہمیں ذہنی طور پر ٹارچر کیا جا رہا ہے۔ بلوچستان والے اپنا حق مانگتے ہیں۔ ہم کسی دہشت گردی کی حمایت نہیں کرتے۔ ہم بھی کہتے ہیں کہ تعصبات کی حفاظت ہونی چاہیئے لیکن سب سے زیادہ مرکزی حکومت ہم پر ظلم کر رہی ہے۔ تو لہذا میری تجویز یہ ہے کہ بلوچستان کے جتنے issues ہیں---- ہم نے current issues پر جو recommendations تیار کی ہیں اور آئینی کمیٹی میں بھی جو ہماری سفارشات تیار ہیں ان کو آپ آخری شکل دے دیں۔ فراخدلی کا ثبوت دے کر یہ آپ کی اخلاقی جرات ہوگی کہ آپ کہیں کہ اس کو کرو۔ جناب چیئرمین! آپ اندازہ کریں ۱۹۷۲ء میں جو مردم شماری ہوئی تھی اس کے مطابق ہمارا کوٹہ 3.5 فیصد تھا۔ ۱۹۸۲ء میں جب دوبارہ مردم شماری ہوئی اس میں ہمارا کوٹہ 5.5 فیصد بنتا ہے۔ ۲۲ سال سے آپ نے ہمارا کوٹہ ہمیں پورا نہیں دیا ہے۔ ہمیں نظر انداز کیا گیا ہے۔ یار محمد رند کے بلانے پر جب کمیٹی کی میٹنگ ہوئی اور اس میں Secretary establishment بھی آیا تھا۔ ہم نے اس سے پوچھا آپ نے ۲۲ سال سے مطالبہ کیوں نہیں کیا ہے؟ آپ نے 5.5 پر عمل کیوں نہیں کیا ہے۔ تو اس نے بتایا کہ ہم تو P.M Secretariat کو summary بھیجتے رہے مگر کوئی جواب ہمیں نہیں آتا۔ آپ خود سوچیں کہ یہ کیا ہے؟

اخبار میں اگر چپڑاسی کے لئے بھی اشتہار آجائے تو بلوچستان سے آپ کو M.A اور B.A پاس امیدوار ملیں گے۔ ہمارے لوگ مجبور ہوکر امریکہ کے ایٹمی مرکز میں کام کر رہے ہیں۔

اس وجہ سے وہ کام کر رہے ہیں کہ ان کو یہاں نوکری نہیں ملتی ہے۔ وہاں پر یہ لوگ قابل ہوتے ہیں لیکن یہاں پر پاکستان میں ان کی کوئی عزت نہیں ہے۔

جناب چیئرمین! آپ یہ role ادا کریں، وسیم سجاد صاحب یہ role ادا کریں۔ ہمارا حق ہمیں دیں۔ ہمارے حقوق ہمیں دے دیں پھر آپ دیکھیں کہ بلوچستان میں امن ہوگا یا نہیں ہوگا۔ آپ صوبائی خودمختاری ہمیں دیں۔ مرکز کے پاس چار اداروں کے علاوہ کوئی ادارہ نہ رہے اور باقی تمام صوبوں کے حوالے کریں۔ جناب چیئرمین! میں ختم کرنا چاہتا ہوں۔ مجھے معلوم ہے کہ آپ مجھے بڑی سنجیدگی سے دیکھ رہے ہیں لیکن یہ جو مسئلہ سوئی میں ہوا ہے۔ اس پر اگر وہ فوری ایکشن لیتے۔ ۷ تاریخ کو reaction ہوا۔ منسٹر صاحب کہتے ہیں کہ جو راکٹ انہوں نے fire کئے ہیں وہ مجرم ہیں۔ آپ اگر کوئی چیز کسی کے آنکھ میں ماریں گے تو ظاہر ہے کہ جب اس کی آنکھ میں لگے گا تو درد کی وجہ سے وہ بھی کوئی چیز آپ کو مارے گا۔ دیکھیں آئینی اور شرعی طور پر مجرم آپ خود ہیں کہ آپ نے ان کی آنکھوں میں مٹی ڈالی ہے جس کی وجہ سے ان کو تکلیف ہوئی ہے۔ آپ خود کسی کے حق پر قبضہ نہ کریں۔ یہ بات ٹھیک ہے کہ وہ لیڈی ڈاکٹر سندھی تھی۔ وہاں rape کا کیس ہوا۔ بڑا issue بنا۔ آج تک یہ ایک کیپٹن یا میجر تک کو گرفتار نہیں کر سکے جبکہ انہوں نے کہا تھا کہ ہم نے گرفتار کیا ہے۔ ہم نے پوچھا کہ اگر گرفتار ہے تو ہمیں بتایا جائے کہ کہاں ہے؟ کیونکہ وہ چاہتے ہیں کہ فوجی کا نام نہ لو اور فوجی کو ہتھکڑی نہ لگے۔ سویلین ہزاروں کی تعداد میں تباہ کیوں نہ ہو جائیں مگر کچھ بھی نہیں ہوتا۔ کیا فوجی انسان نہیں ہے؟ اور وہ غلطی نہیں کر سکتا ہے؟

جناب چیئرمین! انصاف کا تقاضا یہ ہے کہ جو غلطی ہوئی ہے اس کا اعتراف کرنا چاہیے۔ ہم نے PPL والوں کو کہا کہ سب سے بڑے مجرم PPL کے MD اور دوسرے لوگ ہیں کہ انہوں نے پریشر میں آکر فوری طور پر اس مسئلے کا notice نہیں لیا۔ اس کے ردعمل میں یہ ہوا۔ تو اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ اس کا حل یہ ہے کہ اس میں دیر نہ کی جائے۔ جتنا جلدی ہو سکے کچھ کریں۔ اگر آئینی ترمیم کی ضرورت ہے تو وہ فوری طور پر دونوں ایوانوں میں لائی جائے۔ Current issues پر مشاہد حسین صاحب نے جو ڈرافٹ تیار کیا ہے اس کو بھی فوری طور پر وزیر اعظم اور صدر کو پیش کیا جائے اور فوری طور پر ہمارے جو حقوق ہیں، جو جائز حق ہیں، ہم کوئی

ناجائز حق نہیں مانگتے ہیں، جو ہمارے resources ہیں، جو چیزیں وہاں سے نکلتی ہیں، ان پر جو ہمارا حق بنتا ہے وہ ہمیں دیں۔ اگر ہم نے دوسروں صوبوں سے ایک ذرہ بھی مانگا ہو تو آپ ہمیں بتائیں۔ میں آپ کا بہت مشکور ہوں کہ آپ نے بہت صبرو تحمل سے مجھے سنا۔ آخر میں، میں کہوں گا کہ رضا ربانی صاحب نے سب کا شکریہ ادا کیا لیکن انہوں نے دو شخصیات کا شکریہ ادا نہیں کیا، مجھے اس پر تھوڑا افسوس ہوا، مولانا سمیع الحق صاحب اور ساجد میر صاحب کی وجہ سے وہ اپوزیشن لیڈر بنے، انہیں ان دونوں کا شکریہ ادا کرنا چاہیے تھا۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: جناب مہیم خان بلوچ۔

سینیٹر الیاس احمد بلور: جناب میں ایک بات عرض کرنا چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین: جی فرمائیے۔

سینیٹر الیاس احمد بلور: With due respect sir آج ملتان میں ایک بہت بڑا حادثہ ہوا ہے کہ خواجہ مسعود صاحب جو کہ وہاں کے ایک بہت بڑے industrialist ہیں وہ صبح کی نماز کے بعد نکلے تو انہیں اغوا کر لیا گیا۔ میں یہ ہاؤس کے ریکارڈ پر لانا چاہتا ہوں اور بدقسمتی کی بات یہ ہے کہ اس ہاؤس میں اتنی اہم بحث ہو رہی ہے جو کہ Leader of the Opposition اور Leader of the House نے کی ہے اور یہاں نہ Interior Minister ہیں اور نہ ان کا Minister of State موجود ہے۔ چاہیے یہ تھا کہ کم از کم Minister of State تو موجود ہوتا۔ میں یہ message اسی لئے دینا چاہتا تھا کہ آج اتنا بڑا incident ہوا ہے خواجہ مسعود صاحب ملتان کے بہت بڑے industrialist ہیں۔

جناب چیئرمین: میں انہیں جانتا ہوں۔

سینیٹر الیاس احمد بلور: ان کی self finance پر آٹھ industries ہیں اور میرا خیال ہے کم ازکم 25 ہزار ملازمین ہیں۔ ان کا اغوا ہونا، یہ law and order کی situation ہے۔ جناب میں اسے ریکارڈ پر لانا چاہتا تھا۔

جناب چیئرمین: Ministry of Interior کے افسران موجود ہیں، they will convey. جناب مہیم خان بلوچ۔

سینیٹر مہیم خان بلوچ: میں آپ کی خدمت میں عرض کروں کہ ہمارے ایوان میں شروع میں 75 کے قریب حاضری تھی اور اب اس وقت تقریباً 26 ' 27 حاضری ہے۔ میرے خیال میں دوست تھک چکے ہیں اور وقت بھی کافی ہو چکا ہے اگر اسے کل تک کے لئے ملتوی کر دیا جائے تو پھر انشاء اللہ میں کل آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر گزارشات پیش کروں گا۔

سینیٹر میاں رضا ربانی: جناب کل کر لیں۔

## LEAVE OF ABSENCE

جناب چیئرمین: کچھ administrative چیزیں ہیں' ایک دو leave applications ہیں I read it out. حافظ عبد المالک قادری نے ملک سے باہر ہونے کی بناء پر حالیہ مکمل اجلاس کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا یہ ایوان ان کی رخصت منظور کرتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: جناب سعید احمد ہاشمی صاحب نے ذاتی مصروفیات کی بناء پر مورخہ 2 تا 4 فروری کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا یہ ایوان ان کی رخصت منظور کرتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: جناب حامد یار ہراج نے اطلاع دی ہے کہ وہ کراچی میں مصروفیات کے باعث مورخہ 2 تا 5 فروری اجلاس میں شرکت نہیں کر سکیں گے۔

جسٹس ریٹائرڈ عبدالرزاق تھہیم نے اطلاع دی ہے کہ اسلام آباد سے باہر ہونے کی وجہ سے وہ آج مورخہ 2 فروری کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکیں گے۔

میاں شمیم حیدر نے اطلاع دی ہے کہ وہ ناسازی طبیعت کی بناء پر مورخہ 2 تا 4 فروری اجلاس میں شرکت نہیں کر سکیں گے۔

ڈاکٹر عبدالحفیظ شیخ نے اطلاع دی ہے کہ وہ سرکاری دورے پر کراچی میں ہیں اس لئے مورخہ 2 اور 3 فروری کو اجلاس میں شرکت میں نہیں کر سکیں گے۔

جناب عمر ایوب خان نے اطلاع دی ہے کہ وہ سرکاری دورے پر کراچی میں ہیں اس

لئے آج مورخہ 2 فروری کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکیں گے۔

چوہدری ظفر اقبال وڑائچ نے اطلاع دی ہے کہ وہ ناسازی طبیعت کی بناء پر حالیہ مکمل اجلاس میں شرکت نہیں کر سکیں گے۔

Then we will adjourn to meet again tomorrow. What time would you like to meet?

سینیٹر میاں رضا ربانی: جناب چار بجے کا کہیں گے تو we will start at 4.30 کیوں وسیم صاحب چار بجے رکھ لیں۔

سینیٹر وسیم سجاد: جناب ساڑھے چار بجے رکھ لیں۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے ساڑھے چار بجے رکھ لیں and we will start at 4.30 sharp انشاء اللہ - کیا کل question hour ہوگا تاکہ پھر کل printing نہ کرائیں it is scheduled sitting.....

جناب وسیم سجاد: میرا خیال ہے اسے suspend کر دیں۔

سینیٹر میاں رضا ربانی: جناب اسے suspend کر دیں

Mr. Chairman: That is the consensus of the House. The question hour tomorrow is to be suspended and we will continue discussion on the Balochistan Situation and the speakers have an order that will continue.

جی بنگزئی صاحب۔

سینیٹر لیاقت علی بنگزئی: یہ جو سوالات ہیں وہ اگلے ہفتے رکھے جائیں۔

جناب چیئرمین: میری یہ عرض ہے کہ جو آج کے سوالات تھے it should be taken as read وہ print ہو چکے تھے۔

سینیٹر میاں رضا ربانی: جناب next rota day پر رکھ لیں۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے O.K. fine. پھر یہ next rota day پر چلے گئے۔ So

انشاء اللہ- we will adjourn to meet again tomorrow at 4.30 p.m.

سبحان ربک رب العزت عما یصفون وسلام علی المرسلین والحمد للہ رب العالمین-

-----------------------

*[The House was then adjourned to meet again at 4.30 of the clock in the evening on Thursday, the 3rd of February, 2005.]*

-----------------------